کریم ﷺ مرالظہر ان کے مقام پر اُترے۔ حضرت عباس نے عرض کی: ہائے قریشیوں کی (بُری) صبح! قسم بخدا! اگر رسول کریم ﷺ جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہو گئے اس سے پہلے کہ مکہ والے آپ سے امان طلب کریں' تو قریشیوں کی ہلاکت ہے سارا زمانہ (پھر وہ سنبھل نہ سکیں گے)۔ کہتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کے سفید خچر پر بیٹھ کر نکلا یہاں تک کہ (مکہ کی) جھاڑیوں میں آیا۔ پس میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: میں کسی لکڑیاں اُٹھانے والے دودھ والے یا کسی کام والے سے ملوں گا جو مکہ جا کر رسول کریم ﷺ کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تا کہ رسول کریم ﷺ کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تا کہ وہ آ کر امان مانگ لیں' اس سے پہلے کہ رسول کریم ﷺ جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہوں۔ اُنہوں نے جواب دیا: قسم بخدا! میں اس پر چلتا رہوں گا اور وہی چیز تلاش کروں گا جس کے لیے میں نکلا ہوں' جب میں نے ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء کا کلام سنا جبکہ وہ لوٹ رہے تھے اور ابوسفیان کہہ رہے تھے: آج کی طرح میں نے کبھی اتنی زیادہ آگ نہیں دیکھی اور کبھی کوئی لشکر (دیکھا ہے)۔ فرماتے ہیں: بدیل بن ورقاء کی زبان پر یہ بات تھی: قسم بخدا! اتنی یہ آگیں یہ تو بنوخزاعہ کی آگیں ہیں جنہوں نے جنگ کو بھڑکایا ہے۔ کہتے ہیں: ابوسفیان کہہ رہا تھا: قسم بخدا! خزاعہ تھوڑے اور کم ہیں اس سے کہ یہ ان کی آگ اور ان کا لشکر ہو۔ فرماتے ہیں: میں اس کی آواز پہچان گیا' پس میں نے کہا: اے ابوحنظلہ! پس وہ میری

هَذِهِ الْبَغْلَةَ حَتَّى آتِيَ بِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَأْمِنَهُ لَكَ، قَالَ: فَرَكِبَ خَلْفِي وَرَجَعَ صَاحِبَاهُ، فَحَرَّكْتُ بِهِ كُلَّمَا مَرَرْتُ بِنَارٍ مِنْ نِيرَانِ الْمُسْلِمِينَ قَالُوا: مَنْ هَذَا؟ فَإِذَا رَأَوْا بَغْلَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالُوا: عَمُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ عَلَى بَغْلَتِهِ حَتَّى مَرَرْتُ بِنَارِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ وَقَامَ إِلَيَّ، فَلَمَّا رَأَى أَبَا سُفْيَانَ عَلَى عَجُزِ الْبَغْلَةِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ عَدُوُّ اللَّهِ، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَمْكَنَ مِنْكَ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، ثُمَّ خَرَجَ يَشْتَدُّ نَحْوَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، وَرَكَضَتِ الْبَغْلَةُ، فَسَبَقَتْهُ بِمَا تَسْبِقُ الدَّابَّةُ الْبَطِيءُ الرَّجُلَ الْبَطِيءَ، فَاقْتَحَمْتُ عَنِ الْبَغْلَةِ، فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ وَدَخَلَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ قَدْ أَمْكَنَ اللَّهُ مِنْهُ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، فَدَعْنِي فَلْأَضْرِبْ عُنُقَهُ .قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَجَرْتُهُ، ثُمَّ جَلَسْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فَأَخَذْتُ بِرَأْسِهِ فَقُلْتُ: لَا وَاللَّهِ لَا يُنَاجِيهِ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ دُونِي، فَلَمَّا أَكْثَرَ عُمَرُ فِي شَأْنِهِ قُلْتُ: مَهْلًا يَا عُمَرُ، أَمَا وَاللَّهِ لَوْ كَانَ مِنْ رِجَالِ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ مَا قُلْتُ هَذَا، وَلَكِنَّكَ عَرَفْتَ أَنَّهُ رَجُلٌ

آواز پہچان گیا۔ پس ابوالفضل (عباس) کہتے ہیں: میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تجھے کیا ہے! میرے ماں باپ تیرے اوپر قربان ہوں! پس میں نے کہا: تیرے لیے ہلاکت! اے ابوسفیان! لوگوں میں یہ اللہ کے رسول ہیں' ہائے قریشیوں کی صبح! قسم بخدا! اس نے کہا: کوئی حیلہ بتاؤ؟ میرے ماں باپ تجھ پر قربان! فرماتے ہیں: میں نے کہا: اگر وہ تیرے اوپر غالب آ گئے تو تیری گردن بھی مار دیں گے۔ میرے ساتھ اس خچر پر سوار ہو جا حتیٰ کہ میں تجھے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے جاؤں اور آپ ﷺ سے تیرے لیے امان طلب کروں۔ فرماتے ہیں: وہ میرے پیچھے سوار ہوا اور اس کے دونوں ساتھی واپس چلے گئے' پس میں نے اسے ایڑ لگائی' جب بھی میں مسلمانوں میں سے کسی کی آگ کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتے: یہ کون ہے؟ پس جب اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کے دراز گوش کو دیکھا تو کہا: آپ ﷺ کے دراز گوش پر رسول کریم ﷺ کے چچا ہیں یہاں تک کہ میں حضرت عمر بن خطاب کی آگ کے پاس سے گزرا تو اُنہوں نے کہا: یہ کون ہے؟ اور اُٹھ کر میری طرف آئے' پس جب اُنہوں نے ابوسفیان کو خچر کی پیٹھ پر دیکھا تو کہا: ابوسفیان اللہ کا دشمن ہے' اللہ کا شکر ہے جس نے بغیر عقد و مجاہدہ کے تجھ سے یہ چیز ممکن بنائی ہے۔ پھر وہ سختی کرتے ہوئے نکلے اور سیدھے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' سواری تیز چلی اور ان سے آگے نکل گئی جس طرح سست سواری بھی سست آدمی سے آگے نکل جاتی ہے' میں سواری سے اُتر کر رسول

مِنْ رِجَالِ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ قَالَ: مَهْلًا يَا عَبَّاسُ، فَوَاللّٰهِ لَإِسْلَامُكَ يَوْمَ أَسْلَمْتَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ لَوْ أَسْلَمَ، وَمَا بِي إِلَّا أَنِّي قَدْ عَرَفْتُ أَنَّ إِسْلَامَكَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى رَحْلِكَ يَا عَبَّاسُ، فَإِذَا أَصْبَحَ فَائْتِنِي بِهِ . فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَى رَحْلِي فَبَاتَ عِنْدِي، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَوْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ ظَنَنْتُ أَنْ لَوْ كَانَ مَعَ اللّٰهِ غَيْرُهُ لَقَدْ أَغْنَى عَنِّي شَيْئًا قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَحْلَمَكَ وَأَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ هَذِهِ، وَاللّٰهِ كَانَ فِي نَفْسِي مِنْهَا شَيْءٌ حَتَّى الْآنَ. قَالَ الْعَبَّاسُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ أَسْلِمْ، وَاشْهَدْ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ تُضْرَبَ عُنُقُكَ، قَالَ: فَشَهِدَ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ وَأَسْلَمَ. قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ هَذَا الْفَخْرَ، فَاجْعَلْ لَهُ شَيْئًا قَالَ: نَعَمْ مَنْ دَخَلَ

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

کریم ﷺ کی خدمت میں آیا اور ادھر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے۔ کہا: اے اللہ کے رسول! یہ ابوسفیان ہے۔ اللہ نے بغیر عقد ومجاہدہ کے قدرت دی ہے‘ پس آپ مجھے اجازت دیں تو اس کی گردن اُتار دوں۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اے اللہ کے رسول! میں نے اسے اجر دیا ہے۔ پھر میں رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھ گیا۔ میں نے اس کا سر پکڑ کر کہا: نہیں! قسم بخدا! آج رات میرے سوا کوئی آدمی آپ ﷺ سے سرگوشی نہیں کر سکے گا۔ پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے معاملہ میں بڑھے تو میں نے کہا: اے عمر! ذرا ٹھہرو! قسم بخدا! اگر اس کا تعلق بنوعدی سے ہوتا تو میں یہ بات نہ کہتا لیکن تجھے معلوم ہے کہ بنوعبد مناف کا آدمی ہے۔ اُنہوں نے کہا: ٹھہرو! اے عباس! قسم بخدا! جس دن آپ اسلام لائے‘ آپ کا اسلام لانا رسول کریم ﷺ کو خطاب کے اسلام لانے سے زیادہ پسند تھا‘ اگر وہ اسلام لاتے‘ مجھے کوئی اور بات نہیں ہے مگر میں جانتا ہوں کہ آپ کا اسلام لانا خطاب کے اسلام لانے سے رسول کریم ﷺ کو زیادہ پسند تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسے اپنی رہائش پر لے جاؤ جب حکم ہو تو اسے لے کر آنا‘ پس میں اس کو اپنی رہائش پر لے گیا۔ پس اس نے میرے پاس رات گزاری۔ پس جب صبح ہوئی تو میں اس کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا‘ پس جب رسول کریم ﷺ نے اسے دیکھا تو فرمایا: افسوس! اے ابوسفیان! کیا ابھی وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تُو جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں‘

دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ .فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْصَرِفَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبَّاسُ، احْبِسْهُ بِمَضِيقِ الْوَادِي عِنْدَ خَطْمِ الْجَبَلِ، حَتَّى تَمُرَّ بِهِ جُنُودُ اللّٰهِ فَيَرَاهَا .قَالَ: فَخَرَجْتُ بِهِ حَتَّى حَبَسْتُهُ حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَحْبِسَهُ قَالَ: وَمَرَّتْ بِهِ الْقَبَائِلُ عَلَى رَايَاتِهَا كُلَّمَا مَرَّتْ قَبِيلَةٌ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: سُلَيْمٌ .فَيَقُولُ: مَالِي وَلِسُلَيْمٍ؟ قَالَ: ثُمَّ تَمُرُّ الْقَبِيلَةُ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: مُزَيْنَةُ. فَيَقُولُ: مَا لِي وَلِمُزَيْنَةَ؟ حَتَّى تَعَدَّتِ الْقَبَائِلُ لَا تَمُرُّ قَبِيلَةٌ إِلَّا قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: بَنُو فُلَانٍ .فَيَقُولُ: مَالِي وَلِبَنِي فُلَانٍ .حَتَّى مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَضْرَاءِ كَتِيبَةٌ فِيهَا الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ لَا يَرَى مِنْهُمْ إِلَّا الْحَدَقَ، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قُلْتُ: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ. قَالَ: مَا لِأَحَدٍ بِهَؤُلَاءِ قِبَلٌ وَلَا طَاقَةٌ، وَاللّٰهِ يَا أَبَا الْفَضْلِ، لَقَدْ أَصْبَحَ مُلْكُ ابْنِ أَخِيكَ الْغَدَاةَ عَظِيمًا .قُلْتُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا النُّبُوَّةُ .قَالَ: فَنَعَمْ إِذَنْ، قُلْتُ: النَّجَاءُ إِلَى قَوْمِكَ .قَالَ: فَخَرَجَ حَتَّى إِذَا جَاءَهُمْ صَرَخَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَا

اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے عزت والے ہیں اور کتنے صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔ قسم بخدا! میرا یقین ہے کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا ہوتا تو وہ مجھے ضرور کوئی فائدہ پہنچاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! کیا وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ میں اللہ کا سچا رسول ہوں' اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے بردبار ہیں' کتنے معزز اور کتنے بڑے صلہ رحمی کرنے والے ہیں' قسم بخدا! میرے دل میں ایک بات تھی جو اب تک ہے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! اسلام قبول کر اور گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' اس سے پہلے کہ تیری گردن مار دی جائے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس نے حق کی شہادت دی اور اسلام لایا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک ابوسفیان ایسا آدمی ہے جو اس فخر کو پسند کرتا ہے' پس آپ اس کے لیے کوئی چیز مخصوص فرما دیں۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو گیا اسے امان ہے' جس نے اپنا دروازہ بند کر لیا اسے امان ہے اور جو مسجد حرام میں داخل ہو گیا اسے امان ہے۔ پس جب واپس جانے کیلئے وہ چلا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عباس! پہاڑ کے پاس تنگ وادی میں جا کر اسے روک لینا یہاں تک کہ وہاں سے اللہ کے لشکر گزریں اور یہ ان کو دیکھے۔ فرماتے ہیں: پس میں ان کے ساتھ نکلا حتیٰ کہ میں نے اسے اس مقام پر

مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، هَذَا مُحَمَّدٌ قَدْ جَاءَكُمْ بِمَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، فَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، فَقَامَتْ إِلَيْهِ امْرَأَتُهُ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِشَارِبِهِ، فَقَالَتْ: اقْتُلُوا الدَّسَمَ الْأَحْمَسَ، فَبِئْسَ مِنْ طَلِيعَةِ قَوْمٍ . قَالَ: وَيْحَكُمْ، لَا تَغُرَّنَّكُمْ هَذِهِ مِنْ أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّهُ قَدْ جَاءَ مَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ، فَهُوَ آمِنٌ قَالُوا: وَيْلَكَ وَمَا تُغْنِي عَنَّا دَارُكَ . قَالَ: وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ إِلَى دُورِهِمْ وَإِلَى الْمَسْجِدِ

روک لیا جس جگہ روکنے کا حکم رسول کریم ﷺ نے دیا تھا۔ فرماتے ہیں: مختلف قبیلے اپنے اپنے جھنڈے لے کر اس کے پاس سے گزرے' پس جب بھی کوئی قبیلہ اس کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا: بنوسلیم۔ پس وہ کہتا: میں بنوسلیم کو کیوں نہیں پہچانتا؟ فرماتے ہیں: پھر قبیلہ گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں: میں کہتا: مزینہ! وہ کہتا: مجھے مزینہ سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ متعدد قبیلے گزرے' کوئی قبیلہ بھی نہیں گزرا مگر اس نے کہا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا رہا: بنوفلاں اور وہ کہتا رہا: مجھے بنوفلاں سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ رسول کریم ﷺ گزرے سبزی میں یعنی سبز جھنڈا۔ ایک لشکر تھا جس میں مہاجرین اور انصار تھے' اس نے کہا: سبحان اللہ! اے عباس! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: یہ رسول کریم ﷺ ہیں' ساتھ مہاجرین وانصار ہیں۔ اس نے کہا: ان کا سامنا کرنے کی کسی میں طاقت نہیں' قسم ہے اے ابوالفضل! کل صبح ہر شی تیرے بھائی کے بیٹے کی ملکیت ہو گی۔ میں نے کہا: اے ابوسفیان! یہ نبوت ہے۔ اس نے کہا: پھر تو ٹھیک ہے۔ میں نے کہا: نجات تیری قوم کی طرف ہے۔ فرماتے ہیں: پس وہ نکلا حتیٰ کہ جب وہ ان کے پاس آیا تو بلند آواز سے پکارا: اے گروہِ قریش! یہ محمد ہیں تمہارے پاس وہ چیز لائے ہیں جو پہلے کوئی نہیں لایا۔ پس جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اسے امان ہے۔ اس کی بیوی ہند بنت عتبہ اُٹھی' اس نے اس کی مونچھوں سے پکڑ لیا اور کہا: قتل کر دو اس بوڑھے کو! پس کتنا بُرا قوم کا فرد ہے۔ اس نے کہا: تم پر افسوس! یہ عورت تم کو دھوکہ نہ دے تمہاری

صخر بن حرب بن امیة بن عبد شمس

جانوں سے کیونکہ آپ ﷺ وہ چیز لائے ہیں جو پہلے تمہارے پاس کوئی نہیں لایا۔ جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو اسے امان ہے۔ اُنہوں نے کہا: تُو برباد ہو! تیرا گھر ہمیں کیا فائدہ دے گا۔ اس نے کہا: جو دروازہ بند کر لے' جو مسجد میں داخل ہو' اسے امان ہے' پس لوگ اپنے گھروں اور مسجد کی طرف لوٹ گئے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے محمد بن اسحاق کی حدیث کی مثل حدیث روایت ہے۔

7116 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: وَفَدْنَا إِلَى مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفِينَا أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَانَ هَذَا يَصْنَعُ يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، وَيَصْنَعُ هَذَا يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، قُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، الْيَوْمُ يَوْمِي فَجَاءَ قَبْلَ أَنْ يَحْضُرَ الطَّعَامُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُدْرِكَ طَعَامُنَا، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن ابورباح فرماتے ہیں کہ ہم حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے' یہ دن کھانا بنانے کا تھا' اس کی دعوت کی جاتی تھی' اس دن کھانا بنایا جاتا تھا اور اس کی دعوت کی جاتی تھی۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! آج کا دن اشارہ کرنے کا ہے' کھانا آنے سے پہلے آیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! ہمیں ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے' کھانا آنے تک۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! میرے پاس انصار کو بلاؤ! میں نے

7116- رواه أحمد جلد 2 صفحه 538-539' ومسلم رقم الحديث: 1780' وابن أبي شيبة في المصنف جلد 14 صفحه 471-472.

وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، ادْعُ لِيَ الْأَنْصَارَ .فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوا يُهَرْوِلُونَ، فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ أَوْبَاشَ النَّاسِ؟ قَالُوا: نَعَمْ .قَالَ: فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ غَدًا، فَاحْصُدُوهُمْ حَصْدًا، ثُمَّ مَوْعِدُكُمُ الصَّفَا .قَالَ: وَاسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ، وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاسْتَعْمَلَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ عَلَى النَّادِفَةِ فِي بَطْنِ الْوَادِي، فَلَمَّا جَاءَ الْقَوْمُ لَقِينَاهُمْ فَمَا تَقَدَّمَ أَحَدٌ إِلَّا أَنَامُوهُ وَفُتِحَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ فَصَعِدَ الصَّفَا، وَجَاءَتِ الْأَنْصَارُ فَأَطَافُوا بِالصَّفَا، وَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَقَالَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ

ان کو بلایا تو انصار دوڑتے ہوئے آئے' آپ نے فرمایا: کیا تم لوگوں کو ہوشیار دیکھتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جب کل تم نے ان سے ملنا ہے' ان کو مارنا ہے' پھر تمہارے لیے وعدہ کی جگہ' صفا ہے۔ راوی کا بیان ہے: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دو گروہوں میں سے ایک پر مقرر کیا اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو دوسرے پر' حضرت ابوعبیدہ بن جراح کو بطن وادی پر۔ جب لوگ آئے تو ان سے ملے' انصار آئے تو اُنہوں نے صفا کا چکر لگایا۔ حضرت سفیان نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! پس آپ نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کر لے وہ امن والا ہے' جو ہتھیار ڈال دے اسے امن ہے اور جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' وہ امن میں ہے۔

7117 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا شَبَابَةُ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُبِيحَتْ قُرَيْشٌ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے تو ابوسفیان آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! قریش کو جائز قرار دیا ہے' قریش آج کے بعد نہیں ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کرے اُس کے لیے امن ہے' جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اُس کے لیے امن ہے' اس کے بعد حماد بن سلمہ والی حدیث ذکر کی۔

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ

7118 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ قَرِيبٌ مِنْكُمْ، فَاحْذَرُوهُ . فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: أَسْلِمْ يَا أَبَا سُفْيَانَ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَوْمِي قَوْمِي قَالَ: فَإِنَّ قَوْمَكَ مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ . قَالَ: اجْعَلْ لِي شَيْئًا . قَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَكَ فَهُوَ آمِنٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم مقامِ سرف میں تھے تو حضور ﷺ نے فرمایا: ابوسفیان تمہارے قریب ہے اس سے بچو! حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوسفیان! ایمان لے آؤ! حضرت ابوسفیان نے عرض کی: یارسول اللہ! میری قوم! میری قوم! آپ نے فرمایا: اگر تیری قوم دروازہ بند کرے تو اس کے لیے بھی امان ہے۔ حضرت ابوسفیان نے عرض کی: میرے لیے بھی کوئی شی مقرر کریں آپ نے فرمایا: جو تمہارے گھر میں داخل ہو اُس کے لیے بھی امان ہے۔

مَا أَسْنَدَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ حَرْبٍ

حضرت ابوسفیان صخر بن حرب کی روایت کردہ احادیث

7119 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوسفیان بن حرب نے بتایا منہ سے کانوں تک سنا' حضرت ابوسفیان نے کہا: میں اس مدت میں چلا جو ہمارے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان طے تھی' ہم ملک شام میں

7119- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9724' وأحمد رقم الحديث: 2372,2371,2370' والبخاري رقم الحديث: 7541,7196,6260,5980,3553,3174,2978,2941,2804,2681,51,7' ومسلم رقم الحديث: 1773' وأبو داؤد رقم الحديث: 5114,3005' والترمذي رقم الحديث: 2860 .

حَرْبٍ، مِنْ فِيهِ إِلَى أُذُنِي قَالَ: انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِيءَ بِكِتَابٍ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ، قَالَ: وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَاءَ بِهِ، فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلَى هِرَقْلَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هَهُنَا رَجُلٌ مِنْ قَوْمِ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: فَدُعِيتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: قُلْتُ: أَنَا. فَأَجْلَسُونِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِي خَلْفِي، ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ عَنْ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْلَا أَنْ يُؤْثَرَ عَلَيَّ الْكَذِبُ لَكَذَبْتُ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ سَلْهُ: كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قَالَ: هُوَ فِينَا ذُو حَسَبٍ. قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا. قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لَا. قَالَ: مَنْ يَتْبَعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ، أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ. فَقَالَ: أَيَزِيدُونَ، أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَقُلْتُ: لَا، بَلْ يَزِيدُونَ. قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ

تھے رسول اللہ ﷺ کا خط ہرقل کی طرف آیا' حضرت دحیہ کلبی لے کر آئے تھے' وہ خط سردار کو دیا گیا تو اس نے ہرقل کو دیا' ہرقل نے کہا: یہاں اس آدمی کی قوم کا کوئی آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! مجھے قریش کے ایک کو بلا کر پیش کیا جائے' ہم ہرقل کے پاس آئے' اُس نے ہمیں آگے بٹھایا' اس نے کہا: تم میں رشتے کے لحاظ سے اس آدمی کے زیادہ قریب کون ہے جس کا کہنا ہے کہ وہ نبی ہے؟ حضرت ابوسفیان نے کہا: میں ہوں! اس نے مجھے اپنے آگے بٹھایا اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے' پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلایا' اس نے کہا: اس کو کہو کہ میں تم سے اس آدمی کے متعلق پوچھتا ہوں جو نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے' اگر وہ مجھ پر جھوٹ بولے تو تم اس کی بات جھٹلا دو۔ ابوسفیان نے کہا: قسم بخدا! اگر جھوٹ کو مجھ پر ترجیح نہ دی جاتی تو میں ضرور جھوٹ بولتا' پھر اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے سوال کرو۔ تم میں اس آدمی کا حسب کیا ہے؟ ابوسفیان نے کہا: وہ ہم میں اچھے حسب والا ہے۔ اس نے کہا: کیا اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہے۔ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: کیا اس کے کچھ کہنے سے پہلے تم اسے جھوٹا کہتے تھے؟ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: اس کی پیروی کرنے والے لوگوں میں سے بڑے ہیں یا کمزور؟ کہتے ہیں: میں نے کہا: بلکہ کمزور لوگ ہیں۔ اس نے کہا: کیا وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ میں نے کہا: جی نہیں! بلکہ زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا: جب کوئی آدمی اس

بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطًا لَهُ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: يَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا يُصِيبُ مِنَّا وَنُصِيبُ مِنْهُ .قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي هُدْنَةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ صَانِعٌ فِيهَا .قَالَ: فَوَاللّٰهِ، مَا أَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرُ هَذِهِ .قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ .قُلْتُ: لَا .قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: إِنِّي سَأَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ، فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو حَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي أَحْسَابِ قَوْمِهَا، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ؟ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ أَنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطًا لَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حَتَّى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟

کے دین میں داخل ہو جاتا ہے تو کیا اس کی ناراضگی کی وجہ سے کسی نے اس کا دین چھوڑا بھی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں! اس نے کہا: کیا ان سے تمہاری جنگ بھی ہوئی ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہاری ان سے جنگ کیسی رہی؟ میں نے کہا: ہمارے اور ان کے درمیان مقابلہ خوب ہوا' کچھ ہم میں سے اور کچھ اُن میں سے مارے گئے۔ اس نے کہا: کیا وہ غدر کرتا ہے؟ میں نے کہا: نہیں! لیکن اب ان سے ہماری عارضی صلح ہوئی ہے' دیکھیں! وہ کیا کرتے ہیں۔ ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اس کے علاوہ کوئی کلمہ اس میں داخل کرنا میرے لیے ممکن نہ ہوا۔ اس نے کہا: اس سے پہلے بھی اس نے کبھی اس طرح کی بات کی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں! اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے کہہ کہ میں نے اس سے اس کے حسب کے بارے پوچھا تو تیرا گمان ہے کہ وہ تم میں حسب والا ہے' تو رسولوں کی شان یہی ہوتی ہے کہ وہ اپنی قوم میں حسب والے بنا کر بھیجے جاتے ہیں۔ میں نے اس سے سوال کیا کہ اس آباء سے کوئی بادشاہ ہوا ہے' تو تیرا گمان ہے کہ نہیں' میں نے کہا: اگر اس آباء سے کوئی بادشاہ ہوتا تو میں کہتا کہ وہ ایسا آدمی ہے جو اپنے آباء کا ملک لینا چاہتا ہے۔ میں نے اس کی پیروی کرنے والوں کے بارے سوال کیا کہ وہ کمزور ہیں یا اشرافیہ ہے' تو تُو نے کہا: بلکہ وہ کمزور ہیں اور رسولوں کی پیروی کرنے والے کمزور ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے سوال کیا کہ کیا تم یہ کہنے سے پہلے بھی اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے؟ تیرا گمان ہے

فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوهُ فَيَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالًا يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُونَ مِنْهُ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لَا يَغْدِرُ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: فَبِمَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ .قَالَ: فَإِنْ يَكُ مَا تَقُولُ فِيهِ حَقًّا إِنَّهُ نَبِيٌّ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَمْ أَكُنْ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ، وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ، سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللَّهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، وَإِنْ تَرَكْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ، وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ) (آل عمران: 64) إِلَى قَوْلِهِ (بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 64)" ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ

ما اسند ابو سفيان صخر بن حرب

کہ نہیں! پس میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر جھوٹ کیسے بولے گا۔ میں نے تجھ سے سوال کیا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض ہو کر کوئی پھرا ہے؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! اسی طرح ہوتا ہے جب ایمان دل میں رچ بس جاتا ہے (تو پھر رچ بس ہی جاتا ہے) اور میں نے تجھ سے سوال کیا کہ کیا اس کے ماننے والے زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' اسی طرح ایمان کی شان ہے حتیٰ کہ وہ مکمل ہو کر رہتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم نے اس سے جنگ کی ہے؟ تو تیرا گمان ہے کہ تم نے اس سے جنگ کی ہے تو مقابلہ برابر رہا ہے' کچھ تمہارے آدمی کام آئے اور کچھ ان کے آدمی کام آئے ہے بھی ایسے ہی کہ رسولوں کی آزمائش کی جاتی ہے پھر انجام ان کیلئے ہوگا' میں نے اس کے غدر (وعدہ خلافی) کے حوالے سے پوچھا تو تیرا گمان ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا' اور رسولوں کی شان یہی ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے' میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا کسی ایک نے اس سے پہلے بھی یہ بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! میں نے کہا: اگر اس سے پہلے کسی نے یہ بات کی ہوتی تو میں کہتا کہ یہ اس کی نقل کر رہا ہے۔ پھر اس نے کہا: آپ تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے کہا: وہ ہمیں نماز' زکوٰۃ' صلہ رحمی اور پاکیزہ رہنے کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے کہا: اگر یہی بات ہے جو تُو اس کے بارے کہہ رہا ہے تو وہ اللہ کے سچے نبی ہیں' یقیناً مجھے ان کی تشریف آوری کا علم تھا لیکن مجھے اس

الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ عِنْدَهُ وَكَثُرَ اللَّغَطُ، وَأُمِرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ، فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِأَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَدَعَا هِرَقْلُ عُظَمَاءَ الرُّومِ، فَجَمَعَهُمْ فِي دَارٍ لَهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرَّشَدِ آخِرَ الْأَبَدِ؟ وَأَنْ يَثْبُتَ لَكُمْ مُلْكُكُمْ؟ قَالَ: فَحَاصُوا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوهَا قَدْ غُلِّقَتْ، فَدَعَا بِهِمْ: إِنِّي إِنَّمَا اخْتَبَرْتُ شِدَّتَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمِ الَّذِي أَحْبَبْتُ، فَسَجَدُوا لَهُ وَرَضُوا عَنْهُ

کے تم میں سے ہونے کا گمان نہ تھا' اگر مجھے علم ہوتا کہ مجھے فرصت ملے گی تو میں اس ملاقات کو پسند کرتا اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پاؤں دھوتا اور ضرور بضرور ان کا ملک میرے قدموں کے نیچے والے زمین تک پہنچے گا' پھر اس نے رسول کریم ﷺ کا خط منگوا کر پڑھا تو اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کی طرف! سلام اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی' اس کے بعد میں آپ کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں' اسلام لے آئیں سلامتی پائیں' اسلام لائیں' اللہ تعالیٰ آپ کو دوبار اجر عطا فرمائے گا' اگر آپ نے ترک کیا تو تیرے اوپر رعایا کا گناہ بھی ہوگا اور اے اہل کتاب! آؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے' اس فرمان تک: کہ ہم مسلمان ہیں۔ پس جب اس نے خط پڑھ لیا تو اس کے پاس آوازیں بلند ہوئیں اور لوگوں نے غلط باتیں کیں۔ ہمیں نکال دینے کا حکم ملا' جب ہم نکل رہے تھے تو میں نے اپنے دوستوں سے کہا: ابوکبشہ کا بیٹا (حضور ﷺ) بادشاہ ہوگا کہ اس سے بنو اصفر کا بادشاہ بھی خوف کرے گا۔ مجھے یقین نہیں کہ رسول کریم ﷺ غالب آئیں' اس سے پہلے کہ اللہ ہمیں اسلام میں داخل کر دے۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: پس ہرقل نے روم کے بڑے لوگوں کو بلا کر ایک گھر میں جمع کیا' کہا: اے روم کے گروہ! کیا تمہیں کوئی فائدہ معلوم ہوتا ہے کہ تم آخر زمانے تک کامیاب اور راہِ راحت پر رہو اور تمہارا ملک قائم رہے؟ امام زہری کہتے ہیں: رومی جنگلی

سرخ گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے تو دروازے بند تھے۔ ہرقل نے ان کو پھر بلایا: (کہا:) میں تمہاری آزمائش کر رہا تھا کہ تم اپنے دین پر کتنے مضبوط ہو؟ پس میں نے تم میں وہی چیز پائی ہے جو میں پسند کرتا تھا۔ پس اُنہوں نے اس کو سجدہ کیا اور راضی ہو گئے۔

7120 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ السَّرَّاجُ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوا تُجَّارًا بِالشَّامِ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي مَادَّ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا سُفْيَانَ وَكُفَّارَ قُرَيْشٍ، فَأَتَوْهُ بِإِيلِيَاءَ فَدَعَاهُمْ فِي مَجْلِسٍ، وَحَوْلَهُ عُقَلَاءُ الرُّومِ، ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: أَيُّهُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا بِهَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ نَسَبًا، فَقَالَ: ادْنُ مِنِّي، وَقَرِّبُوا أَصْحَابَهُ فَجَعَلُوهُمْ عِنْدَ ظَهْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ قُلْ لَهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ هَذَا عَنْ هَذَا الرَّجُلِ، فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ .قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَوَاللّٰهِ لَوْلَا الْحَيَاءُ أَنْ يَأْثِرُوا عَلَيَّ الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهُ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: أَوَّلُ شَيْءٍ سَأَلَنِي عَنْهُ قَالَ: فَكَيْفَ نَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قُلْتُ: هُوَ فِينَا ذُو

حضرت ابوسفیان نے خبر دی کہ قریش کے لشکر میں ہرقل نے ان کی طرف پیغام بھیجا اس حال میں کہ وہ شام میں تاجر بن کر گئے ہوئے تھے۔ اسی زمانے میں پس وہ اس کے پاس ایلیا آئے۔ پس ہرقل نے ان کو ایک مجلس میں بلایا جبکہ اس کے اردگرد روم کے عقلمند لوگ تھے پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلا کر کہا: ان سے پوچھ کہ ان میں سے کون ہے جو اس آدمی سے قریبی نسبی رشتہ رکھتا ہے جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ پس ابوسفیان نے کہا: میں ان کا قریبی رشتہ دار ہوں۔ اس نے کہا: تم میرے قریب ہو جاؤ اور اس نے اپنے دوستوں کو بھی اپنے قریب کر لیا۔ پس ان کو ابوسفیان کی پیٹھ کے پاس بٹھا دیا۔ پھر اپنے ترجمان سے کہا: ان سے کہہ دے کہ میں نے ان سے اس آدمی کے بارے پوچھنا ہے پس اگر یہ آدمی مجھے جھٹلائے مجھ سے جھوٹ بولے تو تم اسے جھٹلا دینا۔ حضرت ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اگر اس بات کی حیاء نہ ہوتی کہ مجھ پر جھوٹ کی تہمت لگائیں گے تو میں آپ ﷺ کے بارے ضرور جھوٹ بولتا۔ پھر کہا: سب سے پہلی چیز جس کے بارے اس نے مجھ سے پوچھا کہا: تمہارے اندر اس کا نسب کیا ہے؟ میں نے کہا: وہ شریف نسب والے ہیں۔ اس نے

نَسَبٍ . قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ مِنكُمْ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: فَأَشْرَافُهُمْ اتَّبَعُوهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ . قَالَ: يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيدُونَ . قَالَ: فَهَلْ مِنْهُمْ أَحَدٌ يَرْتَدُّ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ فَاعِلٌ فِيهَا . قَالَ: وَلَمْ يُمْكِنِّي كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرُ هَذِهِ الْكَلِمَةِ . قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ . قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: يَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا وَدُوَلًا يَنَالُ مِنَّا وَنَنَالُ مِنْهُ، قَالَ: مَاذَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَقُولُ: اعْبُدُوا اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاتْرُكُوا مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ، وَيَأْمُرُ بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَبِالْعَفَافِ وَبِالصِّلَةِ . فَقَالَ لِلتَّرْجُمَانِ: قُلْ لَهُ: سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو نَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي نَسَبِ قَوْمِهِمْ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ أَحَدٌ مِنكُمْ هَذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ، قُلْتُ: رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ

کہا: اس سے پہلے بھی تم میں سے کسی نے یہ بات کی؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: بڑے لوگوں نے اس کی پیروی کی یا کمزور لوگوں نے؟ میں نے جواب دیا: بلکہ کمزور لوگوں نے۔ اس نے کہا: وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: بلکہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا: کیا ان میں سے کوئی ایک ناراض ہو کر اس کے دین سے پھرا' اس میں داخل ہونے کے بعد؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: تم اسے جھوٹا کہا کرتے تھے (پہلے)؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اب ایک مدت تک ہمارا ان سے عارضی معاہدہ ہے' ہمیں معلوم نہیں کہ وہ کیا کرنے والے ہیں۔ ابوسفیان کا قول ہے: میرے لیے ممکن نہ ہوا کہ اس بات کے علاوہ کوئی بات میں اپنے کلام میں داخل کرتا۔ اس نے کہا: کیا تمہاری ان سے جنگ ہوئی؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہارا ان سے جنگ کرنا کیسا رہا؟ میں نے جواب دیا: ہمارے درمیان مقابلہ خوب ہوا' کچھ ہم میں سے' کچھ ان میں سے کام آئے' اس نے کہا: آپ ﷺ تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: وہ فرماتے ہیں: اللہ کی عبادت کرو' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ' ان کو چھوڑ دو' جن کی عبادت تمہارے آباء کرتے تھے' نماز' زکوٰۃ' صدقہ' پاکیزہ رہنے اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے اپنے ترجمان سے کہا: میں نے تجھ سے اس کے نسب کے بارے

مَلِكٌ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا. فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقَدْ أَعْرِفُ أَنْ لَمْ يَكُنْ لِيَذَرَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ وَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ أَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ ضُعَفَاءَهُمُ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ أَيَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذَلِكَ أَمْرُ الْإِيمَانِ حَتَّى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حِينَ يُخَالِطُ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا يَغْدِرُونَ، وَسَأَلْتُكَ كَيْفَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ الْحَرْبَ بَيْنَكُمْ سِجَالٌ وَدُوَلٌ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ يَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ عَمَّا يَأْمُرُكُمْ بِهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَيَنْهَاكُمْ عَنْ عِبَادَةِ الْأَوْثَانِ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ وَالصِّلَةِ، وَإِنْ كَانَ مَا تَقُولُ حَقًّا، فَيُوشِكُ أَنْ يَمْلِكَ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، ولكِنْ لَمْ أَكُنْ أَظُنُّ أَنَّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَنْ أَخْلُصَ إِلَيْهِ لَالْتَمَسْتُ لُقِيَّهُ، وَلَوْ

پوچھا تو تیرا گمان تھا کہ وہ تم میں اچھے نسب والا ہے' اسی طرح رسول اپنی قوم میں اچھے نسب والے ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس سے پہلے تم میں سے کسی نے یہ بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو میں نے کہا: اگر اس سے پہلے کسی نے یہ بات کی ہوتی تو میں کہتا: یہ ایسا آدمی ہے جو پہلے کہی ہوئی بات کو مکمل کر رہا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا: کیا اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس میں نے کہا: اگر اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو میں کہتا کہ وہ اپنے آباء کا ملک مانگتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم لوگ یہ بات کہنے سے پہلے اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر کیسے جھوٹ بولے گا۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ بڑے لوگ یا کمزور لوگ اس کی پیروی کر رہے ہیں؟ تیرا گمان ہے کہ اس کی پیروی کرنے والے کمزور ہیں' تو رسولوں کی پیروی کرنے والے ایسے ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے کہ وہ مکمل ہو کر رہتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد ناراض ہو کر کوئی ایک پھرا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے جب وہ دل سے چمٹ جاتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو رسولوں کی یہی شان

كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمِ الَّذِي بَعَثَ بِهِ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلَى هِرَقْلَ، فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ، عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ -قَالَ اللَّيْثُ: الْأَرِيسِيُّونَ: الْعَشَّارُونَ -وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) " قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَلَمَّا قَالَ مَا قَالَ، وَفَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ كَثُرَ عِنْدَهُ اللَّجَبُ، وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَخَرَجْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدِ ارْتَفَعَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ، إِنَّهُ يَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ فَمَا زِلْتُ مُسْتَيْقِنًا أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ وَكَانَ ابْنُ النَّاظُورِ صَاحِبُ إِيلِيَا وَهِرَقْلَ سُقُفًّا عَلَى نَصَارَى الشَّامِ يُحَدِّثُ: أَنَّ هِرَقْلَ حِينَ قَدِمَ إِيلِيَا أَصْبَحَ يَوْمًا خَبِيثَ النَّفْسِ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ بَطَارِقَتِهِ: لَقَدِ اسْتَنْكَرْنَا هَيْئَتَكَ قَالَ: وَكَانَ

ہوتی ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ ان سے تمہارا جنگ کرنا کیسا رہا؟ تیرا گمان ہے کہ برابر برابر' تو رسولوں کی شان ہے کہ ان کی آزمائش کی جاتی ہے' پھر انجام انہیں کے حق میں ہوتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ وہ تمہیں کیا حکم دیتا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ وہ تمہیں اللہ کی عبادت کرنے' اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ کرنے کا حکم دیتا ہے' وہ بتوں کی عبادت سے روکتا ہے' تمہیں نماز' زکوٰۃ' پاکیزگی اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے' جو باتیں اس کے بارے تُو نے کہی ہیں' اگر وہ حق اور سچ ہیں تو قریب ہے کہ وہ میرے ان دونوں قدموں کے نیچے کی جگہ کا بھی وہ مالک بن جائے۔ مجھے پہلے ہی علم تھا کہ وہ ضرور تشریف لائیں گے' لیکن میں یہ گمان نہیں کرسکتا تھا کہ وہ تم میں سے ہوں گے۔ اگر مجھے معلوم ہو کہ مجھے فرصت ملے گی تو میں ان سے ملاقات کی التماس کروں اور اگر مجھے ان کے پاس ہونے کی سعادت ملے تو میں ان کے قدم دھونے کی سعادت پاؤں۔ پھر اس نے رسول کریم ﷺ کا خط منگوا کر پڑھا' جس کو لے کر حضرت دحیہ کلبی بصریٰ کے حکمران کے پاس آئے اور اس نے ہرقل کی طرف بھیج دیا' پس اس نے پڑھا تو اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! اللہ کے رسول محمد کی طرف سے روم کے بادشاہ کی طرف! سلامتی اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی' اس کے بعد میں تجھے اسلام کی دعوت دیتا ہوں' اسلام لے آ سلامتی ملے گی' تُو اسلام قبول کر لے' اللہ تجھے دُہرا ثواب عطا کرے گا اور اگر تُو نے پیٹھ پھیری تو تیری رعایا کا گناہ بھی

هِرَقْلُ رَجُلًا حَزَّاءً يَنْظُرُ فِي النُّجُومِ .قَالَ لَهُمْ حِينَ سَأَلُوهُ: إِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ حِينَ نَظَرْتُ فِي النُّجُومِ مَلِكَ الْخِتَانِ قَدْ ظَهَرَ قَالَ: فَمَنْ يَخْتَتِنُ مِنْ هَذِهِ الْأُمَمِ؟ قَالَ: يَخْتَتِنُ الْيَهُودُ، قَالَ: فَلَا يُهِمَّنَّكَ شَأْنُهُمْ، فَاكْتُبْ إِلَى مَدَائِنِ مُلْكِكَ، فَلْيَقْتُلُوا مَنْ فِيهَا مِنَ الْيَهُودِ، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى ذَلِكَ أَتَى هِرَقْلَ رَجُلٌ أَرْسَلَ بِهِ مَلِكُ غَسَّانَ يُخْبِرُهُ خَبَرَ ظُهُورِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُ كِتَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَاذْهَبُوا فَانْظُرُوا أَمُخْتَتِنٌ هُوَ أَمْ لَا؟ فَنَظَرُوا إِلَيْهِ، فَحَدَّثُوهُ أَنَّهُ مُخْتَتِنٌ، فَسَأَلَهُ عَنِ الْعَرَبِ؟ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُمْ يَخْتَتِنُونَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هَذَا مُلْكُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، ثُمَّ كَتَبَ هِرَقْلُ إِلَى صَاحِبٍ لَهُ بِرُومِيَّةَ وَنَظِيرٌ لَهُ فِي الْعِلْمِ، وَسَارَ هِرَقْلُ إِلَى حِمْصَ، فَلَمْ يَرِمْ حِمْصَ حَتَّى جَاءَهُ كِتَابُ صَاحِبِهِ، فَوَافَقَ رَأْيَ هِرَقْلَ عَلَى خُرُوجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَّهُ نَبِيٌّ فَأَذِنَ هِرَقْلُ لِلْعُظَمَاءِ مِنَ الرُّومِ فِي دَسْكَرَةٍ لَهُ بِحِمْصَ، ثُمَّ أَمَرَ بِالْأَبْوَابِ فَأُغْلِقَتْ، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرَّشَادِ، وَأَنْ يَثْبُتَ مُلْكُكُمْ؟ تَتَّبِعُونَ هَذَا النَّبِيَّ، فَحَاصُوا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوهَا قَدْ أُغْلِقَتْ، فَلَمَّا رَأَى هِرَقْلُ ذَلِكَ

تیرے اوپر ہوگا۔ حضرت لیث کا قول ہے: ''اریسیون'' سے مراد ''عشارون'' ہے۔ اور اے اہل کتاب! آ ؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں' اللہ کے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی ایک دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہ بنالے۔ پھر اگر وہ توحید نہ مانیں تو انہیں کہہ دیجئے! تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔ ابوسفیان کہتے ہیں: جب اس نے کہا جو کہا اور خط پڑھنے سے فارغ ہوا تو اس کے پاس شور بڑھ گیا اور آوازیں اُٹھنے لگیں' ہم نکلے' پس میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا جب ہم نکلے: ابوکبشہ کے بیٹے (حضور ﷺ) کا معاملہ ترقی کر گیا کہ بنواصفر کا بادشاہ بھی ڈر رہا ہے' مجھے یقین نہیں ہے کہ ہمارے مسلمان ہونے سے پہلے وہ حاصل کرے۔ ابن ناطور' ایلیا کا حکمران تھا اور ہرقل شام کے عیسائیوں پر بشپ تھا۔ بیان کرتے ہیں کہ ہرقل جب ایلیا آیا تو خبیث النفس ہوگیا' اس سے ایک بطریق نے اس سے کہا: تمہاری شکل ناپسندیدہ ہے۔ کہتے ہیں: ہرقل اندازہ لگانے والا آدمی تھا' وہ ستاروں میں دیکھتا تھا' جب انہوں نے اس سے سوال کیا تو اس نے ان سے کہا: آج رات بے شک میں نے دیکھا ہے' جب میں نے ستاروں میں نظر کی۔ ختنہ کرنے والوں کا بادشاہ ظاہر ہوا۔ اس نے کہا: ان اُمتوں میں سے ختنہ کرنے والے کون ہیں؟ اس نے کہا: ختان یہودی ہیں' ان کی شان تجھے نہیں مل سکتی۔ اپنے ملک کے شہروں کو خط لکھو' پس انہیں چاہیے کہ ان میں جو یہودی ہیں

وَيَئِسَ مِنْ إِيمَانِهِمْ قَالَ: رُدُّوهُمْ عَلَيَّ، وَقَالَ: إِنِّي قُلْتُ لَكُمْ مَقَالَتِي الَّتِي قُلْتُ لَكُمْ آنِفًا لِأَخْتَبِرَ بِهَا شِدَّتَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ، فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِي أُحِبُّ، فَسَجَدُوا لَهُ وَرَضُوا عَنْهُ، وَكَانَ ذَلِكَ فِي آخِرِ حَدِيثِهِ

ان سے قتال کریں۔ پس وہ اسی حال میں موجود تھے کہ ہرقل کے پاس ایک آدمی آیا' جس کو غسان کے بادشاہ نے بھیجا تھا تاکہ وہ اس کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور کی خبر دے۔ اس سے پہلے کہ ان کے پاس اللہ کے رسول کا خط پہنچے' اس نے کہا: جاؤ اور جا کر دیکھو! کیا ختنہ کرنے والا ہے یا نہیں؟ پس اُنہوں نے دیکھ کر بتایا کہ وہ ختنہ کرنے کا حکم دیتے ہیں' پس اس نے عرب کے بارے بھی یہی سوال کیا؟ تو ایسے خبر ملی کہ وہ بھی ختنہ کرتے ہیں۔ پس ہرقل نے کہا: وہ اس اُمت کا بادشاہ ہے۔ پھر ہرقل نے رومی زبان میں اپنے ایک دوست کو خط لکھا جو علم میں اس کی مثل تھا اور ہرقل حمص کی طرف چلا۔ پس ابھی اس نے ہرقل کا ارادہ کیا ہی تھا کہ اس کے پاس اس کے دوست کا خط آ گیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے نزیے پر اس نے اس سے اتفاق کیا اور یہ کہ وہ ہی برحق ہے۔ پس حمص میں اس کی جو بڑی عمارت تھی' اس میں اس نے بڑے بڑے رومیوں کو بلایا' پھر دروازے بند کر دینے کا حکم دیا' پھر وہ ان کے سامنے آیا۔ پس اس نے کہا: اے رومیو! کیا تم لوگوں کو ہمیشہ کی کامیابی اور رہنما کی ضرورت ہے اور تم چاہتے ہو کہ تمہارا ملک سلامت رہے؟ (اگر یہ بات ہے) تو نبی کے پیرو بن جاؤ۔ پس رومی جنگلی گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے' دیکھا تو وہ بند تھے۔ جب ہرقل نے یہ صورتِ حال دیکھی اوان کے ایمان لانے سے مایوس ہو گیا تو کہا: ان کو میرے پاس واپس لاؤ اور پھر کہا: میں نے ابھی جو تم سے بات کی ہے صرف تمہارا امتحان کرنے

کیلئے کہ تم اپنے دین پر کتنے پکے ہو۔ پس میں نے تم سے وہی بات دیکھی ہے جو مجھے پسند تھی۔ پس اُنہوں نے اسے سجدہ کر کے اپنی رضامندی کا اظہار کیا اور یہ بات اس حدیث کے آخر میں ہے۔

ما اسند ابو سفیان صخر بن حرب

7121 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: كُنَّا قَوْمًا تُجَّارًا، وَكَانَتِ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ قَدْ حَصَرَتْنَا حَتَّى هَلَكَتْ أَمْوَالُنَا، فَلَمَّا كَانَتِ الْهُدْنَةُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ نَأْمَنْ فِي أَمْوَالِنَا، فَخَرَجْتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ آخِذًا إِلَى الشَّامِ، وَكَانَ فِيهِ مَتْجَرُنَا، فَقَدِمْتُهَا حِينَ ظَهَرَ هِرَقْلُ عَلَى مَنْ كَانَ عَارَضَهُ مِنْ فَارِسَ فَأَخْرَجَهُمْ مِنْهَا، وَانْتَزَعَ لَهُ صَلِيبَهُ الْأَعْظَمَ، وَقَدْ كَانُوا سَلَبُوهُ إِيَّاهُ، فَلَمَّا بَلَغَهُ ذَلِكَ مِنْهُمْ، وَبَلَغَهُ أَنَّ صَلِيبَهُ اسْتَنْقَذَ لَهُ، وَكَانَتْ حِمْصُ مَنْزِلَهُ، فَخَرَجَ مِنْهَا عَلَى قَدَمَيْهِ مُتَشَكِّرًا لِلّٰهِ حِينَ رَدَّ عَلَيْهِ مَا رَدَّ لِيُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ بُسِطَ لَهُ الطَّرِيقُ بِالْبُسُطِ، وَيُلْقَى عَلَيْهَا الرَّيَاحِينُ، فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى إِيلِيَّا، وَقَضَى فِيهَا صَلَاتَهُ وَمَعَهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حدیث سنائی ابوسفیان بن حرب نے وہ کہتے ہیں: ہم تاجر آدمی تھے۔ ہمارے اور رسول خدا ﷺ کے درمیان جنگ ہوئی حتیٰ کہ ہمارے مال ختم ہو گئے پس جب ہمارے اور رسول کریم ﷺ کے درمیان جنگ بندی تھی تو ہمیں اپنے مالوں پر امن نہ تھا۔ پس قریشیوں کے ایک گروہ کے ساتھ ملک شام کی طرف نکلا۔ اس میں ہماری تجارت گاہیں تھیں۔ پس میں آیا جب ہرقل ان لوگوں پر غالب آ چکا تھا جو فارسی اس سے ٹکرائے۔ پس اُس نے انہیں پیچھے دھکیل دیا۔ اس نے بڑی صلیب چھین لی حالانکہ وہ لوگ پہلے اس سے صلیب لے چکے تھے۔ پس جب اسے یہ خبر پہنچی اور یہ خبر کہ صلیب اسے حاصل ہوگئی ہے جبکہ حمص میں اس کا اپنا ذاتی گھر تھا۔ وہاں سے وہ پیدل اللہ کا شکر ادا کرنے کو نکلا جب اسے مل گیا جو ملا تا کہ بیت المقدس میں پہنچ کر شکرانے کی نماز پڑھے۔ راستہ اس کے لیے قالینوں سے سجا دیا گیا اور اس پر خوشبوئیں چھڑک دی گئیں پس جب وہ ایلیا پہنچا اس میں اس نے نمازِ شکرانہ ادا کی۔ اس کے علماء اور روم کے بشپ بھی اس کے ساتھ تھے۔ ابوسفیان کہتے ہیں: حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی کے ہاتھوں اسے رسول کریم ﷺ کا خط ملا: بسم اللہ الرحمن

بَطَارِقَتُهُ وَأَسَاقِفُ الرُّومِ قَالَ: وَقَدِمَ عَلَيْهِ كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ دِحْيَةَ بْنِ خَلِيفَةَ الْكَلْبِيِّ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ، السَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ فَأَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، وَإِنْ تَتَوَلَّ فَإِنَّ إِثْمَ الْأَكَّارِينَ عَلَيْكَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَحَدَّثَنِي أُسْقُفُ النَّصَارَى قَالَ: أَدْرَكْتُهُ فِي زَمَانِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ زَعَمَ لِي أَنَّهُ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْ أَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمْرِ هِرَقْلَ وَعَقْلِهِ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ دِحْيَةَ أَخَذَهُ، فَجَعَلَهُ بَيْنَ فَخِذَيْهِ وَخَاصِرَتِهِ، قَالَ: ثُمَّ كَتَبَ إِلَى رَجُلٍ بِرُومِيَّةَ كَانَ يَقْرَأُ مِنَ الْعِبْرَانِيَّةِ مَا يَقْرَأُ، فَذَكَرَ لَهُ أَمْرَهُ وَيَصِفُ لَهُ شَأْنَهُ وَيخبرِ مَا جَاءَ بِهِ قَالَ: فَكَتَبَ إِلَيْهِ صَاحِبُ رُومِيَّةَ أَنَّهُ النَّبِيُّ الَّذِي كُنَّا نَنْتَظِرُهُ لَا شَكَّ فِيهِ، فَاتَّبِعْهُ وَصَدِّقْهُ، فَأَمَرَ هِرَقْلُ بِبَطَارِقَةِ الرُّومِ، فَجَمَعُوا لَهُ فِي دَسْكَرَةِ مُلْكِهِ، وَأَمَرَ بِهَا فَأُسْرِجَتْ عَلَيْهِمْ بِأَبْوَابِهَا، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ مِنْ عَلِيَّةٍ وَخَافَهُمْ عَلَى نَفْسِهِ، وَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، إِنِّي قَدْ جَمَعْتُكُمْ لِخَبَرٍ، إِنَّهُ قَدْ أَتَانِي كِتَابُ هَذَا الرَّجُلِ، يَدْعُونِي إِلَى دِينِهِ، وَأَنَّهُ وَاللّٰهِ

الرحیم! محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کی طرف! سلامتی ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اس کے بعد تُو اسلام لے آ سلامتی ملے گی اور تیرے اسلام لانے سے تجھے دُہرا اجر ملے گا' اگر تُو نے گردن پھیری تو تیری رعایا کا گناہ بھی تیری گردن پر ہوگا۔ جناب محمد بن اسحاق نے کہا: حضرت ابن شہاب زہری فرماتے ہیں: پس عیسائیوں کے بشپ نے مجھے یہ بات سنائی۔ وہ کہتے ہیں: میں نے اسے عبدالملک بن مروان کے زمانے میں پایا۔ اس نے میرے حوالے سے گمان کیا کہ اس نے رسول کریم ﷺ اور ہرقل اور اس کی کابینہ کے امراء سے اس کو پایا ہے۔ اس نے کہا: جب حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ' رسول کریم ﷺ کا خط اس کے پاس لے کر آئے تو اس نے اسے لے کر اپنی رانوں اور کولھے کے درمیان رکھ لیا۔ وہ کہتے ہیں: پھر اس نے رومی زبان میں ایک آدمی کو خط لکھا جو عبرانی زبان پڑھا کرتا تھا جو پڑھتا تھا۔ پس اس نے اپنا معاملہ اس کے سامنے رکھا اور اپنے کام کی وضاحت کی اور خط کی خبر دی۔ پس اس کے ساتھی نے اس کے خط کا جواب رومی زبان میں لکھا کہ وہ نبی جس کے ہم انتظار میں ہیں' اس کے آنے میں شک نہیں' پس اس نے اس اقتداء کی اور اس کی تصدیق کی۔ پس ہرقل نے روم کے علماء کو اپنے ملک کی بڑی عمارت (حمص) میں اکٹھا ہونے کا حکم دیا اور ان پر دروازے بند کرنے کا حکم دیا پھر وہ خود ان کے پاس آیا اور اسے اپنی ذات پر خوف ہوا' اس نے کہا: اے رومیو! میں نے تم لوگوں کو ایک خبر دینے کیلئے اکٹھا کیا ہے'

الرَّجُلُ الَّذِي كُنَّا نَنْتَظِرُهُ، وَنَجِدُ فِي كِتَابِنَا، فَهَلُمَّ فَلْنَتَّبِعْهُ وَلْنُصَدِّقْهُ فَيُسَلِّمَ لَنَا دُنْيَانَا وَأُخْرَانَا، فَنَخَرُوا نَخْرَةَ رَجُلٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ ابْتَدَرُوا أَبْوَابَ الدَّسْكَرَةِ لِيَخْرُجُوا مِنْهَا، فَوَجَدُوهَا قَدْ أُغْلِقَتْ دُونَهُمْ، فَقَالَ: كُرُّوهُمْ عَلَيَّ، وَخَافَهُمْ عَلَى نَفْسِهِ، فَكُرُّوا عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، إِنَّمَا قُلْتُ لَكُمْ هَذِهِ الْمَقَالَةَ الَّتِي قُلْتُ لَكُمْ لِأَنْظُرَ كَيْفَ صَلَابَتُكُمْ عَلَى دِينِكُمْ لِهَذَا الْأَمْرِ الَّذِي حَدَثَ، فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِي أُسَرُّ بِهِ، فَوَقَعُوا لَهُ سُجُودًا وَأَمَرَ بِأَبْوَابِ الدَّسْكَرَةِ فَفُتِحَتْ لَهُمْ فَانْطَلَقُوا

وہ یہ ہے کہ مجھے اس آدمی کا خط آیا ہے جو مجھے اپنے دین کی طرف بلاتا ہے اور یہ کہ قسم بخدا! یہ وہی آدمی ہے جس کے ہم انتظار میں تھے (کہ وہ نبی بن کر آئے گا اور یہ بات) ہم اپنی کتاب میں پاتے ہیں' پس آؤ! ہم سب مل کر اس کی اتباع کر لیں اور ہمیں چاہیے کہ اس کی تصدیق کریں' پس وہ ہماری دنیا (ملک) اور آخرت (جنت) ہمارے حوالے کر دیں گے۔ پھر اُنہوں نے عمارت کے دروازوں کی طرف جانے میں جلدی کی تاکہ وہ اس سے نکل جائیں' پس اُنہوں نے دروازوں کو بند پایا۔ قیصر روم نے اپنے کارندوں سے کہا: ان کو لوٹا کر میرے پاس لاؤ۔ (جب وہ آئے) تو کہا: اے رومیو! میں نے یہ بات تم سے اس لیے کی ہے تاکہ میں اندازہ کروں کہ تم اپنے دین پر کتنے پختہ ہو' اس امر کی وجہ سے جو پیش آیا ہے' پس تم سے میں نے وہ چیز دیکھی ہے جس نے مجھے خوش کر دیا ہے' پس وہ اس کے سامنے سجدہ میں پڑ گئے' اس نے عمارت کے دروازے کھولنے کا حکم دیا (دروازے کھلے) اور وہ نکل گئے۔

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: طاعون' پیٹ' حالتِ نفاس میں مرنے والے شہید ہیں۔

7179 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ، قَالَ: كَانَتْ فِينَا وَلِيمَةٌ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا صَفْوَانُ بْنُ أُمَيَّةَ، فَأُتِيَ بِطَعَامٍ، فَقَالَ: انْتَهِشُوا اللَّحْمَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَقُولُ: انْتَهِشُوا اللَّحْمَ، فَإِنَّهُ أَشْهَى، وَأَهْنَأُ وَأَمْرَأُ

حضرت محمد بن فضل بن عباس فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں ولیمہ تھا' حضرت صفوان بن امیہ ہمارے پاس آئے' آپ کے پاس کھانا لایا گیا' آپ نے فرمایا: گوشت ہڈیوں سے علیحدہ کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہڈی سے گوشت علیحدہ کرو کیونکہ یہ زیادہ لذیذ ہوتا ہے۔

7180 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيمِ أَبُو أُمَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، قَالَ:

حضرت حارث بن نوفل فرماتے ہیں کہ میرے والد کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ہوئی' لوگوں کو ولیمہ کی دعوت دی گئی' حضرت صفوان بن امیہ

7179- ورواه أحمد جلد 3صفحه400' جلد 6صفحه465,464' والترمذی رقم الحديث: 8195 قال الحافظ في الفتح جلد9صفحه547' وعبد الكريم ضعيف لكن أخرجه ابن أبي عاصم من طريق آخر عن صفوان بن أمية فهو حسن .

7180- ورواه الحميدی رقم الحديث: 564' وانظر ما قبله .

عَرَّسَ بِي أَبِي فِي إِمَارَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَدَعَا النَّاسَ فِي وَلِيمَةٍ لَنَا، فَكَانَ فِيمَنْ أَتَانَا صَفْوَانُ بْنُ أُمَيَّةَ فَقَالَ: انْتَهِشُوا اللَّحْمَ نَهْشًا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: هُوَ أَشْهَى، وَأَمْرَأُ، وَأَهْنَأُ، وَأَمْرَأُ

ہمارے پاس آئے آپ نے فرمایا: گوشت ہڈی سے علیحدہ کرو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ زیادہ لذیذ ہوتا ہے۔

7181 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَالَ صَفْوَانُ بْنُ أُمَيَّةَ: رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَجُزُّ اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ، فَقَالَ: يَا صَفْوَانُ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ، قَالَ: قَرِّبِ اللَّحْمَ مِنْ فِيكَ، فَإِنَّهُ أَهْنَأُ، وَأَمْرَأُ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے دیکھا کہ میں گوشت ہڈی سے کاٹ رہا تھا' آپ نے فرمایا: اے صفوان! میں نے عرض کی: حاضر ہوں! آپ نے فرمایا: گوشت منہ کے قریب کر کیونکہ یہ زیادہ بہتر ہے۔

7182 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ لِصًّا أَتَاهُ وَهُوَ نَائِمٌ، فَاسْتَلَّ إِزَارَهُ مِنْ تَحْتِهِ، فَاسْتَيْقَظَ فَأَخَذَهُ، فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهِ فَقُطِعَ،

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک چور آیا' میں سویا ہوا تھا' اُس نے میرے سر کے نیچے سے کپڑا کھینچا' میں اُٹھا اور اسے پکڑ کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا' آپ نے اس آدمی کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اسے معاف کر دیا۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس آنے سے پہلے کیوں معاف نہیں کیا' جب قاضی کے پاس مسئلہ پہنچ جائے تو پھر وہ حد

7181- ورواه أحمد جلد 3صفحه401' جلد6صفحه466' وأبو داؤد رقم الحديث: 3761' وعثمان لم يسمع عن صفوان كما قال أبو داؤد ومع ذلك صححه الحاكم جلد 4صفحه112-113' ووافقه الذهبي . ورواه البيهقي في شعب الايمان صفحه17' وفي الآداب صفحه105 .

فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ أَحْلَلْتُهُ .قَالَ: هَلَّا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ، إِنَّ الْإِمَامَ إِذَا انْتَهَى إِلَيْهِ حَدٌّ مِنَ الْحُدُودِ أَقَامَهُ

قائم کی جائے گی۔

7183 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ، ثنا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ أُخْتِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ: كُنْتُ نَائِمًا فِي الْمَسْجِدِ عَلَى خَمِيصَةٍ لِي ثَمَنُ ثَلَاثِينَ دِرْهَمًا، فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَيَّ، فَاخْتَلَسَهَا مِنِّي فَأُخِذَ الرَّجُلُ، فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ بِهِ لِيُقْطَعَ فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ لَهُ: أَتَقْطَعُهُ مِنْ أَجْلِ ثَلَاثِينَ دِرْهَمًا؟ هِيَ لَهُ، قَالَ: فَهَلَّا كَانَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ؟

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں اپنی چادر سر کے نیچے رکھے ہوئے سویا ہوا تھا' جس کی قیمت تیس درہم تھی' ایک آدمی آیا اور اُس نے چادر چوری کر لی' اس آدمی کو پکڑا گیا اور اسے حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' آپ نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' میں آیا اور عرض کی: کیا تیس درہم کی وجہ سے اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا؟ میں نے یہ چادر اسے دے دی۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس لانے سے پہلے معاف کیوں نہ کیا تھا۔

7184 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک چور آیا' میں سویا ہوا تھا' اُس نے میرے سر کے نیچے سے کپڑا کھینچا' میں اُٹھا اور اسے پکڑ کر حضور ﷺ کی بارگاہ

7183- ورواه النسائي جلد 8صفحه69-70' وأبو داؤد رقم الحديث: 4371 من طريق عمرو بن حماد به' ثم قال: ورواه زائدة عن سماك عن جعيد بن حجير قال: نام صفوان . ورواه طاوس ومجاهد أنه كان نائمًا فجاء سارق فسرق خميصة من تحت رأسه . ورواه أبو سلمة بن عبد الرحمن قال: فاستله من تحت رأسه فاستيقظ فصاح به فأخذ . ورواه الزهري عن صفوان بن عبد اللّٰه قال: فنام في المسجد وتوسد رداء ه فجاء سارق فأخذ رداء ه' فأخذ السارق فجيء به النبي صلى اللّٰه عليه وآله وسلم . ورواه أحمد جلد6صفحه666 من طريق آخر عن سماك عن عجيد به . ورواه جلد3صفحه401' جلد6صفحه465-466 من طريق آخر عن صفوان . وللحديث طرق آخر عند النسائي جلد8صفحه69,68 .

عُمَيْرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ لِصًّا أَتَى أَبَاهُ وَهُوَ نَائِمٌ، فَاسْتَلَّ إِزَارَهُ مِنْ تَحْتِ رَأْسِهِ، فَاسْتَيْقَظَ فَأَخَذَهُ، فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُقْطَعَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ أَحْلَلْتُهُ لَهُ قَالَ: فَهَلَّا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ، إِنَّ الْإِمَامَ إِذَا انْتَهَى إِلَيْهِ حَدٌّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ أَقَامَهُ

میں لایا' آپ نے اس آدمی کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اسے معاف کر دیا۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس آنے سے پہلے کیوں معاف نہیں کیا' جب قاضی کے پاس مسئلہ پہنچ جائے تو پھر وہ حد قائم کرے۔

7185 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ مُرَقِّعٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّ رَجُلًا سَرَقَ بُرْدَةً، فَرَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَأَمَرَ بِقَطْعِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ تَجَاوَزْتُ عَنْهُ، فَقَالَ: فَلَوْلَا كَانَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ يَا أَبَا وَهْبٍ، فَقَطَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے چادر چوری کی' اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اسے معاف کر دیا' آپ نے فرمایا: اگر تو نے میرے پاس لانے سے پہلے یہ کہا ہوتا' اے ابووہب! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔

7186 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: نِمْتُ فِي الْمَسْجِدِ، فَاسْتُلَّ إِزَارِي مِنْ تَحْتِي، فَأَدْرَكْتُهُ، فَأَتَيْتُ بِهِ رَسُولَ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں سویا ہوا تھا کہ ایک آدمی نے میری چادر میرے سر کے نیچے سے نکالی' میں نے اسے پکڑا اور اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا' آپ نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ اس کے لیے ہے! آپ نے فرمایا: تُو نے میں پاس لانے سے پہلے

7185- ورواه أحمد جلد6صفحه465' والنسائي جلد8صفحه68

7186- ورواه ابن ماجه رقم الحديث:2595 عن ابن أبي شيبة عن شبابة عن مالك عن الزهري به .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَأَمَرَ بِهِ أَنْ تُقْطَعَ يَدَهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هِي لَهُ .قَالَ: فَهَلَّا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ

کیوں نہ کیا۔

7187 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: اسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ مِنِّي أَدْرَاعًا مِنْ حَدِيدٍ يَوْمَ حُنَيْنٍ، فَقُلْتُ: مَضْمُونَةٌ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: مَضْمُونَةٌ .قَالَ: فَضَاعَ بَعْضُهَا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: إِنْ شِئْتَ غَرِمْنَاهَا لَكَ؟ قَالَ: لَا أَنَا أَرْغَبُ فِي الْإِسْلَامِ مِنْ ذَلِكَ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حنین کے دن مجھ سے لوہے کی زرہ اُدھار لی، میں نے عرض کی: اے محمد! اس کی ضمانت دینا ہو گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ضمانت دوں گا۔ اس کا کچھ حصہ ضائع ہو گیا۔ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اگر تو چاہے تو اس کا بدلہ ہم تجھے دے دیتے ہیں، میں نے عرض کی: نہیں! اس سے مجھے اسلام لانے کی رغبت ہو گی۔

7188 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ: أَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَوْمَ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حنین کے دن مجھے دیا حالانکہ آپ مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ ناپسند تھے، آپ مسلسل مجھے دیتے رہے، حتیٰ کہ آپ تمام لوگوں سے زیادہ مجھے محبوب ہو گئے۔

7187- وعلقه البيهقي جلد 6صفحه89 عن قيس بن الربيع عن عبد العزيز به . ورواه أحمد جلد 6صفحه465، وأبو داؤد رقم الحديث: 3562، والبيهقي جلد 6صفحه89 عن شريك به فلم يذكروا ابن ابي مليكة . ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 3563، ومن طريقه البيهقي جلد 6صفحه89 من طريق جرير عن عبد العزيز عن أناس من آل عبد الله بن صفوان أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فذكره . ورواه البيهقي جلد 6صفحه89-90 عن طريق أنس ابن عياض الليثي عن جعفر بن محمد عن أبيه . وللحديث شاهد من حديث جابر عند الحاكم جلد 3صفحه48-49، والبيهقي جلد 6صفحه89، وهو حديث حسن وقد صرح فيه ابن اسحاق بالتحديث . ومن حديث ابن عباس عند البيهقي جلد6صفحه88 من طريق الحاكم وفي اسناده اسحاق قال الذهبي: هو واه .

7188- ورواه الترمذي رقم الحديث: 661، وهو في صحيح مسلم رقم الحديث: 2313 من طريق آخر عن يونس به .

حُنَيْنٍ، وَإِنَّهُ لَأَبْغَضُ النَّاسِ إِلَيَّ، فَمَا زَالَ يُعْطِينِي حَتَّى إِنَّهُ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ

7189 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمَّا أَنْ قِيلَ لِي هَلَكَ مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ، أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ارْجِعْ أَبَا وَهْبٍ إِلَى أَبَاطِحِ مَكَّةَ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے کہا گیا: جس نے ہجرت نہیں کی وہ ہلاک ہو گیا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اے ابووہب! واپس مکہ جاؤ!

7190 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا بِشْرُ بْنُ نُمَيْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ مَكْحُولًا، يَقُولُ: ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَهُ عَمْرُو بْنُ قُرَّةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ كُتِبَتْ عَلَيَّ الشِّقْوَةُ، فَلَا أُرَانِي أُرْزَقُ إِلَّا مِنْ دُفِّي بِكَفِّي، فَتَأْذَنُ لِي فِي الْغِنَاءِ مِنْ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' حضرت عمرو بن قرہ آپ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! مجھ سے متعلق بدبختی لکھی گئی ہے' آپ مجھے بغیر بے حیائی والے گانے کی اجازت دیں' حضور ﷺ نے فرمایا: میں آپ کو اجازت نہیں دیتا' اور نہ ہی (اس میں) کوئی عزت ہے' اے اللہ کے دشمن! تو جھوٹ بولتا ہے' تجھے اللہ نے حلال رزق دیا ہے' تو اس کو پسند کرتا ہے جو اللہ نے حلال کیا' اس کی جگہ جو اللہ نے آپ کے لیے حلال کیا ہے' اگر میں پہلے آیا ہوتا تو میں

7190- قال فی المجمع جلد 4صفحه63' وفيه بشر بن نمير وهو متروك . وكذا قال جلد 2صفحه47' جلد 4صفحه29 . والحديث رواه ابن ماجه رقم الحديث: 2613 مقتصرًا على قصة عمرو . قال فی الزوائد: فی اسناده بشر بن نمير البصری' قال فيه يحيى القطان: كان ركنًا من أركان الكذب . وقال أحمد: ترك الناس حديثه' وكذا قال غيره . ويحيى بن العلاء قال أحمد: يضع الحديث' وقريب منه ما قال غيره . والحديث رواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 3628 بنفس السند واللفظ .

غَيْرِ فَاحِشَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا آذَنُ لَكَ، وَلَا كَرَامَةَ، كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، لَقَدْ رَزَقَكَ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا، فَاخْتَرْتَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ مِنْ رِزْقِهِ مَكَانَ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ مِنْ حَلَالِهِ، وَلَوْ كُنْتُ تَقَدَّمْتُ إِلَيْكَ لَفَعَلْتُ بِكَ، قُمْ عَنِّي وَتُبْ إِلَى اللّٰهِ، أَمَا إِنَّكَ إِنْ نِلْتَ بَعْدَ التَّقْدِمَةِ شَيْئًا ضَرَبْتُكَ ضَرْبًا وَجِيعًا، وَحَلَقْتُ رَأْسَكَ مُثْلَةً، وَنَفَيْتُكَ مِنْ أَهْلِكَ، وَأَحْلَلْتُ سَلَبَكَ نُهْبَةً لِفِتْيَانِ الْمَدِينَةِ . فَقَامَ عَمْرٌو وَبِهِ مِنَ الشَّرِّ، وَالْخِزْيِ مَا لَا يَعْلَمُهُ إِلَّا اللّٰهُ، فَلَمَّا وَلَّى، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَؤُلَاءِ الْعُصَاةُ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ بِغَيْرِ تَوْبَةٍ حَشَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا كَانَ مُخَنَّثًا عُرْيَانًا، لَا يَسْتَتِرُ مِنَ النَّاسِ بِهُدْبَةٍ، كُلَّمَا قَامَ صُرِعَ

ضرور تیرے ساتھ وہ سلوک کرتا' میرے پاس سے اُٹھ جا اور اللہ سے توبہ کر' لیکن اگر تُو نے آنے کے بعد کوئی شی پائی ہے تو میں تجھے درد ناک سزا دوں گا' تیرا سر منڈوا کر تیرا مثلہ کر دوں گا' تیرے گھر والوں سے جدا کر کے تجھے جلاوطن کر دوں گا اور تیرا سامان مدینہ کے جوانوں کو لوٹ لینے کی اجازت دوں گا۔ پس عمرو بن قرہ کھڑے ہوئے' بُرے حال اور ایسی رسوائی کے عالم میں جسے اللہ ہی جانتا ہے' جب وہ چلا گیا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان نافرمانوں میں سے اگر کوئی بغیر توبہ کے مر جائے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کا حشر ایسے کرے گا کہ وہ خسرہ اور ننگا ہو گا' لوگوں سے کوئی کپڑا لے کر پردہ کرنے کی طاقت نہ ہو گی' جب بھی کھڑا ہو گا گر جائے گا۔

7191 - فَقَامَ عُرْفُطَةُ بْنُ نَهِيكٍ التَّمِيمِيُّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي وَأَهْلَ بَيْتِي مَرْزُوقُونَ مِنْ هَذَا الصَّيْدِ، وَلَنَا فِيهِ قَسْمٌ وَبَرَكَةٌ، وَهُوَ مَشْغَلَةٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَعَنِ الصَّلَاةِ فِي جَمَاعَةٍ، وَبِنَا إِلَيْهِ حَاجَةٌ أَفَتُحِلُّهُ، أَمْ تُحَرِّمُهُ؟ فَقَالَ: أُحِلُّهُ لِأَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ أَحَلَّهُ، نِعْمَ الْعَمَلُ، وَاللّٰهُ أَوْلَى بِالْعُذْرِ، قَدْ كَانَتْ لِلّٰهِ قَبْلِي رُسُلٌ كُلُّهُمْ يَصْطَادُ، أَوْ يَطْلُبُ الصَّيْدَ، وَيَكْفِيكَ مِنَ الصَّلَاةِ فِي جَمَاعَةٍ إِذَا غِبْتَ عَنْهَا

حضرت عرفطہ بن نہیک تمیمی کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے اور میرے گھر والوں کو اس شکار کے ذریعے رزق دیا جاتا ہے' لیکن میں ذکر اللہ اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے رہ جاتا ہوں' لیکن یہ ہماری ضرورت ہے' کیا یہ ہمارے لیے حلال ہے یا حرام؟ پس آپ نے ارشاد فرمایا: میں اس کو حلال کرتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو حلال کیا ہے' یہ بہت اچھا کام ہے اور بہتر ہے کہ اللہ سے عذر کر لیا جائے' مجھ سے پہلے تمام کے تمام اللہ کے رسول شکار کرتے تھے۔ یا (فرمایا:) شکار طلب

فِي طَلَبِ الرِّزْقِ حُبُّكَ الْجَمَاعَةَ وَأَهْلَهَا، وَحُبُّكَ ذِكْرَ اللّٰهِ وَأَهْلَهُ، وَابْتَغِ عَلَى نَفْسِكَ وَعِيَالِكَ حَلَالًا، فَإِنَّ ذَلِكَ جِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ عَوْنَ اللّٰهِ فِي صَالِحِ التِّجَارَةِ

کرتے تھے جب تُو رزق تلاش کرنے میں لگا ہوا ہے تو نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے کے حوالے سے تیری طرف سے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی شدید خواہش ہی کافی ہے اور اللہ کے ذکر اور ذکر کرنے والوں کی محبت کافی ہے اپنے لیے اور اپنے اہل و عیال کیلئے حلال رزق طلب کر کیونکہ یہ بھی اللہ کی راہ میں جہاد ہے اور جان لے کر نیک تجارت کرنے والے کی اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے۔

صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ

مَا أَسْنَدَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ

حضرت صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ عنہ

حضرت صفوان بن معطل کی روایت کردہ احادیث

7192 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُفَضَّلِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ الْمُعَطَّلِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَصَلَّى الْعِشَاءَ، ثُمَّ نَامَ حَتَّى إِذَا كَانَ مَعَ انْتِصَافِ اللَّيْلِ قَامَ، فَتَلَا هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ مِنْ آخِرِ سُورَةِ آلِ عِمْرَانَ حَتَّى خَتَمَ السُّورَةَ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَتَسَوَّكَ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، لَا أَدْرِي

حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی سفر میں دیکھا کہ آپ نے نمازِ عشاء پڑھائی جب آدھی رات کا وقت ہوا تو کھڑے ہوئے اور سورۂ آل عمران کی آخری آیات پڑھیں مکمل پھر وضو کیا اور مسواک کی پھر دو رکعتیں پڑھیں مجھے معلوم نہیں کہ آپ کا قیام یا رکوع یا سجود لمبا تھا پھر آپ سو گئے پھر اُٹھے اور کچھ آیات پڑھیں مسواک کی اور وضو کیا پھر ایسے ہی کیا پھر پہلے کی طرح نماز پڑھی آپ نے دو رکعتیں پڑھیں پھر سو گئے پھر اُٹھے اور پہلی مرتبہ کی طرح کیا آپ

7192- ورواه عبد الله بن احمد في زوائد المسند جلد 5 صفحه 312 وفيه عبد الله بن جعفر والد علي بن المديني وهو ضعيف كذا في المجمع جلد 2 صفحه 272 .

أَقِيَامُهُ أَوْ رُكُوعُهُ أَوْ سُجُودُهُ أَطْوَلُ، ثُمَّ قَالَ: ثُمَّ اسْتَيْقَظَ فَقَرَأَ الْآيَاتِ أَيْضًا، ثُمَّ تَسَوَّكَ وَتَوَضَّأَ، ثُمَّ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ صَلَّى مَا صَلَّى مِثْلَ الْأَوَّلِ، ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ يَنَامُ، ثُمَّ يَسْتَيْقِظُ كَمَا فَعَلَ فِي الْمَرَّةِ الْأُولَى حَتَّى صَلَّى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً

نے گیارہ رکعتیں پڑھیں۔

7193 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَتْ قَارَنَهَا الشَّيْطَانُ، إِذَا انْبَسَطَتْ فَارَقَهَا، فَإِذَا دَنَتْ لِلزَّوَالِ قَارَنَهَا، وَإِذَا زَالَتْ فَارَقَهَا، وَإِذَا دَنَتْ لِلْمَغِيبِ قَارَنَهَا، وَإِذَا غَرَبَتْ فَارَقَهَا، فَنَهَى عَنِ الصَّلَاةِ فِي تِلْكَ السَّاعَاتِ

حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سورج جب طلوع ہوتا ہے تو شیطان کا سینگ بلند ہوتا ہے جب بلند ہوتا ہے تو ختم ہو جاتا ہے جب دوپہر کا وقت ہوتا ہے تو پھر سینگ طلوع ہوتا ہے جب ختم ہو جاتا ہے تو سورج ڈھل جاتا ہے جب سورج غروب ہونے کے قریب ہوتا ہے تو سینگ پر غروب ہوتا ہے جب غروب ہو جاتا ہے تو ختم ہو جاتا ہے ان وقتوں میں نماز پڑھنا منع ہے۔

7194 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ

حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7193- ورواه أحمد جلد5صفحه312 كذا فى نسختنا من المسند وقال فى المجمع جلد2صفحه244-245 رواه عبد الله فى زياداته فى المسند ورجاله رجال الصحيح الا أنى لا أدرى سمع المقبرى منه أم لا' والله أعلم' وقد رواه ابن ماجه رقم الحديث: 1252 عن سعيد المقبرى عن أبى هريرة أن صفوان بن المعطل قال: يا رسول الله . وقال فى المجمع جلد2صفحه227' ورجاله موثقون . قلت: قال فى الزوائد: اسناده حسن .

7194- ورواه أحمد جلد 5صفحه312 قال فى المجمع جلد10صفحه2 رواه عبد الله بن أحمد والطبرانى وفيه عمر بن نبهان العبدى وهو متروك . قلت نسخة الحافظ الهيثمى أصبح من النسخة المطبوعة لأن عمرو بن على من شيوخ عبد الله بن أحمد .

الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ نَبْهَانَ، حَدَّثَنِي أَبُو عِيسَى، سَلَّامٌ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ قَالَ: خَرَجْنَا حُجَّاجًا، فَلَمَّا كُنَّا بِالْعَرْجِ إِذَا نَحْنُ بِحَيَّةٍ تَضْطَرِبُ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ مَاتَتْ، فَأَخْرَجَ لَهَا رَجُلٌ مِنَّا خِرْقَةً مِنْ عُبَيَّةٍ لَهُ، فَلَفَّهَا وَخَدَّ لَهَا فِي الْأَرْضِ، ثُمَّ قَدِمْنَا مَكَّةَ، فَإِنَّا لَبِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، إِذْ وَقَفَ عَلَيْنَا شَخْصٌ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ صَاحِبُ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ؟ فَقُلْنَا: مَا نَعْرِفُهُ .قَالَ: أَيُّكُمْ صَاحِبُ الْجَانِّ؟ قَالُوا: هَذَا .قَالَ: أَمَا إِنَّهُ كَانَ آخِرَ التِّسْعَةِ مُؤْمِنًا الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ

ہم حج کے لیے نکلے جب ہم مقامِ عرج پر پہنچے تو ہم نے سانپ حرکت کرتے ہوئے دیکھا' کچھ دیر بعد وہ مر گیا' ہم میں سے ایک آدمی نے اس کے لیے زمین کھود کر دفن کر دیا' جب ہم مکہ آئے تو مسجد حرام میں اچانک ہمارے سامنے ایک شخص آیا' اُس نے کہا: تم میں سے عمرو بن جابر کا ساتھی کون ہے؟ ہم نے کہا: ہم اس کو نہیں جانتے ہیں' اس نے کہا: جنوں کا ساتھی تم میں سے کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: یہ ہے' اس نے کہا: بہرحال وہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور قرآن سنا' ان نو (جنوں) میں سے آخری تھا۔

7195 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، ثنا أَبُو وَهْبٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ الْمُعَطَّلِ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أُنَادِي: أَنْ لَا تَنْبِذُوا فِي الْجَرِّ

حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بھیجا کہ اعلان کروں کہ مٹکے میں نبیذ نہ بناؤ۔

صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ الْمُرَادِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، عَنْ صَفْوَانَ

حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت صفوان بن عسال

7195- قال في المجمع جلد5صفحه61' ومكحول لم يدرك صفوان وبقية رجاله ثقات .

بْنِ عَسَّالٍ ... سے روایت کرتے ہیں

7196 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ومُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ الْبُنَانِيُّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ حَدَّثَ صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ الْمُرَادِيُّ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُتَّكِئٌ فِي الْمَسْجِدِ عَلَى بُرْدٍ لَهُ فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي جِئْتُ أَطْلُبُ الْعِلْمَ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بطالب الْعِلْمِ، طَالِبُ الْعِلْمِ لَتَحُفُّهُ الْمَلَائِكَةُ وَتُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا، ثُمَّ يَرْكَبُ بَعْضُهُ بَعْضًا حَتَّى يَبْلُغُوا السَّمَاءَ الدُّنْيَا مِنْ حُبِّهِمْ لِمَا يَطْلُبُ، فَمَا جِئْتَ تَطْلُبُ؟

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ مسجد میں اپنی چادر سے ٹیک لگائے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں علم حاصل کرنے کے لیے آیا ہوں' آپ نے فرمایا: علم کی تلاش کے لیے آنے والے کوخوش آمدید! فرشتے طالبِ علم کی رضا حاصل کرنے کے لیے پَر بچھاتے ہیں' پھر ایک دوسرے پر سوار کر کے آسمانِ دنیا تک پہنچا دیتے ہیں' علم کی تلاش کی محبت کرو' تو علم حاصل کرنے کے لیے آیا ہے؟

7197 - قَالَ: قَالَ صَفْوَانُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا نَزَالُ نُسَافِرُ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَأَفْتِنَا عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ

حضرت صفوان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی: یارسول اللہ! ہم مکہ اور مدینہ کے درمیان سفر کرتے رہتے ہیں' ہمیں موزوں پر مسح کرنے کا فتویٰ دیں' حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: مسافر تین دنوں کے لیے کرے گا اور مقیم ایک دن ورات کے لیے کرے گا۔

زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ الْأَسَدِيُّ ... حضرت زر بن حبیش اسدی' حضرت

7196- قال في المجمع جلد1صفحه131' ورجاله رجال الصحيح .

عَنْ صَفْوَانَ، زُبَيْدُ الْيَامِيُّ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ

صفوان سے' زبید الیامی حضرت زر بن حبیش سے اور وہ حضرت صفوان سے روایت کرتے ہیں

7198 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، قَالُوا: ثنا أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ، ثنا أَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زُبَيْدٍ الْيَامِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، قَالُوا: اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمْ يَرَهُمْ. قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ،

حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اسی دوران حضور ﷺ سفر میں تھے' اچانک ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: اے محمد! صحابہ کرام نے کہا: اپنی آواز رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آہستہ کر! اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے حالانکہ اس نے انہیں دیکھا نہیں' آپ نے فرمایا: آدمی جس کے ساتھ محبت کرتا ہے اُسی کے ساتھ ہوگا۔

7199 - ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ، لَا يَنْزِعُهُ مِنْ بَوْلٍ وَلَا نَوْمٍ وَلَا غَائِطٍ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

پھر اس نے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: مسافر تین دن ورات کرے گا اور مقیم ایک دن ورات کرے گا' بول و براز کی صورت میں نہیں اُتارے گا' حالتِ جنابت میں اتارے گا۔

7200 - ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ التَّوْبَةِ، فَقَالَ: لِلتَّوْبَةِ بَابٌ بِالْمَغْرِبِ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ عَامًا أَوْ أَرْبَعِينَ عَامًا، لَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى يَأْتِيَ بَعْضُ

پھر اس نے توبہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: مغرب کی جانب توبہ کا دروازہ ہے' اس کی مسافت ستر یا چالیس سال جتنی ہے' وہ دروازہ کھلا رہے گا یہاں تک کہ

7198- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 241,240,239' والترمذى رقم الحديث: 3602,3601' وقال حسن صحيح وابن حبان رقم الحديث: 2507,180,179 .

آيَاتِ رَبِّكَ طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

بعض نشانیاں آئیں یہاں تک کہ سورج مغرب کی جانب سے طلوع ہو۔

طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ، عَنْ زِرٍّ

طلحہ بن مصرف' حضرت زر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

7201 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ الدَّقِيقِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ قَبِيصَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا أَبُو جَنَابٍ، حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ، أَنَّ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ، أَتَى صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ إِلَيَّ الْغَدَاةَ؟ فَقَالَ: غَدَا بِي الْتِمَاسُ الْعِلْمِ .قَالَ: أَمَا إِنَّهُ مَا يَصْنَعُ مَا صَنَعْتَ أَحَدٌ إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا، رِضًا بِالَّذِي يَصْنَعُ قُلْتُ: إِنِّي غَدَوْتُ أَسْأَلُكَ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ . قَالَ: إِنِّي سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَأَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، ثَلَاثٌ لِلْمُسَافِرِ لَا يَنْزِعُهُمَا مِنْ غَائِطٍ، وَلَا بَوْلٍ، وَلَا نَوْمٍ، وَيَوْمٌ لِلْمُقِيمِ

حضرت زر بن حبیش' حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ حج کے وقت کیسے آتے ہیں؟ عرض کی: علم کی تلاش کے لیے' آپ نے فرمایا: جس طرح تُو نے کہا اس طرح کوئی بھی کرتا ہے تو اس کے پاؤں کے نیچے فرشتے پَر بچھاتے ہیں' اس کی رضا کے لیے اس کام کے بدلے جو وہ کرتا ہے۔ میں نے کہا: میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا ہوں' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ! کیا میں موزوں پر مسح کروں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! مسافر تین دن و رات کرے گا' بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہ اُتارے اور مقیم ایک دن و رات کرے گا۔

حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ صَفْوَانَ

حبیب بن ابوثابت' حضرت زر بن صفوان سے روایت کرتے ہیں

7202 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت

7202- قال فی المجمع جلد 1 صفحه123 رواه الطبرنای فی الکبیر وهو عند الترمذی رقم الحدیث: 96 خلا ذکر العالم

يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيُّ الرَّازِيُّ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ، وَقُرِءَ عَلَيْهِ فَقُلْنَا: نَرْوِي عَنْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِي حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ الْأَسَدِيِّ، أَنَّهُ أَتَى صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، وَكَانَ مِمَّنْ يُسْأَلُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: حَاجَتُكُمْ؟ قَالُوا: خَرَجْنَا مِنْ يَوْمِنَا ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ .قَالَ: فَإِنَّهُ مَنْ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِلْمُتَعَلِّمِ وَالْعَالِمِ .وَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ، فَقَالَ: نَعَمْ، سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ

صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، حضور ﷺ کے اصحاب آپ سے پوچھتے تھے، حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ اُنہوں نے کہا: ہم علم حاصل کرنے کے لیے نکلے ہیں، حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو دنیا میں علم حاصل کرنے کے لیے گھر سے نکلتا ہے تو فرشتے علم حاصل کرنے اور پڑھانے والے کے لیے پَر بچھاتے ہیں، میں نے آپ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا تو حضور ﷺ نے فرمایا: مسافر کے لیے تین دن و رات مدت مقرر فرمائی اور مقیم کے لیے ایک دن و رات، بول و براز اور نیند کی وجہ سے موزے نہیں اتارے گا، ہاں البتہ غسل فرض ہو جائے تو اتارے گا۔

عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ عَنْ زِرٍّ

عاصم بن ابونجود، حضرت زر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

7203 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ أَسْأَلُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كَانَ

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے کہ مسافر

وفيه عبد الكريم ابن أبي المخارق وهو ضعيف .

7203- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 792 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَأْمُرُنَا فِي السَّفَرِ أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ نَوْمٍ وغائطٍ وَبَوْلٍ

تین دن و رات اور اس سے پہلے نیند یا بول و براز کی وجہ سے نہ اُتارے ماسوائے غسل فرض ہونے کے۔

7204 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قُلْتُ: جِئْتُ ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ قَالَ: فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ خَارِجٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ، إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا بِمَا يَصْنَعُ

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے۔ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو کوئی علم حاصل کرنے کے لیے اپنے گھر سے نکلتا ہے تو فرشتے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں' اس کام کے صدقے جو وہ کرتا ہے۔

7205 - قُلْتُ: جِئْتُ أَسْأَلُكَ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ قَالَ: نَعَمْ، كُنْتُ فِي الْجَيْشِ الَّذِي بَعَثَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَنَا أَنْ نَمْسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ إِذَا نَحْنُ أَدْخَلْنَاهُمَا عَلَى طُهُورٍ، ثَلَاثًا إِذَا سَافَرْنَا، وَلَيْلَةً إِذَا أَقَمْنَا، وَلَا نَخْلَعُهُمَا مِنْ غَائِطٍ، وَلَا بَوْلٍ، وَلَا نَوْمٍ، وَلَا نَخْلَعُهُمَا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

میں نے عرض کی: میں آپ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا ہوں' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے' میں اس لشکر میں تھا جسے اللہ کے رسول ﷺ نے بھیجا تھا' ہمیں آپ نے موزوں پر مسح کرنے کا حکم دیا' جو ہم وضو کر کے پہنے ہوئے ہوں' سفر کی حالت میں تین دن و رات اور ہمیں حکم دیا کہ یہ بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہ اُتاریں ہاں اگر غسل فرض ہو تو ہمیں اتارنے کا حکم دیتے۔

7206 - قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

7204- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 793' وابن ماجه رقم الحديث: 226' وابن حبان رقم الحديث: 79' وأحمد جلد 4 صفحه 240,239' وابن خزيمة رقم الحديث: 193' والبيهقي جلد 1 صفحه 276 .

7205- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 795' والحميدي رقم الحديث: 881' وابن خزيمة رقم الحديث: 196' والنسائي جلد 1 صفحه 83-84 مقتصرًا على المسح والشافعي (82) .

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ لِلْمَغْرِبِ بَابًا مَفْتُوحًا لِلتَّوْبَةِ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ سَنَةً، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا

مغرب کی جانب توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے جس کی مسافت ستر سال جتنی ہے وہ سورج کے مغرب کی جانب سے طلوع ہونے تک بند نہیں ہوگا۔

7207 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ .قَالَ: فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَطْلُبُ .قَالَ: قُلْتُ: حَكَّ فِي صَدْرِي مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ، وَالْبَوْلِ، وَكُنْتُ امْرَأً مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُكَ أَسْأَلُكَ عَنْ ذَلِكَ، هَلْ سَمِعْتَ مِنْهُ فِي ذَلِكَ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كَانَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَوْ كُنَّا مُسَافِرِينَ أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے آیا ہوں' فرمایا: فرشتے طالب علم کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں' میں نے عرض کی: میرے سینے میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی' بول و براز کے بعد۔ رسول اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک فرد بولا: میں آپ کے پاس پوچھنے کے لیے آیا ہوں کہ کیا آپ نے جانِ عالم حضور ﷺ سے اس کے متعلق کوئی شی سنی ہے؟ فرمایا: جی ہاں! آپ ہمیں حکم دیتے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو تین دن و رات نہ اُتاریں سوائے بول و براز اور نیند کے' ہاں غسل فرض ہو جائے تو پھر اُتارتے ہیں۔

7208 - قُلْتُ: أَسَمِعْتَهُ يَذْكُرُ الْهَوَى؟ قَالَ: نَعَمْ، بَيْنَا نَحْنُ مَعَهُ فِي مَسِيرٍ إِذْ نَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ جَهْوَرِيٍّ -أَوْ قَالَ جَوْهَرِيٍّ ابْنُ عُيَيْنَةَ شَكَّ- قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَأَجَابَهُ بِنَحْوٍ مِنْ كَلَامِهِ، فَقَالَ: مَهْ .قَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا أَحَبَّ قَوْمًا، وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

میں نے عرض کی: کیا آپ نے محبت کے متعلق سنا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! ہم سفر میں تھے کہ اچانک دیہاتی آدمی نے بلند آواز سے آواز دی' اس نے عرض کی: اے محمد! آپ نے اس کے پکارنے کی طرح آواز دی' اس نے عرض کی: آپ بتائیں کہ اگر کوئی کسی سے محبت کرتا ہو اور اس سے ملاقات نہ ہو سکے تو؟ آپ نے فرمایا: وہ قیامت کے دن اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

7209 - قَالَ: فَلَمْ يَزَلْ يُحَدِّثُنَا حَتَّى قَالَ: إِنَّ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ بَابًا مَسِيرَةُ، عَرْضِهِ سَبْعِينَ سَنَةً، فَتَحَهُ اللّٰهُ لِلتَّوْبَةِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ، وَلَا يُغْلِقُهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ نَحْوِهِ

آپ ہمیں مسلسل بیان کرتے رہے' آپ نے فرمایا: مغرب کی جانب ایک دروازہ ہے' اس کی مسافت ستر سال چلنے جتنی ہے' اللہ عزوجل نے وہ توبہ کے لیے کھولا ہوا ہے' جب سے زمین و آسمان بنے ہیں' وہ بند نہیں ہوگا یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو۔

7210 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَمَرَنَا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَأَمَّا مِنْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ فَلَا

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے' آپ ہمیں حکم دیتے کہ ہم موزوں پر تین دن و رات مسح کریں اور بول و براز کی وجہ سے نہ اُتاریں۔

حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ، وجَعْفَرٌ الْقَلَانِسِيُّ، قَالَا: ثنا آدَمُ، ح وحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

7211 - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ قَالَ: جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح کی مدت مسافر کے لیے تین دن و رات مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن و رات مقرر کی۔

7212 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِينَا إِذَا سَافَرْنَا أَوْ كُنَّا سَفَرًا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ بَوْلٍ وَنَوْمٍ وغائطٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں وصیت کرتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو ہم تین دن ورات موزوں کو نہ اُتاریں بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل فرض ہونے کے۔

7213 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، وَقَدْ حَكَّ فِي صَدْرِي مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ قَدْ حَكَّ فِي صَدْرِي مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ شَيْءٌ قَالَ: نَعَمْ، أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ لَا نَنْزِعَ أَوْ نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ مِنْ غَائِطٍ، وَلَا بَوْلٍ، وَلَا نَوْمٍ إِلَّا الْجَنَابَةَ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات تھی' میں نے عرض کی: میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق کوئی بات ہے' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضورﷺ ہمیں حکم دیتے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزوں کو تین دن ورات نہ اُتاریں بول و براز کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

7214 - وَإِنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ أَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يُنَادِيهِ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ، أَيَا مُحَمَّدُ، أَيَا مُحَمَّدُ .فَقُلْنَا لَهُ: وَيْحَكَ اخْفِضْ -أَوِ اغْضُضْ- مِنْ صَوْتِكَ، فَإِنَّكَ قَدْ نُهِيتَ مِنْ هَذَا، قَالَ: لَا وَاللهِ حَتَّى أُسْمِعَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَاؤُمُ .قَالَ: أَرَأَيْتَ

دیہات سے ایک دیہاتی آدمی رسول اللہﷺ کی بارگاہ میں آیا' وہ بلند آواز سے آپ کو پکارنے لگا: اے محمد! اے محمد! اے محمد! ہم نے اسے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو! اپنی آواز آہستہ کر! آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا گیا ہے' اس نے کہا: اللہ کی قسم! نہیں! (میں اس لیے آواز بلند کر رہا ہوں) یہاں تک کہ میں آپﷺ کو سناؤں' پس نبی کریمﷺ نے فرمایا: آجاؤ! اس نے عرض

رَجُلًا أَحَبَّ قَوْمًا، وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: ذَلِكَ مَعَ مَنْ أَحَبَّ، الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

کی: آپ بتائیں کہ کوئی آدمی کسی گروہ سے محبت کرتا ہے اور اس سے ملاقات نہیں ہوئی؟ آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہوگا اُسی کے ساتھ اس کا انجام ہوگا۔

7215 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ: أَلَا أُبَشِّرُكَ؟ فَقُلْتُ: بَلَى .فَرَفَعَ الْحَدِيثَ قَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَطْلُبُ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا تھا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' آپ نے فرمایا: کیا میں آپ کو خوشخبری نہ دوں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے حدیث سنائی' فرمایا کہ آپ نے فرمایا: فرشتے طالب علم کی رضا حاصل کرنے کے لیے پَر بچھاتے ہیں' اس کے وسیلے جو وہ تلاش کرر ہا ہوتا ہے۔

7216 - ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَمْسَحُ الْمُسَافِرُ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ مِنْ: بَوْلٍ، أَوْ غَائِطٍ، أَوْ نَوْمٍ، لَا مِنْ جَنَابَةٍ

پھر میں نے آپ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مسافر تین دن و رات مسح کرے گا اور مقیم ایک دن و رات مسح کرے گا بول و براز کی وجہ سے نہیں اُتارے گا' ہاں اگر غسل فرض ہو جائے تو اُتارے گا۔

7217 - ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا، فَقَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، إِذْ نَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٌّ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ .فَقُلْتُ: اخْفِضْ مِنْ صَوْتِكَ، فَإِنَّكَ نُهِيتَ أَنْ تَرْفَعَ صَوْتَكَ، فَأَجَابَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَحْوٍ مِمَّا سَمِعَ مِنْهُ فَقَالَ: هَاؤُمُ .ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ

دیہات سے ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' وہ بلند آواز سے آپ کو پکارنے لگا: اے محمد! اے محمد! اے محمد! ہم نے اسے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو! اپنی آواز آہستہ کر! آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا گیا ہے' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اس کے مطابق جواب دیا' جو اس سے سنا' پس فرمایا: آؤ! پھر اس نے محبت کے بارے سوال کیا' اس نے عرض کی: آپ

الْهَوَى، عَنِ الْمَرْءِ يُحِبُّ الْقَوْمَ لَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

بتائیں کہ کوئی آدمی کسی جماعت سے محبت کرتا ہے اور اس سے ملاقات نہیں ہوئی؟ آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہوگا اُسی کے ساتھ اس کا انجام ہوگا۔

7218 - ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا، فَقَالَ: بَابُ التَّوْبَةِ مَفْتُوحٌ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ، وَعَرْضُهُ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ عَامًا، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ ثُمَّ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ) (الأنعام: 158) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

پھر ہمیں حدیث بیان کرنے لگے فرمایا: توبہ کا دروازہ مغرب کی جانب کھلا ہوا ہے اس کی چوڑائی ستر سال کی مسافت جتنی ہے وہ سورج کے مغرب کی جانب سے طلوع ہونے تک کھلا رہے گا' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''کیا وہ انتظار میں ہیں کہ فرشتے ان کے پاس آئیں''۔

عاصم بن ابی النجود عن زر

7219 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا أَصْلَعُ؟ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ: لَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَصْنَعُ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ حَاكَ -أَوْ حَالَ- فِي نَفْسِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِيهِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ كُنَّا إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَوْ مُسَافِرِينَ أَمَرَنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثًا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لَكِنْ مِنْ: غَائِطٍ، وَبَوْلٍ، وَنَوْمٍ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے اصلع! آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' آپ نے فرمایا: مجھے معلوم ہے کہ فرشتے علم حاصل کرنے والے کے پاؤں کے نیچے اپنے پَر بچھاتے ہیں اس کام کی وجہ سے جو وہ کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات ہے' کیا آپ کو رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے اس کے متعلق کوئی بات یاد ہے؟ حضرت صفوان نے فرمایا: جی ہاں! آپ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو تین دن و رات موزے نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

7220 - قُلْتُ: فَهَلْ حَفِظْتَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي الْهَوَى

میں نے عرض کی: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے محبت کے متعلق کوئی بات سنی ہے؟ فرمایا: جی ہاں! ہم

شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ كَذَا وَكَذَا، فَنَادَاهُ رَجُلٌ فِي أُخْرَيَاتِ الْقَوْمِ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ أَعْرَابِيٌّ، جِلْفٌ جَافٍ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَهْ، فَإِنَّكَ قَدْ نُهِيتَ عَنْ هَذَا، فَأَجَابَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ عَلَى نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ، فَقَالَ: هَاؤُمْ . قَالَ: الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ . قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضور ﷺ کے ساتھ تھے کہ اس اس طرح کے ایک آدمی نے لوگوں کے آخر میں بلند آواز میں پکارا' اس نے کہا: اے محمد! اے محمد! لوگوں نے یہ سن کر آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا' رسول اللہ ﷺ نے بھی اسے بلند آواز میں جواب دیا' آپ نے فرمایا: کیا مسئلہ ہے؟ اس نے عرض کی: ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن سے ملاقات نہیں ہوئی' آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہے اُسی کے ساتھ ہوگا۔

7221 - قَالَ فَمَا بَرِحَ يُحَدِّثُنِي حَتَّى حَدَّثَنِي: أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا مَسِيرَةُ عَرْضِهِ سَبْعُونَ عَامًا لِلتَّوْبَةِ، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ، وَذَلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ، أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا) (الأنعام: **158**)

آپ نے فرمایا: توبہ کا دروازہ کھلا ہے' جس کی مسافت ستر سال جتنی ہے' وہ سورج مغرب کی طرف سے طلوع ہونے تک بند نہیں ہوگا' اللہ عزوجل کا ارشاد: ''جس دن آپ کے رب کی (قیامت کی) کچھ نشانیاں آئیں گی' اس شخص کو اس کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا' جو پہلے ایمان نہیں لایا تھا' یا اس نے اپنے ایمان میں (خلوص نام کی) بھلائی نہ کمائی۔

7222 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: وَفَدْتُ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَإِنَّمَا حَمَلَنِي عَلَى الْوِفَادَةِ لُقِيُّ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَقِيتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقُلْتُ: لَقِيتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَغَزَوْتُ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلافت کے دوران ایک وفد میں آیا' مجھے حضور ﷺ کے اصحاب سے ملنے کی خواہش تھی' میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے عرض کی: آپ کی حضور ﷺ سے ملاقات ہے؟ حضرت صفوان نے فرمایا: جی ہاں! میں نے آپ کے ساتھ بارہ غزوات کیے۔ میں نے کہا: مجھے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بتائیں' حضرت صفوان نے فرمایا: حضور ﷺ ہمیں

مَعَهُ ثِنْتَيْ عَشَرَ غَزْوَةً . فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَأْمُرُنَا: إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ نَمْسَحَ عَلَى خِفَافِنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ مِنْ: بَوْلٍ، أَوْ غَائِطٍ، أَوْ نَوْمٍ، فَأَمَّا مِنْ جَنَابَةٍ فَلَا

حکم دیتے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزوں پر مسح کریں حالتِ سفر میں تین دن و رات اور حالت اقامت میں ایک دن و رات اور بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہ اُتاریں سوائے غسل جنابت کے۔

7223 - قَالَ: وَبَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، وَذَكَرَ بَابًا مِنْ قِبَلِ مَغْرِبِ الشَّمْسِ مَسِيرَةُ عَرْضِهِ سَبْعِينَ عَامًا مَفْتُوحٌ لِلتَّوْبَةِ، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ قَالَ، وَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيهِ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، فَأَجَابَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

اور فرمایا: ہم ایک رات حضور ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے مغرب کی جانب ایک دروازہ کا ذکر کیا جس کی چوڑائی ستر سال کی مسافت جتنی ہے' وہ توبہ کے لیے کھلا ہوا ہے' وہ مغرب کی جانب سورج طلوع ہونے تک بند نہیں ہو گا' ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے آپ کو بلند آواز سے پکارا' عرض کی: اے محمد! آپ بتائیں کہ کوئی آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن ان سے ملاقات نہیں کی؟ حضور ﷺ نے اس کی آواز کی طرح جواب دیا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہو گا۔

7224 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَمَرَنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثًا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ، أَوْ نَوْمٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو تین دن و راتیں موزے نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

7224- ورواه الترمذی رقم الحديث: 96 .

7225 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح تین دن وراتیں کرے گا اور مقیم ایک دن ورات۔

7226 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسَافِرِ إِذَا أَدْخَلَ رِجْلَيْهِ، وَهُمَا طَاهِرَتَانِ أَنْ يَمْسَحَ عَلَيْهِمَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَلَا يَنْزِعُهُمَا مِنْ غَائِطٍ، وَلَا بَوْلٍ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسافر جب باوضو ہو کر دونوں پاؤں میں حالتِ سفر میں موزے پہنے گا تو تین دن و رات مسح کرے گا اور بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہیں اُتارے گا سوائے غسل جنابت کے۔

7227 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ زِرٌّ: أَتَيْتُهُ فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ مِنَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَطْلُبُ الْعِلْمَ إِلَّا تَضَعُ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَفْعَلُ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّكَ امْرُؤٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ حَكَّ فِي صَدْرِي شَيْءٌ مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ،

حضرت زر فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی بھی آدمی علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کے پاؤں کے نیچے پَر بچھاتے ہیں' اس کی وجہ سے جو وہ کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: آپ رسول کریم ﷺ کے صحابی ہیں' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی ہے' پاخانہ اور پیشاب کرنے کے بعد مجھے اس کے متعلق بتائیں اگر آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ

عُبَيْدُ بْنُ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ مُطَّرِحُ بْنُ يَزِيدَ أَبُو الْمُهَلَّبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ

عبید بن زحر‘ علی بن یزید مطرح بن یزید ابومہلب سے‘ وہ عبیداللہ بن زحر سے روایت کرتے ہیں

7710- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّبَّاغُ، ثنا الْمُشْمَعِلُّ بْنُ مِلْحَانَ، عَنْ مُطَّرِحِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَعَثَنِي اللّٰهُ هُدًى وَرَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ، وَأَمَرَنِي رَبِّي أَنْ أَدُقَّ الْمَزَامِيرَ، وَالْمَعَازِفَ، وَالْأَوْثَانَ الَّتِي كَانَتْ تُعْبَدُ مِنْ دُونِ اللّٰهِ، وَأَقْسَمَ رَبِّي بِعِزَّتِهِ لَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِي إِلَّا سَقَيْتُهُ إِيَّاهُ مِنَ الْحَمِيمِ، فَإِمَّا أَغْفِرُ لَهُ، وَإِمَّا أُعَذِّبُهُ، وَأَقْسَمَ رَبِّي بِعِزَّتِهِ لَا يَسْقِي عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِي صَبِيًّا لَا يَعْقِلُهُ إِلَّا سَقَيْتُهُ مِثْلَ مَا سَقَاهُ مِنَ الْحَمِيمِ، إِمَّا أَنْ أَغْفِرَ لَهُ، وَإِمَّا أَنْ أُعَذِّبَهُ، وَأَقْسَمَ رَبِّي بِعِزَّتِهِ لَا يَتْرُكُهُ عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِي مَخَافَتِي إِلَّا سَقَيْتُهُ إِيَّاهُ فِي حَضِيرَةِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ نے مجھے ہدایت اور تمام عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا اور میرے رب نے مجھے حکم دیا کہ مزامیر معازف اور بت توڑ دوں‘ اللہ کو چھوڑ کر جن کی عبادت کی جاتی ہے‘ میرے رب نے اپنی عزت کی قسم فرمائی‘ میرے بندوں میں سے جو بھی میرا بندہ شراب پیے گا‘ تو میں اسے (جہنم کا) گرم پلاؤں گا (اس کے بعد) یا میں اسے معاف کروں یا عذاب دوں۔ میرے رب نے قسم فرمائی ہے کہ میرے بندوں میں سے جو بندہ بھی خواہ وہ غیر عاقل بچہ ہی کیوں نہ ہو‘ میں اسے گرم پانی پلاؤں گا (اس کے بعد) خواہ میں اسے معاف کروں یا عذاب دوں اور میرے رب نے اپنی عزت کی قسم کھائی ہے کہ میرے ڈر سے میرے بندوں میں سے جو بندہ اسے چھوڑے گا تو میں اسے ''حضیرۃ القدس'' میں پلاؤں گا۔

7710- المشمعل صدوق يخطئ . ومطرح ضعيف . وعبيد الله بن زحر صدوق يخطئ . وعلي بن يزيد ضعيف .

الْقُدُسِ

7711- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا مُطَّرِحُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَحِلُّ بَيْعُ الْمُغَنِّيَاتِ، وَلَا شِرَاؤُهُنَّ، وَلَا التِّجَارَةُ فِيهِنَّ، وَأَثْمَانُهُنَّ حَرَامٌ، وَالِاسْتِمَاعُ إِلَيْهِنَّ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گانے والیوں کی خرید وفروخت اور ان میں تجارت کرنا حرام ہے اوران کی ثمنیں بھی حرام ہیں اوران سے استماع بھی حرام ہے۔

7712- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ حَسَنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ مُطَّرِحٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَعَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ مَسِيرَةَ مِائَةِ عَامٍ، رَكْضَ الْفَرَسِ الْجَوَادِ الْمُضْمَرِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک روزہ اللہ کی رضا کے لیے رکھا' اللہ اس سے جہنم کوایک ہزار سال کی مسافت جتنا دور کردے گا' جس پر عمدہ سدھائے گھوڑے پر سوار ہو کر سفر کیا جائے۔

7713- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّبَّاغُ، ثنا الْمُشْمَعِلُّ بْنُ مِلْحَانَ، عَنْ مُطَّرِحِ بْنِ يَزِيدَ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس دین والوں پر عروج بھی آئے گا اور پھر زوال کا شکار بھی ہوں گے' خبردار! اس دین کا

7711- وقال في المجمع جلد8صفحه122' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف .

7712- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:9683 . قال في المجمع جلد3صفحه194' وفيه مطرح وهو ضعيف .

7713- قال في المجمع جلد7صفحه271,262' وفيه علي بن يزيد وهو متروك . قلت: علمت حال غيره من رجال الاسناد آنفًا .

عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِهَذَا الدِّينِ إِقْبَالًا وَإِدْبَارًا، أَلَا وَإِنَّ مِنْ إِقْبَالِ هَذَا الدِّينِ أَنْ تَفْقَهَ الْقَبِيلَةُ بِأَسْرِهَا حَتَّى لَا يَبْقَى إِلَّا الْفَاسِقُ، وَالْفَاسِقَانِ ذَلِيلَانِ فِيهَا، إِنْ تَكَلَّمَا قُهِرًا وَاضْطُهِدَا، وَإِنَّ مِنْ إِدْبَارِ هَذَا الدِّينِ، أَنْ تَجْفُوَ الْقَبِيلَةُ بِأَسْرِهَا، فَلَا يَبْقَى إِلَّا الْفَقِيهُ وَالْفَقِيهَانِ، فَهُمَا ذَلِيلَانِ إِنْ تَكَلَّمَا قُهِرًا وَاضْطُهِدَا، وَيَلْعَنُ آخِرُ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا، أَلَا وَعَلَيْهِمْ حَلَّتِ اللَّعْنَةُ حَتَّى يَشْرَبُوا الْخَمْرَ عَلَانِيَةً حَتَّى تَمُرَّ الْمَرْأَةُ بِالْقَوْمِ، فَيَقُومُ إِلَيْهَا بَعْضُهُمْ، فَيَرْفَعُ بِذَيْلِهَا كَمَا يُرْفَعُ بِذَنَبِ النَّعْجَةِ، فَقَائِلٌ يَقُولُ: يَوْمَئِذٍ أَلَا وَارِ مِنْهَا وَرَاءَ الْحَائِطِ، فَهُوَ يَوْمَئِذٍ فِيهِمْ مِثْلُ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فِيكُمْ، فَمَنْ أَمَرَ يَوْمَئِذٍ بِالْمَعْرُوفِ، وَنَهَى عَنِ الْمُنْكَرِ فَلَهُ أَجْرُ خَمْسِينَ مِمَّنْ رَآنِي، وَآمَنَ بِي وَأَطَاعَنِي وَتَابَعَنِي

عروج یہ ہے کہ ہر قبیلہ سارے کا سارا فقہ حاصل کرے حتیٰ کہ صرف ایک فاسق باقی رہ جائے اور دو فاسق اس میں ذلیل ہوں اگر وہ دونوں کلام کریں اور ان پر ظلم کیا جائے اور بے شک اس دین کا زوال یہ ہے کہ سارا کا سارا قبیلہ جفا کرے۔ صرف ایک فقیہ یا دو فقیہ رہ جائیں اور وہ ذلت کا شکار ہوں اگر وہ قاہرانہ گفتگو کریں اور ان پر ظلم کیا جائے حال یہ ہو کہ بعد میں آنے والے اُمتی پہلے اُمتیوں پر لعن طعن کریں۔ خبردار! ان (بعد والوں) پر لعنت حلال ہوگی یہاں تک کہ وہ علانیہ شراب پئیں یہاں تک کہ عورت گروہ کے پاس سے گزرے گی تو ان میں سے کوئی اُٹھ کر اس کے پیچھے جائے گا اور اس کے پلّو کو اُٹھائے گا جیسے بکری کی دُم اُٹھائی جاتی ہے۔ پس ایک کہنے والا اس دن کہے گا: ارے اس کو دیوار کے پیچھے لے جا کر چھپا! اس وقت اگر کوئی ایسا آدمی ہوا تو ان میں اس کا مقام ایسے ہوگا جیسے آج تم میں ابوبکر و عمر کا مقام ہے پس اس وقت جو نیکی کا حکم دے گا اور بُرائی سے منع کرے گا تو اسے پچاس صحابہ کے برابر اجر ملے گا جنہوں نے مجھے دیکھا ایمان لائے اور میری اطاعت و پیروی کی۔

عبید الله بن زحر عن علی بن یزید عن عبید الله بن زحر

7714- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُطَّرِحِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے نماز شروع کرنے لگے ایک تھوک قبلہ کی جانب دیکھا آپ نے نعلین مبارک اتارے پھر چلے اس کو صاف کیا ایسا تین دفعہ کیا جب نماز مکمل کر

7714- قال في المجمع جلد2صفحه19 رواه الطبراني من رواية عبيد الله بن زحر عن على بن يزيد و كلاهما ضعيف . وعلمت حال مطرح وهو أيضًا ضعيف .

قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَاسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ، فَرَأَى نُخَاعَةً فِي الْقِبْلَةِ، فَخَلَعَ نَعْلَهُ، ثُمَّ مَشَى إِلَيْهَا فَحَتَّهَا، فَفَعَلَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ يُوَجِّهُهُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ، فَإِنَّهُ فِي مَقَامٍ عَظِيمٍ بَيْنَ يَدَيْ رَبٍّ عَظِيمٍ يَسْأَلُ أَمْرًا عَظِيمًا الْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ، وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ، فَإِنَّهُ يَقُومُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ مُسْتَقْبِلَ رَبِّهِ وَمَلَكُهُ عَنْ يَمِينِهِ وَقَرِينُهُ عَنْ يَسَارِهِ، فَلَا يَتْفُلَنَّ أَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلَا عَنْ يَمِينِهِ، وَلَكِنْ عَنْ يَسَارِهِ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى، ثُمَّ لِيَعْرُكْ فَلْيُشَدِّدْ عَرْكَهُ، فَإِنَّمَا يَعْرُكُ أُذُنِيِ الشَّيْطَانِ، وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ إِذَا تَكَشَّفَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ الْحُجُبُ، أَوْ يُؤْذَنُ فِي الْكَلَامِ شَكًا مِمَّا يَلْقَى مِنْ ذَلِكَ

لی تو لوگوں کی جانب متوجہ ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! جب تم میں سے کوئی نماز میں ہوتو وہ رب عظیم کے سامنے بڑے مقام پر ہوتا ہے' تو وہ امر عظیم کا سوال کرتا ہے' یعنی جنت کی کامیابی اور جہنم سے پناہ' جب تم میں سے کوئی نماز کی حالت میں ہوتو وہ اللہ کی بارگاہ میں کھڑا ہوتا ہے' اس کے دائیں بائیں جانب اس کے فرشتے ہوتے ہیں' تم میں سے کوئی دائیں طرف اور سامنے کی جانب نہ تھوکے' بلکہ بائیں طرف یا پاؤں کے نیچے تھوکے' پھر سختی سے اسے رگڑ دے کیونکہ اس طرح گویا وہ شیطان کے کان رگڑتا ہے' قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے! جب تمہارے اور اس کے درمیان سے پردے ہٹ جائیں یا کلام کی اجازت مل جائے تو وہ اس چیز کی شکایت کرے' اس سے جو اُسے ملتا ہے۔

7715- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں جب جنت میں داخل ہوا تو میں

7715- ورواه في الصغير جلد 2صفحه59' والأوسط (358 مجمع البحرين)' قال في المجمع جلد 9صفحه299' ورجال الصغير ثقات . قلت: ان سند الصغير والأوسط واحد وفيه أبو جناب الكلبي وهو ضعيف لتدليسه . ررواه أحمد جلد5صفحه259 في حديث طويل' قال في المجمع جلد 9صفحه59 وجلد10صفحه262 مطرح بن يزيد وعلى بن يزيد الألهاني مجمع على ضعفهما . وسند الكبير فيه عبيد الله بن زحر وعلى بن يزيد . ولكن للحديث شواهد .

عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي أُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ، فَسَمِعْتُ خَشْفَةً، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: بِلَالٌ

نے اپنے آگے کسی کے چلنے کی آواز سنی میں نے کہا: یہ کون ہے؟ عرض کی: حضرت بلال رضی اللہ عنہ۔

عبيد الله بن زحر عن علي بن يزيد عن القاسم عن ابي امامة

7716- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لُقْمَانَ قَالَ لِابْنِهِ: يَا بُنَيَّ عَلَيْكَ بِمَجَالِسِ الْعُلَمَاءِ، وَاسْتَمِعْ كَلَامَ الْحُكَمَاءِ، فَإِنَّ اللّٰهَ يُحْيِي الْقَلْبَ الْمَيِّتَ بِنُورِ الْحِكْمَةِ كَمَا يُحْيِي الْأَرْضَ الْمَيْتَةَ بِوَابِلِ الْمَطَرِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا: اے میرے بیٹے! تم علماء کی محفلوں میں بیٹھو اور حکماء کی باتیں سنو! اللہ عزوجل تمہارے دل کو حکمت کے نور سے زندہ کر دے گا جس طرح زمین کو بارش کے قطروں سے زندہ کرتا ہے۔

7717- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، ثنا أَبُو الْمُهَلَّبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَا دَنَوْتُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ، أَوْ تَطَوُّعٍ إِلَّا سَمِعْتُهُ يَدْعُو بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ الدَّعَوَاتِ، لَا يَزِيدُ فِيهِنَّ وَلَا يَنْقُصُ مِنْهُنَّ: اللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَخَطَايَايَ، اللّٰهُمَّ أَنْعِشْنِي، وَاجْبُرْنِي، وَاهْدِنِي

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے تمہارے آقا ﷺ کو فرض یا نفل پڑھتے ہوئے دیکھا تو میں نے آپ سے سنا کہ آپ کو ان کلمات کے ساتھ دعا کرتے ہوئے دیکھا: ''اللّٰهم اغفرلی ذنوبی وخطایای الی آخرہ''۔

7716- قال في المجمع جلد1 صفحه125' وفيه عبيد الله بن زحر عن على بن يزيد وكلاهما ضعيف .

لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، فَإِنَّهُ لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ

7718- حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ مُطَّرِحِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَتِ امْرَأَةٌ تُرَافِثُ الرِّجَالَ، وَكَانَتْ بَذِيئَةً، فَمَرَّتْ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَأْكُلُ ثَرِيدًا عَلَى طَرْيَانٍ، فَقَالَتْ: انْظُرُوا إِلَيْهِ يَجْلِسُ كَمَا يَجْلِسُ الْعَبْدُ، وَيَأْكُلُ كَمَا يَأْكُلُ الْعَبْدُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَيُّ عَبْدٍ أَعْبَدُ مِنِّي .قَالَتْ: وَيَأْكُلُ وَلَا يُطْعِمُنِي .قَالَ: فَكُلِي .قَالَتْ: نَاوِلْنِي يَدَكَ، فَنَاوَلَهَا قَالَتْ: أَطْعِمْنِي مِمَّا فِي فِيكَ فَأَعْطَاهَا، فَأَكَلَتْ، فَغَلَبَهَا الْحَيَاءُ، فَلَمْ تُرَافِثْ أَحَدًا حَتَّى مَاتَتْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک عورت تھی جو مردوں کے ساتھ مذاق سے پیش آتی' بداخلاق تھی اور فحش کلام کرتی تھی' پس ایک دن وہ نبی کریم ﷺ کے پاس سے گزری جبکہ آپ صاف ستھرا ثرید تناول فرما رہے تھے۔ اس نے کہا: اس آدمی کی طرف دیکھو! ایسے بیٹھتا ہے جیسے عام بندے بیٹھتے ہیں اور ایسے کھاتا ہے جیسے عام بندے کھاتے ہیں۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھ سے زیادہ اللہ کا عاجز بندہ کون ہے؟ اس نے کہا: خود تو کھاتا ہے لیکن مجھے نہیں کھلاتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو بھی کھا۔ اس نے کہا: مجھے اپنے ہاتھ والا لقمہ عنایت فرمائیں! آپ نے اسے دے دیا' اس نے پھر کہا: اب مجھے کھانے کیلئے وہ دیں جو آپ کے منہ میں ہے۔ پس آپ نے وہ بھی دے دیا۔ پس اس نے کھایا تو اس پر حیاء وشرم غالب آ گئی' اس کے بعد اس نے کسی مرد (یا عورت سے بھی) مذاق نہیں کیا یہاں تک کہ اس پر موت آ گئی۔

7719- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حور العین کو زعفران سے پیدا کیا۔

7718- قال في المجمع جلد9صفحه21' واسناده ضعيف .

7719- قال في المجمع جلد10صفحه419 رواه الطبراني في الكبير والأوسط (479 مجمع البحرين)' وفي اسنادهما ضعفاء . قلت: هم يحيى الحماني' ومن تقدم حالهم' وعبد السلام بن حرب له أوهام .

زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ اللّٰهُ الْحُورَ الْعِينَ مِنَ الزَّعْفَرَانِ

7720- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَأَ بِالسَّلَامِ، فَهُوَ أَوْلَى بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو سلام کرنے میں ابتداء کرتا ہے' وہ اللہ اور اس کے رسول کے زیادہ قریب ہوتا ہے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ مُطَّرِحٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

7721- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ الْكِنَانِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اتَّخَذَنِي خَلِيلًا، كَمَا اتَّخَذَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا، وَإِنَّ خَلِيلِي أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ نے مجھے دوست بنایا جس طرح کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دوست بنایا' میرے دوست حضرت ابوبکر ہیں۔

7720- ورواه أحمد جلد5صفحه254,261,264,269 .

7721- قال في المجمع جلد 9صفحه45' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف قلت وعبيد الله بن زحر مثله . وحكم شيخنا بوضعه .

7722- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُطَّرِحٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْمَرْأَةِ الصَّالِحَةِ فِي النِّسَاءِ كَمَثَلِ الْغُرَابِ الْأَعْصَمِ .قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا الْغُرَابُ الْأَعْصَمُ؟ قَالَ: الَّذِي إِحْدَى رِجْلَيْهِ بَيْضَاءُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: عورتوں میں نیک عورت کی مثال اعصم کوے کی طرح ہے' عرض کی: یارسول اللہ! اعصم کوے سے کیا مراد ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: جس کے دونوں پاؤں میں سے ایک سفید ہو۔

7723- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُطَّرِحِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّائِحَةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى طَرِيقٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، سَرَابِيلُهَا مِنْ قَطِرَانٍ، وَتَغْشَى وَجْهَهَا النَّارُ، إِذَا لَمْ تَتُبْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: نوحہ کرنے والی قیامت کے دن جنت اور دوزخ کے درمیان والے راستہ میں ہوگی' اسے تارکول کی شلوار پہنائی جائے گی' اس کے چہرے کو جہنم ڈھانپ لے گی' اگر اس نے توبہ کی تو۔

7724- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُطَّرِحِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کی عزت نہ کرنے والا منافق ہوتا ہے: (۱) اسلام میں بزرگی پانے والے کی

7722- قال في المجمع جلد4 صفحه273' وفيه مطرح بن يزيد وهو مجمع على ضعفه . قلت وعلى بن يزيد مثله .

7723- قال في المجمع جلد3صفحه14' وفيه عبيد الله بن زحر وهو ضعيرف . قلت: ومطرح بن يزيد وعلى بن يزيد كذلك .

7724- قال في المجمع جلد 1صفحه127 رواه الطبراني في الكبير من رواية عبيد الله بن زحر عن على بن يزيد و كلاهما ضعيف . قلت: ومطرح مثلهما .

بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَسْتَخِفُّ بِحَقِّهِمْ إِلَّا مُنَافِقٌ: ذُو الشَّيْبَةِ فِي الْإِسْلَامِ، وَذُو الْعِلْمِ، وَإِمَامٌ مُقْسِطٌ

(۲) علماء کی (۳) عادل بادشاہ کی۔

يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمِصْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ

یحییٰ بن ایوب مصری عبیداللہ بن زحر سے وہ علی بن یزید سے وہ قاسم سے وہ حضرت ابوامامہ الباہلی سے روایت کرتے ہیں

7725- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَجَاءَتْهَا جَارِيَةٌ لَهَا أَوْ مَوْلَاةٌ بِثَرِيدَةٍ، فَقَالَتْ: كُلِي هَذِهِ يَا سَيِّدَتِي، فَقَدْ أَعْجَبَنِي طِيبُهَا، فَقَالَتْ: أَخِّرِيهَا عَنِّي، فَأَقْسَمَتْ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: أَخِّرِيهَا عَنِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ أَحْنَثْتِيهَا كَانَ عَلَيْكِ إِثْمُهَا

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے ایک لونڈی آپ کے پاس ثرید لے کر آئی اس نے کہا: اے میری سردار! یہ کھاؤ! مجھے اس کی خوشبو اچھی لگی کہا: مجھ سے دور ہو! اس پر اس نے قسم اُٹھائی کہا: مجھ سے دور ہو! حضور ﷺ نے (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے) فرمایا: اگر تُو نے قسم توڑی تو تجھ پر گناہ ہوگا۔

7725- قال في المجمع جلد 4صفحه183 وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف وقد وثقه بعضهم . قلت هذا يخالف ما تقدم منه من انه مجمع على ضعفه . وفيه أيضًا عبيد الله بن زحر وهو مثله في الضعف .

7726- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَحَ رَأْسَ يَتِيمٍ لَا يَمْسَحُهُ إِلَّا لِلَّهِ كَانَ لَهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ مَرَّتْ عَلَيْهَا يَدُهُ حَسَنَاتٌ، وَمَنْ أَحْسَنَ إِلَى يَتِيمٍ عِنْدَهُ كُنْتُ أَنَا وَهُوَ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ وَقَرَنَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو یتیم کے سر پر اللہ کی رضا کے لیے ہاتھ پھیرتا ہے اس کے ہاتھ کے نیچے جو بال آئے ان کے بدلے ثواب ملے گا' جس نے اپنے پاس رہنے والے یتیم سے اچھا سلوک کیا وہ جنت میں میرے ساتھ اس طرح ہو گا' آپ نے اپنی دو انگلیوں کو ملایا۔

7727- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ ضُحًى، فَكَبَّرَ ثَلَاثَ تَكْبِيرَاتٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ، اسْقِنَا ثَلَاثًا، اللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا سَمْنًا وَلَبَنًا وَشَحْمًا وَلَحْمًا .وَمَا يُرَى فِي السَّمَاءِ سَحَابٌ فَثَارَتْ رِيحٌ وَغَبَرَةٌ، ثُمَّ اجْتَمَعَ سَحَابٌ، فَصَبَّتِ السَّمَاءُ، وَصَاحَ أَهْلُ الْأَسْوَاقِ وَتَفَارُّوا إِلَى سَقَائِفِ الْمَسْجِدِ، وَإِلَى بُيُوتِهِمْ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں نمازِ چاشت کے وقت کھڑے ہوئے' آپ نے تین دفعہ اللہ اکبر کہا' پھر یہ دعا کی: ''اللّٰهم اسقنا الی آخره '' آسمان میں رائی کے دانہ کے برابر بھی بادل نہیں تھے' ہوا دار غبار آیا' پھر بادل اکٹھے ہوئے' بارش برسی' بازار والے چیخ و پکار کر کے مسجد کے چھپروں اور اپنے گھروں کی طرف بھاگے' رسول اللہ ﷺ کھڑے تھے راستے پانی سے بھر گئے' ہم نے بارش کے قطرے رسول اللہ ﷺ کے دونوں کندھوں پر زلفوں کے درمیان دیکھے اس طرح جیسے موتی چمک رہے ہوں۔ رسول اللہ ﷺ چلے' میں بھی آپ کے ساتھ ہوا' آپ اپنی چال کے مطابق چل رہے تھے' آپ فرما رہے تھے: یہ تمہارے رب نے سب

7726- قال في المجمع جلد 8صفحه160 رواه أحمد جلد5صفحه265,250' والطبراني وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وفيه عبيد الله بن زحر وهو مثله .

7727- قال في المجمع جلد2صفحه214' وفيه عبيد الله بن زحر عن علي بن يزيد و كلاهما ضعيف .

قَائِمٌ، فَسَالَتِ الطُّرُقُ، وَرَأَيْنَا ذَلِكَ الْمَطَرَ عَلَى أَطْرَافِ شَعْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى كَتِفَيْهِ وَمَنْكِبَيْهِ كَأَنَّهُ الْجُمَانُ، فَانْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْصَرَفْتُ أَمْشِي عَلَى مِشْيَتِهِ وَهُوَ يَقُولُ: هَذَا أَحْدَثُكُمْ بِرَبِّهِ قَالَ أَبُو أُمَامَةَ: مَا رَأَيْتُ عَامًا أَكْثَرَ سَمْنًا وَلَبَنًا وَشَحْمًا وَلَحْمًا إِنَّ هَؤُلَاءِ فِي الطُّرُقِ مَا يَكَادُ يَشْتَرِيهِ أَحَدٌ

کچھ کیا۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس سال گھی، دودھ، چربی اور گوشت بہت زیادہ دیکھا، راستوں میں اس کو خریدنے والا کوئی نہیں تھا۔

7728- ثُمَّ انْصَرَفَ نَحْوَ الرِّجَالِ فَنَهَاهُمْ وَوَعَظَهُمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ نَحْوَ النِّسَاءِ، فَوَعَظَهُنَّ وَشَدَّدَ عَلَيْهِنَّ فِي الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ، فَأَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَامِرٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَلَغَنَا أَنَّكَ شَدَّدْتَ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ وَالذَّهَبِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنِّي لَأُحِبُّ الْجَمَالَ حَتَّى مِنْ حِبِّي الْجَمَالَ لَوْ جَعَلْتُ خِرَازَ سَوْطِي هَذَا مِنْ جِلْدِ نَمِرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ، وَإِنَّمَا الْكِبْرُ مَنْ جَهِلَ الْحَقَّ، وَغَمَصَ النَّاسَ بِعَيْنِهِ

پھر آپ مردوں کی طرف گئے، آپ نے ان کو منع کیا اور نصیحت کی، پھر عورتوں کی طرف گئے، ان کو وعظ کیا، ریشم اور سونے کے متعلق سختی کی کہ ان کی زکوٰۃ دو۔ بنو عامر کا ایک آدمی آیا، اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ہم پر ریشم اور سونا پہننے میں سختی کی، وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں، اگر میں چیتے کے چمڑے کی چھڑی بنالوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اور تکبر، حق کو حقیر جاننا ہے اور لوگوں کو اپنی آنکھوں سے حقیر جاننا۔

7729- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزوں کا تعلق جادو سے ہے: (شرکیہ کلمات پڑھ کر) دَم کرنا، کھلے بندے جادو کرنا اور (شرکیہ کلمات لکھ کر) تعویذ ڈالنا۔

7729- قال في المجمع جلد5صفحه19، وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله بن زحر مثله .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنَ السِّحْرِ: الرُّقَى، وَالتِّوَلُ، وَالتَّمَائِمُ

7730- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: انْقَطَعَ قِبَالُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَرْجَعَ، فَقَالُوا: أَمُصِيبَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَا أَصَابَ الْمُؤْمِنَ مِمَّا يَكْرَهُ، فَهُوَ مُصِيبَةٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے نعلین مبارک کے تسمے ٹوٹ گئے تو آپ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مصیبت ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: جو مؤمن کو ناپسند شی پہنچے وہ مصیبت ہے۔

7731- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا رَفَعَ رَجُلٌ صَوْتَهُ بِعَقِيرَةٍ غِنَاءً إِلَّا بَعَثَ اللّٰهُ بِشَيْطَانَيْنِ يَجْلِسَانِ عَلَى مَنْكِبَيْهِ يَضْرِبَانِ بِأَعْقَابِهِمَا عَلَى صَدْرِهِ حَتَّى يَسْكُتَ مَتَى مَا سَكَتَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریمﷺ نے فرمایا: جو آدمی گاتے ہوئے گانے والی اپنی آواز کو بلند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف دو شیطانوں کو بھیجتا ہے وہ دونوں اس کے دونوں کندھوں پر بیٹھ جاتے ہیں وہ دونوں اپنی ایڑیاں اس کے سینے پر مارتے رہتے ہیں اس کے خاموش ہونے تک جب تک وہ خاموش ہو۔

7732- وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمًا لِأَصْحَابِهِ: هَلْ أَصْبَحَ مِنْكُمْ الْيَوْمَ صَائِمًا؟ فَسَكَتُوا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک دن صحابہ سے فرمایا: تم میں سے آج روزہ کس نے رکھا ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے! پھر آپ نے فرمایا: آج تم

7730- قال في المجمع جلد2صفحه331 باسناد ضعيف . قلت: بسبب عبيد الله بن زحر وعلى بن يزيد الألهاني .

7731- قال في المجمع جلد8صفحه119-120 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدها وثقوا وضعفوا .

7732- قال في المجمع جلد3صفحه163 وفيه عبيد الله بن زحر وفيه كلام وقد وثق . قلت: وعلى بن يزيد ضعيف .

اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ عَادَ أَحَدٌ مِنْكُمِ الْيَوْمَ مَرِيضًا؟ فَسَكَتُوا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ .ثُمَّ قَالَ: هَلْ تَصَدَّقَ أَحَدٌ مِنْكُمِ الْيَوْمَ بِصَدَقَةٍ؟ فَسَكَتُوا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اسْتَعْلَى بِهِ الضَّحِكُ، ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا جَمَعَهُنَّ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَإِلَّا دَخَلَ بِهِنَّ الْجَنَّةَ

میں سے کس نے مریض کی عیادت کی ہے؟ صحابہ کرام خاموش رہے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے! آپ ﷺ نے فرمایا: آج تم میں سے کس نے صدقہ کیا ہے؟ صحابہ کرام خاموش رہے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے! رسول اللہ ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ کا مسکرانا زیادہ بلند ہوا' پھر فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جس مؤمن میں یہ باتیں جمع ہوں' وہ ان کی وجہ سے جنت میں داخل ہوگا۔

7733- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْبَعَةٌ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَأَمَّنَتِ الْمَلَائِكَةُ: رَجُلٌ جَعَلَهُ اللّٰهُ ذَكَرًا فَأَنَّثَ نَفْسَهُ وَتَشَبَّهَ بِالنِّسَاءِ، وَامْرَأَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ أُنْثَى فَتَذَكَّرَتْ وَتَشَبَّهَتْ بِالرِّجَالِ، وَالَّذِي يُضِلُّ الْأَعْمَى، وَرَجُلٌ حَصُورٌ، وَلَمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ حَصُورًا إِلَّا يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چار افراد پر دنیا و آخرت میں لعنت ہوگی اور فرشتے آمین کہیں گے: (۱) ایک آدمی جس کو اللہ نے مرد بنایا' وہ عورتوں کی مشابہت کرتا ہے (۲) وہ عورت جس کو اللہ نے عورت بنایا اور وہ مردوں کی مشابہت کرتی ہے (۳) وہ آدمی جو اندھے کو راستہ نہ بتائے (۴) بغیر شادی کے رہنے والا' بغیر شادی کے اللہ نے صرف یحییٰ بن زکریا علیہ السلام کو بنایا تھا۔

7734- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7733- قال في المجمع جلد8صفحه125' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت: وعبيد الله بن زحر مثله .

7734- قال في المجمع جلد4صفحه273' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف وقد وثق . قلت: وعبيد الله بن زحر ضعيف مثله .

سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا مُعَاذُ قَلْبًا شَاكِرًا، وَلِسَانًا ذَاكِرًا، وَزَوْجَةً صَالِحَةً تُعِينُكَ عَلَى أَمْرِ دُنْيَاكَ وَدِينِكَ خَيْرُ مَا اكْتَسَبَهُ النَّاسُ

حضور ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے معاذ! شکر کرنے والا دل اور ذکر کرنے والی زبان' نیک بیوی جو تیری دین و دنیا کے کاموں میں مدد کرے' وہ مل جائے تو وہ تیرے لیے بہترین کمائی ہے جو لوگ کماتے ہیں۔

7735- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ أَغْبَطَ النَّاسِ عِنْدِي مُؤْمِنٌ خَفِيفُ الْحَالِ، أَوِ الْحَاذِ ذُو حَظٍّ مِنَ الصَّلَاةِ، وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَأَطَاعَهُ فِي السِّرِّ، وَكَانَ غَامِضًا فِي النَّاسِ، لَا يُشَارُ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ ذُو كَفَافٍ وَصَبْرٍ عَلَى ذَلِكَ، ثُمَّ نَقَدَ بِيَدِهِ، فَقَالَ: عَجِلَتْ مَنِيَّتُهُ، وَقَلَّتْ بَوَاكِيهِ، وَقَلَّ تُرَاثُهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں میرے نزدیک قابلِ رشک وہ مؤمن ہے جو مال کم رکھتا ہے' نماز مکمل پڑھتا ہے' اپنے رب کی عبادت اچھے طریقے سے کرتا ہے اور چھپا کر اللہ کی عبادت کرتا ہے' لوگوں سے پوشیدہ' اس کی طرف لوگوں میں سے کوئی بھی انگلی سے اشارہ نہیں کرتا اور تھوڑے پر صبر کرتا ہے' پھر آپ نے ہاتھ پکڑا' فرمایا: اس کی موت جلدی ہو' رونے والیاں کم اور سامان بھی کم ہے۔

7736- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7735- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 255,252' والترمذى رقم الحديث: 2451 وحسنه والحميدى رقم الحديث: 909' وكيف يكون حسنًا وفى اسناده عبيد الله بن زحر وعلى بن يزيد' ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 4117' وفى اسناده أيوب بن سليمان مجهول وصدقة بن عبد الله ضعيف . ورواه الحاكم جلد 4 صفحه 123 مثل المصنف وقال: صحيح عندهم فتعقبه الذهبى بقوله: قلت: لا بل الى الضعف هو . ورواه نعيم فى زوائد الزهد لابن المبارك رقم الحديث: 196 .

7736- قال فى المجمع جلد 4 صفحه 326' وفيه على بن يزيد الألهانى وهو ضعيف جدًا وفيه توثيق . قلت: وعبيد الله

سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالْخَلْوَةَ بِالنِّسَاءِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا خَلَا رَجُلٌ وَامْرَأَةٌ إِلَّا دَخَلَ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُمَا، وَلَيَزْحَمُ رَجُلٌ خِنْزِيرًا مُتَلَطِّخًا بِطِينٍ، أَوْ حَمْأَةٍ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَزْحَمَ مَنْكِبِهِ مَنْكِبَ امْرَأَةٍ لَا تَحِلُّ لَهُ

حضورﷺ نے فرمایا: عورتوں کے پاس تنہائی میں بیٹھنے سے بچو' وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے' جوکوئی آدمی کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں ہوتا ہے تو تیسرا شیطان ان کے درمیان ہوتا ہے' آدمی خنزیر کے ساتھ جو کیچڑ میں لت پت ہو اس سے مل جائے وہ بہتر ہے اس سے کہ جو کسی ایسی عورت کے کندھے کے ساتھ کندھا ملائے جو اس کے لیے حلال نہیں۔

7737- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرْبَعَةٌ تَجْرِي عَلَيْهِمْ أُجُورُهُمْ بَعْدَ الْمَوْتِ: مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ عَلَّمَ عِلْمًا أُجْرِيَ لَهُ أَجْرُهُ مَا عَمِلَ بِهِ، وَمَنْ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَجْرُهَا يَجْرِي لَهُ مَا جَرَتْ، وَرَجُلٌ تَرَكَ وَلَدًا صَالِحًا، فَهُوَ يَدْعُو لَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: چار نیک کام ایسے ہیں کہ مرنے کے بعد بھی مرنے والے کو اس کا ثواب ملتا ہے: (۱) جو اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتے ہوئے مر گیا (۲) جس نے علم سکھایا مرنے کے بعد اس کا ثواب ملتا رہے گا (۳) جس نے صدقہ دیا اس کا ثواب بھی اس کے لیے جاری رہے گا (۴) نیک اولاد چھوڑ گیا جو اس کے لیے دعا کرتی رہی۔

7738- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک دن فرمایا: بیعت کون کرے گا' رسول

بن زحر ضعيف .

7737- ورواه أحمد جلد 5صفحه269,261,260' وهو بمجموع طرقه حسن . قال في المجمع جلد 1صفحه167 رواه أحمد والطبراني في الكبير والأوسط والبزار وفيه ابن لهيعة ورجل لم يسم .

7738- قال في المجمع جلد3صفحه93' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله بن زحر مثله .

عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا: مَنْ يُبَايِعُ؟ فَقَالَ ثَوْبَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَامَ نُبَايِعُ؟ أَلَيْسَ قَدْ بَايَعْنَاكَ مَرَّةً يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَلَى أَنْ لَا تَسْأَلُوا أَحَدًا شَيْئًا .قَالَ ثَوْبَانُ: فَمَا لَهُ بِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْجَنَّةُ .فَبَايَعَهُ ثَوْبَانُ قَالَ أَبُو أُمَامَةَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بِمَكَّةَ فِي أَجْمَعِ مَا يَكُونُ النَّاسُ يَسْقُطُ سَوْطُهُ، وَهُوَ رَاكِبٌ، فَرُبَّمَا وَقَعَ عَلَى عَاتِقِ رَجُلٍ، فَيَأْخُذُهُ الرَّجُلُ فَيُنَاوِلُهُ، فَمَا يَأْخُذُهُ حَتَّى يَكُونَ هُوَ الَّذِي يَنْزِلُ فَيَأْخُذَهُ

اللهﷺ کے غلام حضرت ثوبان نے عرض کی: کس پر بیعت کرنی ہے؟ ہم تو ایک مرتبہ آپ کی بیعت کر چکے ہیں' آپ نے فرمایا: اس پر کہ کسی سے کوئی شی نہ مانگو گے۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ثواب کیا ملے گا؟ آپﷺ نے فرمایا: جنت! حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے آپﷺ کی بیعت کی۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مکہ میں جہاں لوگوں کا رش ہوتا تھا' وہاں ان کا کوڑا گر جاتا جبکہ یہ سوار ہوتے' آپ اُتر کر ہی پکڑتے تھے حالانکہ بسا اوقات وہ کوڑا کسی آدمی کے کندھے پر گرتا تھا۔

7739- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: مَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَأَكُونَ أَنَا سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، وَلِسَانَهُ الَّذِي يَنْطِقُ بِهِ، وَقَلْبَهُ الَّذِي يَعْقِلُ بِهِ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میرا بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں' میری رحمت اس کی سماعت بن جاتی ہے جس کے ساتھ وہ سنتا ہے اور آنکھ بن جاتی ہے جس کے ساتھ وہ دیکھتا ہے اور زبان بن جاتی ہے جس کے ساتھ وہ بولتا ہے اور دل بن جاتا ہے جس کے ساتھ وہ سمجھتا ہے' جب دعا کرے گا تو میں قبول کرتا ہوں' اگر مجھ سے مانگے تو میں عطا کرتا ہوں' جب مجھ سے مدد مانگے گا تو

7739- قال في المجمع جلد2صفحه248' وفيه على بن يزيد وهو ضعيف. قلت: وعبيد الله بن زحر مثله. ورواه أبو عبد الرحمٰن السلمي في الأربعين الصوفية صفحه14' والبيهقي في الزهد الكبير رقم الحديث: 696.

فَإِذَا دَعَا أَجَبْتُهُ، وَإِذَا سَأَلَنِي أَعْطَيْتُهُ، وَإِذَا اسْتَنْصَرَنِي نَصَرْتُهُ، وَأَحَبُّ مَا تَعَبَّدَ لِي عَبْدِي بِهِ النُّصْحُ لِي

میں اس کی مدد کرتا ہوں' مجھے اپنے بندہ کی وہ عبادت پسند ہے جو خاص میرے لیے ہو۔

7740- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى ذِي قَرَابَةٍ يُضَعَّفُ أَجْرُهَا مَرَّتَيْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریبی رشتے دار کو صدقہ دینے سے دُگنا ثواب ملتا ہے۔

7741- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّي لِيَجْعَلَ لِي بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا، فَقُلْتُ: لَا، يَا رَبِّ، وَلَكِنْ أَشْبَعُ يَوْمًا وَأَجُوعُ ثَلَاثًا، وَإِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ إِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ، وَإِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُكَ وَشَكَرْتُكَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے میرے رب نے یہ اختیار دیا ہے کہ میں بطحاء مکہ کو سونا بناؤں' میں نے عرض کی: جی نہیں! اے میرے رب! لیکن میں ایک دن سیر ہو کر کھاؤں اور تین دن بھوکا رہوں تو جب میں بھوکا ہوں تو تیرے سامنے عاجزی اور تیرا ذکر کروں' جب میں سیر ہوں تو تیری حمد کروں اور تیرا شکریہ ادا کروں۔

7742- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور وہ عورت جس کے دونوں رخساروں پر دھواں لگا ہوا اور اپنے بچہ کے لیے نرم اور اپنے

7740- قال فی المجمع جلد3صفحه117' وفيه عبيد الله بن زحر وهو ضعيف . قلت: وعلى مثله .

7741- ورواه أحمد جلد5صفحه254' والترمذی رقم الحديث: 2451' وفيه عبيد اللّٰه بن زحر وعلى بن يزيد وهما ضعيفان كما تقدم' فهو ضعيف جدًا . ورواه أبو عبد الرحمٰن السلمی فی الأربعين الصوفية صفحه10-11 .

الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا أَنَا وَامْرَأَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ، إِذَا أَحْنَتْ عَلَى وَلَدِهَا، وَأَطَاعَتْ رَبَّهَا، وَأَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فِي الْجَنَّةِ إِلَّا كَهَاتَيْنِ وَقَرَنَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ

شوہر کی اطاعت کرنے والی اور اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنے والی' جنت میں ایسے ہوں گے۔ آپ نے دونوں انگلیوں کو ملایا۔

7743- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ إِبْلِيسَ لَمَّا أُنْزِلَ إِلَى الْأَرْضِ قَالَ: يَا رَبِّ أَنْزَلْتَنِي إِلَى الْأَرْضِ، وَجَعَلْتَنِي رَجِيمًا أَوْ كَمَا ذَكَرَ فَاجْعَلْ لِي بَيْتًا، قَالَ: الْحَمَّامُ .قَالَ: فَاجْعَلْ لِي مَجْلِسًا، قَالَ: الْأَسْوَاقُ، وَمَجَامِعُ الطُّرُقِ .قَالَ: اجْعَلْ لِي طَعَامًا .قَالَ: مَا لَا يُذْكَرُ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ قَالَ: اجْعَلْ لِي شَرَابًا، قَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ .قَالَ: اجْعَلْ لِي مُؤَذِّنًا، قَالَ: الْمَزَامِيرُ .قَالَ: اجْعَلْ لِي قُرْآنًا .قَالَ: الشِّعْرُ .قَالَ: اجْعَلْ لِي كِتَابًا، قَالَ: الْوَشْمُ. قَالَ: اجْعَلْ لِي حَدِيثًا، قَالَ: الْكَذِبُ .قَالَ: اجْعَلْ لِي مَصَايِدَ، قَالَ: النِّسَاءُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: شیطان کو جب زمین پر بھیجا گیا تو اس نے کہا: اے رب! تُو نے مجھے زمین پر بھیجا اور مجھ پر پھٹکار ہے جس طرح کہ ذکر کیا' میرے لیے گھر بنا۔ اللہ پاک نے فرمایا: تیرا گھر حمام ہے' اس نے کہا: میرے لیے محلّہ بنا! فرمایا: بازار اور جہاں لوگ رُکتے ہوں۔ اس نے کہا: میرے لیے کھانا بنا! فرمایا: وہ کھانا تیرا ہے جس پر میرا نام نہ لیا جائے' اس نے کہا: میرے لیے مشروب بنا! فرمایا: شراب! اس نے کہا: میرے لیے اطلاع بنا! فرمایا: مزامیر! اس نے کہا: میرے لیے قرآن بنا! فرمایا: شعر! اس نے کہا: میرے لیے کتاب بنا! فرمایا: وسمہ (سیاہ خضاب)! اس نے کہا: میرے لیے حدیث بنا! فرمایا: جھوٹ! اس نے کہا: میرے لیے شکارگاہیں بنا! فرمایا: عورتیں۔

7744- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7743- قال في المجمع جلد8صفحه119' وفيه على بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله بن زحر مثله .

7744- ورواه في الأوسط قال في المجمع جلد9صفحه17' وفيه على بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله مثله .

سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَضْحَكِ النَّاسِ، وَأَطْيَبِهِ نَفْسًا

حضورﷺ لوگوں سے زیادہ خوش طبع اور اچھی طبیعت والے تھے۔

7745- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَعْجِزَنَّ أَحَدُكُمْ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ أَنْ يَقُولَ: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ جَنِّبْنِي، وَجَنِّبْ مَا رَزَقْتَنِي الشَّيْطَانَ الرَّجِيمَ، فَإِنْ قُدِّرَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے جماع کرنے کے لیے آئے تو یہ دعا پڑھے: ''بسم اللّٰه اللّٰهم جنبني الى آخره'' اگران کیلئے تقدیر میں بیٹا لکھا ہے تو اسے شیطان کبھی نقصان نہ دے گا۔

7746- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَتَغُضُّنَّ أَبْصَارَكُمْ، وَلَتَحْفَظُنَّ فُرُوجَكُمْ، وَلَتُقِيمُنَّ وُجُوهَكُمْ أَوْ لَتُكْسَفَنَّ وُجُوهُكُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اپنی نگاہوں کو نیچے رکھو اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرو اور اپنے چہروں کو سیدھا رکھو۔

7747- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7745- قال في المجمع جلد4صفحه293' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله مثله .

7746- قال في المجمع جلد8صفحه63' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت: وعبيد الله بن زحر مثله .

الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَعْجِزَنَّ أَحَدُكُمْ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ أَنْ يَقُولَ: بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ جَنِّبْنِي، وَجَنِّبْ مَا رَزَقْتَنِي الشَّيْطَانَ الرَّجِيمَ، فَإِنْ قُدِّرَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا

حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے جماع کرنے کے لیے آئے تو یہ دعا پڑھے: ''بسم اللّٰہ اللّٰھم جنبنی الٰی آخرہٖ '' پس اگر ان کے درمیان اولاد ہونا تقدیر میں ہے تو شیطان اسے کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

7748- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَنْظُرُ إِلَى امْرَأَةٍ أَوَّلَ رَمْقَةٍ، ثُمَّ يَغُضُّ بَصَرَهُ إِلَّا أَحْدَثَ اللّٰهُ لَهُ عِبَادَةً يَجِدُ حَلَاوَتَهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس مسلمان کی کسی عورت پر اچانک نظر پڑ جائے تو وہ اپنی نگاہیں نیچے کرے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ایسی عبادت کر دے گا جس میں حلاوت ومٹھاس ہوگی۔

7749- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعِنْدَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک انصاری، رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا جبکہ آپ کے پاس حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما موجود تھے، اس نے عرض کی: فلاں نے کھیتی بیچ لی ہے، پس اس نے دوگنا اجر لیا یا جیسے اس نے کہا۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ ہلکی سی دو رکعت نماز کی، اس تمام دنیا و مافیہا سے بہتر

7748- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 264، وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . كذا في المجمع جلد 4 صفحه 63 قلت: وعبيد الله مثله .

7749- قال في المجمع جلد 2 صفحه 257، وفيه عبيد الله بن زحر وعلي بن يزيد وكلاهما ضعيف .

عَنْهُمَا، فَقَالَ: زَرَعَ فُلَانٌ زَرْعًا، فَأَضْعَفَ أَوْ كَمَا قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا ذَاكَ؟ رَكْعَتَانِ خَفِيفَتَانِ خَيْرٌ لَكَ مِنْ ذَلِكَ كُلِّهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا، وَلَوْ أَنَّكُمْ تَفْعَلُونَ مَا أُمِرْتُمْ بِهِ لَأَكَلْتُمْ غُيَرَاءَ زَرْعًا، وَلَا أَشْقِيَاءَ

ہیں اور اگر تم وہی کام کرتے ہو جس کا میں تمہیں حکم دیتا ہوں تو تم نے کھالیا' اس کھیتی کو اور تم بد بخت بھی نہ ہوئے۔

7750- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا جَالِسٌ وَعِنْدَهُ امْرَأَةٌ، إِذْ قَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَحْسِبُكُنَّ تُخْبِرْنَ بِمَا يَفْعَلُ بِكُنَّ أَزْوَاجُكُنَّ .قَالَتْ: إِي وَاللّٰهِ، بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا لَنَفْتَخِرُ بِذَلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَا تَفْعَلَنَّ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ مَنْ يَفْعَلُ ذَلِكَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسی اثناء میں کہ ایک دن رسول کریم ﷺ تشریف فرما تھے' آپ کے پاس ایک عورت بیٹھی تھی' جب رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: بے شک میرا گمان ہے کہ تمہارے شوہر تم سے جو کرتے ہیں' تم اس کی خبر کرتی ہو۔ اس نے کہا: قسم بخدا! اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ہم تو اس سے فخر کرتی ہیں۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایسا نہ کیا کرو کیونکہ جو ایسا کرے اس پر اللہ ناراض ہوتا ہے۔

7751- قَالَ لَهَا: إِنِّي لَأَحْسِبُ إِحْدَاكُنَّ إِذَا أَتَاهَا زَوْجُهَا لَيَكْشِفَانِ عَنْهُمَا اللِّحَافَ، يَنْظُرُ أَحَدُهُمَا إِلَى عَوْرَةِ صَاحِبِهِ كَأَنَّهُمَا حِمَارَانِ .قَالَتْ: إِي وَاللّٰهِ، بِأَبِي وَأُمِّي، إِنَّا لَنَفْعَلُ ذَلِكَ .قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوا ذَلِكَ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلَى ذَلِكَ

آپ ﷺ نے اس عورت سے فرمایا: میرا خیال ہے کہ تم میں سے کوئی عورت جب اس کا خاوند اس کے پاس آتے تو وہ دونوں اپنا بستر ایک طرف ہٹا دیتے ہیں' ان میں سے ایک دوسرے کی شرمگاہ کو دیکھتا ہے گویا کہ وہ گدھے ہیں۔ اس نے عرض کی: قسم بخدا! ہم ایسا کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کام نہ کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ

7750- قال في المجمع جلد4صفحه294' وفيه على بن يزيد وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله مثله .

اس پر ناراض ہوتا ہے۔

7752- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُطَهِّرُ الْمُؤْمِنَ ثَلَاثَةُ أَحْجَارٍ، وَالْمَاءُ طَهُورٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تین پتھر مؤمن کی پاکیزگی کا سبب بن جاتے ہیں اور پانی بذاتِ خود پاک کرنے والا ہے۔

7753- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السِّوَاكُ مَطْيَبَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مسواک منہ کو پاک کرنے والی اور ربِ عزوجل کو راضی کرنے والی ہے۔

7754- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا جَاءَنِي جِبْرِيلُ قَطُّ إِلَّا أَمَرَنِي بِالسِّوَاكِ حَتَّى لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ أُحْفِيَ مُقَدَّمَ فِمِي

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام جب بھی میرے پاس آئے تو مجھے مسواک کا حکم دیا حتیٰ کہ مجھے ڈر لگا کہ میرے منہ کا اگلا حصہ گھس جائے گا۔

7755- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

7753- في اسناده عبيد الله وعلى . وقد تقدم الكلام عليها مرارًا .

7754- ورواه أحمد جلد5صفحه263 من طريق يحيى به وهو حديث ضعيف .

7755- قال في المجمع جلد1صفحه152' وفيه عبيد الله بن زحر وعلى بن يزيد وهما ضعيفان لا يحل الاحتجاج بهما .

سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَعَرَّقَتْ لَهُ، أَوْ فَقَرَّبَتْ لَهُ عَرْقًا، فَوَضَعَتْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ عَرَّقَتْ أَوْ قَرَّبَتْ آخَرَ، فَوَضَعَتْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَأَكَلَ، ثُمَّ أَتَى الْمُؤَذِّنُ، فَقَالَ: الْوُضُوءُ الْوُضُوءُ، فَقَالَ: إِنَّمَا عَلَيْنَا الْوُضُوءُ فِيمَا يَخْرُجُ، وَلَيْسَ عَلَيْنَا فِيمَا يَدْخُلُ

صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا کے پاس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو اُنہوں نے آپ کے لیے عرق نکال کر رکھا ہوا تھا' یا اُنہوں نے آپ کو عرق پیش کیا' پس وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رکھ دیا پھر عرق نکالا' یا عرق قریب کیا' پس اس کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھایا پھر مؤذن آئے تو کہا: وضو' وضو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نکلنے والی چیز میں ہم پر وضو ہے' داخل ہونے والی چیز میں نہیں ہے۔

7756- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَعْجِزَنَّ أَحَدُكُمْ إِذَا دَخَلَ مِرْفَقَهُ أَنْ يَقُولَ: اللّٰهُمَّ، إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِيثِ الْمُخْبِثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء میں داخل ہو تو یہ کلمات پڑھ لے' اسے کوئی (خبیث طاقت) عاجز نہ کر سکے گی: اے اللہ! میں رجس' پلید' خبیث' خباثت پھیلانے والے' شیطان مردود سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

7803- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِبَيْتِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ، فَقَامَ عَلَى بَابِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: مَالَكِ يَا كُحَيْلَةُ مُبْتَذِلَةً، أَلَيْسَ عُثْمَانُ شَاهِدًا؟ قَالَتْ: بَلَى وَمَا اضْطَجَعَ عَلَى فِرَاشِي مُنْذُ كَذَا وَكَذَا، وَيَصُومُ الدَّهْرَ فَمَا يُفْطِرُ، فَقَالَ: مُرِيهِ أَنْ يَأْتِيَنِي . فَلَمَّا جَاءَ، قَالَتْ لَهُ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ، فَوَجَدَهُ فِي الْمَسْجِدِ فَجَلَسَ إِلَيْهِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَبَكَى، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ بَلَغَكَ عَنِّي أَمْرٌ قَالَ: أَنْتَ الَّذِي تَصُومُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے‘ پس حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے گھر کے دروازے پر کھڑے ہو گئے‘ فرمایا: اے کحیلہ! (حضرت عثمان بن مظعون کی بیوی) تجھے کیا ہے! کیوں میلے کچیلے کپڑے پہن رکھے ہیں؟ کیا عثمان‘ گھر میں موجود نہیں ہیں؟ وہ بولیں: کیوں نہیں! (وہ موجود ہیں) لیکن اتنے اتنے عرصے سے وہ میرے بستر پر نہیں سوئے‘ وہ صومِ دھر رکھتے ہیں‘ وہ تو افطار کرتے ہی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے کہنا میرے پاس آئے گا۔ پس جب وہ (گھر میں) آئے تو اُن کی بیوی نے ان سے کہا: (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ کی حاضری دو‘ وہ فرما گئے ہیں)۔ پس حضرت عثمان‘ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چلے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد میں موجود پایا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

7803- قال في المجمع جلد2صفحه260‘ وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف :وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

الدَّهْرَ، وَتَقُومُ اللَّيْلَ لَا تَضَعُ جَنْبَكَ عَلَى فِرَاشٍ؟ قَالَ عُثْمَانُ: قَدْ فَعَلْتُ ذَلِكَ أَلْتَمِسُ الْخَيْرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِعَيْنِكَ حَظٌّ، وَلِجَسَدِكَ حَظٌّ، وَلِزَوْجِكَ حَظٌّ، فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَنَمْ وَقُمْ، وَائْتِ زَوْجَكَ، فَإِنِّي أَنَا أَصُومُ وَأُفْطِرُ، وَأَنَامُ وَأَقُومُ، وَآتِي النِّسَاءَ، فَمَنْ أَخَذَ بِسُنَّتِي فَقَدِ اهْتَدَى، وَمَنْ تَرَكَهَا ضَلَّ، فَإِنَّ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَإِذَا كَانَتِ الْفَتْرَةُ إِلَى الْغَفْلَةِ فَهِيَ الْهَلَكَةُ، وَإِذَا كَانَتِ الْغَفْلَةُ إِلَى الْفَرِيضَةِ، لَا يَضُرُّ صَاحِبَهَا شَيْئًا، فَخُذْ مِنَ الْعَمَلِ بِمَا تُطِيقُ، وَإِنِّي إِنَّمَا بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، فَلَا تَثْقُلْ عَلَيْكَ عِبَادَةَ رَبِّكَ لَا تَدْرِي مَا طُولُ عُمُرِكَ

خدمت میں جا بیٹھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منہ موڑ لیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ پھر عرض کی: جی ہاں! مجھے معلوم ہے جو بات میرے حوالے سے آپ کو پہنچی ہے۔ فرمایا: تُو ہی وہ ہے جو صوم دھر رکھتا ہے' پوری پوری رات قیام کرتا ہے اور اپنا پہلو بستر پر نہیں رکھتا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں یہ سب کچھ بھلائی کی تلاش میں کرتا ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیری آنکھوں کا تجھ پر حق ہے' تیرے جسم کا تجھ پر حق ہے' تیری بیوی کا تیرے اوپر حق ہے' روزے بھی رکھ' افطار بھی کر' سو بھی اور قیام بھی کر اور اپنی بیوی (کی خوابگاہ میں اس) کے پاس آ کیونکہ میں روزے بھی رکھتا ہوں' افطار بھی کرتا ہوں' سوتا بھی ہوں اور قیام بھی کرتا ہوں اور اپنی بیویوں کے پاس بھی آتا ہوں' پس جس نے میری سنت پر عمل کیا' وہ ہدایت پا گیا جس نے اسے چھوڑا وہ گمراہ ہو گیا' کیونکہ ہر عمل کیلئے ایک تیزی (چستی' پھرتی) ہے اور ہر تیزی کیلئے ایک سستی (کمزوری' ڈھیلا پن) ہے' پس جب سستی کا رُخ' غفلت کی طرف ہو تو اسی کا نام ہلاکت ہے اور جب غفلت کا رُخ فریضہ کی طرف ہو تو فریضہ والے کو اس کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ پس اعمال میں سے وہی کر جس کی تُو طاقت رکھتا ہے۔ میں تو پاکیزہ اور نرم شریعت دے کر بھیجا گیا ہوں۔ پس اپنے رب کی عبادت کو اپنے اوپر بوجھ نہ بنا' تجھے کیا معلوم تیری عمر کتنی لمبی ہے۔

7804- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن

7804- قال فی المجمع جلد1صفحه336' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ الْجَدْعَاءِ، فَلَمَّا بَرَزُوا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَوَقَفَ يَسْتَمِعُ، فَلَمَّا قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَهِدَ هَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ .فَلَمَّا قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: بَرِءَ هَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا صَاحِبُ كِلَابٍ . فَذَهَبَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَابْنُ عَبَّاسٍ، فَوَجَدُوهُ كَذَلِكَ

نبی کریم ﷺ تشریف لے چلے حضرات ابوبکر، عمر، زید بن ثابت، عبداللہ بن مسعود، ابی بن کعب اور عبداللہ بن عباس بھی ساتھ تھے رسول کریم ﷺ اپنی اونٹنی جدعاء پر سوار تھے۔ پس جب ظاہر ہوئے تو رسول کریم ﷺ نے کسی آدمی کو کہتے ہوئے سنا: اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے۔ رسول کریم ﷺ کے قدم رُک گئے اور آپ غور سے سننے لگے۔ پس جب اس نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس نے حق کی گواہی دی اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! پس جب اس نے کہا: اشہد ان لا الہ الا اللہ! فرمایا: یہ آگ سے بری ہوگیا قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! تین بار فرمایا پھر فرمایا: یہ کتے والا ہے۔ پس حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما گئے تو اس کو ویسے ہی پایا (جیسے آپ ﷺ نے فرمایا تھا)۔

7805- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذُرْوَةُ سَنَامِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کے کوہان کی چوٹی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے اس سے افضل کوئی نہیں ہے۔

7805- قال في المجمع جلد5صفحه274، وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف ۔ وعلمت حال عثمان ۔

الْإِسْلَامِ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَنَالُهُ إِلَّا أَفْضَلُهُمْ

7806- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَفْصٍ الْقَاصُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: أَقْبَلَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ أَعْمَى، وَهُوَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ: (عَبَسَ وَتَوَلَّى أَنْ جَاءَهُ الْأَعْمَى) (عبس: 2) ، وَكَانَ رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنَا كَمَا تَرَانِي قَدْ كَبِرَتْ سِنِّي، وَرَقَّ عَظْمِي، وَذَهَبَ بَصَرِي، وَلِي قَائِدٌ لَا يُلَاوِمُنِي قِيَادَةَ إِيَّايَ، فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ رُخْصَةٍ أُصَلِّي فِي بَيْتِي الصَّلَوَاتِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي أَنْتَ فِيهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللَّهِ .قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَجِدُ لَكَ مِنْ رُخْصَةٍ، وَلَوْ يَعْلَمُ هَذَا الْمُتَخَلِّفُ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْجَمَاعَةِ مَا لِهَذَا الْمَاشِي إِلَيْهَا لَأَتَاهَا، وَلَوْ حَبْوًا عَلَى يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے' آپ نابینا تھے' یہ آیت نازل ہوئی: ''تیوری چڑھائی اور منہ پھیرا اس پر کہ آپ کے پاس وہ نابینا حاضر ہوا''۔ قریش سے ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں ایسا ہوں جس طرح آپ دیکھ رہے ہیں' میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور میری بینائی چلی گئی ہے' میرے لیے راہنما ہی کوئی نہیں ہے' کیا میرے لیے اجازت ہے کہ میں گھر میں ہی نمازیں پڑھ لوں؟ حضورﷺ نے فرمایا: جس گھر میں تُو ہوتا ہے' اس سے مؤذن کی آواز سنتا ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! رسول کریمﷺ نے فرمایا: میں تیرے لیے کوئی رخصت نہیں دیکھتا ہوں اور اگر جماعت میں شامل ہونے سے پیچھے رہنے والے کو اگر علم ہوتا کہ جماعت کی طرف چل کر جانے والے کیلئے کیا اجر ہے تو ضرور آتا' اگرچہ اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے بل چل کر آتا۔

7806- قال في المجمع جلد 2 صفحه 43 وفيه علي بن يزيد الألهاني عن القاسم وقد ضعفهما الجمهور' واختلف في الاحتجاج بهما . وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

7807- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَلَاةٌ عَلَى أَثَرِ صَلَاةٍ، كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ایک نماز کے بعد دوسری نماز پڑھنے کا ثواب علیین میں لکھا جائے گا۔

7808- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاحَ إِلَى مَكَّةَ مِنْ مِنًى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ، فَقَدِمَ وَإِلَى جَانِبِهِ بِلَالٌ مَعَهُ ثَوْبٌ عَلَى عُودٍ يَسْتُرُهُ مِنْ حَرِّ الشَّمْسِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مکہ سے منٰی کی طرف جا رہے تھے' آٹھویں ذوالحجہ کے دن آپ آئے' آپ کی ایک طرف حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس کپڑا تھا' اس کے ذریعہ آپ پر پردہ کیا تھا' سورج کی تپش سے بچنے کے لیے۔

7809- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ أَوْسَعَ مِنْهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں اس سے بھی وسیع گھر بنائے گا۔

7808- قال فی المجمع جلد 3صفحہ232-233' رواہ أحمد جلد 5صفحہ268 هكذا - أی عن أبی أمامة عمن رأی رسول الله - وفی الاسنادين علی بن يزيد وفيه كلام وقد وثق . وعلمت حال عثمان ابن أبی العاتكة .

7809- قال فی المجمع جلد2صفحہ8' وفيه علی بن يزيد وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان ابن أبی العاتكة .

7810- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء: **214**) جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي هَاشِمٍ، فَأَجْلَسَهُمْ عَلَى الْبَابِ، وَجَمَعَ نِسَاءَهُ وَأَهْلَهُ، فَأَجْلَسَهُمْ فِي الْبَيْتِ، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: يَا بَنِي هَاشِمٍ، اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، وَاسْعَوْا فِي فَكَاكِ رِقَابِكُمْ، وَافْتَكُّوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ، فَإِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت: ''آپ اپنے قریبیوں کو ڈرائیں'' نازل ہوئی تو حضورﷺ نے بنی ہاشم کو جمع کیا' ان کے دروازے کے باہر بٹھایا اور عورتوں اور بچوں کو جمع کیا' ان کو گھر کے اندر بٹھایا' پھر آپ کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: اے بنی ہاشم! جہنم سے آزادی کے لیے کوئی اعمال کرو' غلاموں کو آزاد کرو اور اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ کیونکہ میں اللہ کے ہاں تمہارے لیے کسی شی کا مالک نہیں ہوں۔

7811- ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ، وَيَا حَفْصَةُ بِنْتَ عُمَرَ، وَيَا أُمَّ سَلَمَةَ وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ، وَيَا أُمَّ الزُّبَيْرِ عَمَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، وَاسْعَوْا فِي فَكَاكِ رِقَابِكُمْ، فَإِنِّي لَا أُطْلُبُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَلَا أُغْنِي فَبَكَتْ عَائِشَةُ، وَقَالَتْ: يَا حِبِّي، وَهَلْ يَكُونُ ذَلِكَ يَوْمَ لَا تُغْنِي عَنَّا شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ فِي ثَلَاثِ مَوَاطِنَ، يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ) (الأنبياء: **47**) الْآيَتَيْنِ، فَعِنْدَ ذَلِكَ لَا أُغْنِي

پھر اپنے والوں کے پاس آئے' فرمایا: اے عائشہ بنت ابوبکر! اے حفصہ بنت عمر بن خطاب! اے اُم سلمہ! اے فاطمہ بنت محمد! اے رسول اللہﷺ کی پھوپھی اُم زبیر! اپنے آپ کو جہنم سے بچانے کے لیے اعمال کرو اور غلاموں کو آزاد کرو کیونکہ میں تمہارے لیے اللہ کے ہاں کوئی شی طلب نہیں کروں گا' نہ سختی کروں گا۔ حضرت عائشہ رو پڑیں' عرض کرنے لگیں: اے میرے حبیب! کیا آپ ہمیں قیامت کے دن کوئی نفع نہیں دیں گے؟ آپﷺ نے فرمایا: جی ہاں! تین جگہ' اللہ عزوجل فرماتا ہے: ہم قیامت کے دن انصاف کے ترازو رکھیں گے' پس اس وقت میں تمہارے لیے کسی شی میں سختی نہیں کروں گا' اللہ

7810- قال في المجمع جلد7صفحه86 فيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

عَنكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَعِنْدَ النُّورِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ أَتَمَّ لَهُ نُورَهُ، وَمَنْ شَاءَ أَكَبَّهُ فِي الظُّلُمَاتِ، يَغُمُّهُ فِيهَا، فَلَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا أُغْنِي لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَعِنْدَ الصِّرَاطِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ سَلَّمَهُ وَأَجَازَهُ، وَمَنْ شَاءَ لَيُكِبَّهُ فِي النَّارِ

کے ہاں نور کے پاس جس کیلئے اللہ چاہے گا اس کا نور مکمل فرمائے گا اور جس کو چاہے گا اندھیروں میں اوندھے منہ ڈالے گا اور پل صراط پر جس کو اللہ چاہے گا (نیچے دوزخ میں گرنے سے) محفوظ رکھے گا اور جس کو چاہے گا اوندھے منہ جہنم میں ڈالے گا۔

7812- قَالَتْ عَائِشَةُ: أَيْ حِبِّي، قَدْ عَلِمْنَا الْمَوَازِينَ هِيَ الْكِفَّتَانِ، فَيُوضَعُ فِي هَذِهِ الشَّيْءُ فَيَرْجَحُ أَحَدُهُمَا، وَيَخِفُّ الْأُخْرَى، وَقَدْ عَلِمْنَا مَا النُّورُ، وَمَا الظُّلْمَةُ فَمَا الصِّرَاطُ؟ فَقَالَ: طَرِيقٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ يَجُوزُ النَّاسُ عَلَيْهِ، وَهُوَ مِثْلُ حَدِّ الْمُوسَى، وَالْمَلَائِكَةُ صَافِّينَ يَمِينًا وَشِمَالًا يَخْطِفُوهُمْ بِالْكَلَالِيبِ مِثْلِ شَوْكِ السَّعْدَانِ، وَهُمْ يَقُولُونَ: رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ، وَاقْتَدِ بِهِمْ هَوَاءٌ، فَمَنْ شَاءَ اللّٰهُ سَلَّمَهُ، وَمَنْ شَاءَ اللّٰهُ لَيُكِبَّهُ فِيهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے میرے حبیب! ہم کو علم ہے کہ ترازو کے دو پلڑے ہیں ایک میں کوئی شی رکھی جائے گی' ان میں سے ایک جھک جائے گا' دوسرا ہلکا ہوگا' ہمیں علم ہے کہ نور کیا ہے اور اندھیرا کیا ہے' پل صراط کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک راستہ ہے جو جنت اور جہنم کے درمیان ہے' لوگ اس پر سے گزریں گے وہ اُسترے کی مانند تیز ہے' فرشتے دائیں بائیں جانب صف بنائے ہوں گے' اس کے اردگرد خاردار پودے کے کانٹوں کی طرح کانٹے ہوں گے' وہ دوزخیوں کو ان کے ساتھ اُچک لیں گے' فرشتے عرض کر رہے ہوں گے: اے اللہ! محفوظ رکھ! محفوظ رکھ! جس کو اللہ چاہے گا بچالے گا اور جس کو چاہے گا جہنم میں ڈال دے گا۔

أَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدُ بْنُ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ،

ابوعبدالرحیم خالد بن ابی یزید' ابوعبدالملک علی بن یزید سے وہ حضرت قاسم سے روایت

عَنِ الْقَاسِمِ

کرتے ہیں

7813- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ أَبَا ذَرٍّ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا الصَّدَقَةُ؟ قَالَ: أَضْعَافٌ مُضَعَّفَةٌ، وَعِنْدَ اللهِ الْمَزِيدُ، ثُمَّ قَرَأَ: (مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً) (البقرة: **245**)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! صدقہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کا ثواب دُگنا ہوتا ہے اللہ کے ہاں اور زیادہ۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے' پس وہ اس کو اس کیلئے کئی گنا زیادہ کر دے''۔

7814- فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: سِرٌّ إِلَى فَقِيرٍ، أَوْ جُهْدٌ مِنْ مُقِلٍّ، ثُمَّ قَرَأَ: (إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ، وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ) (البقرة: **271**) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

عرض کی: یارسول اللہ! کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو چھپا کر کسی فقیر کو دیا جائے اور محنت کر کے کمایا ہو' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اگر تم صرف صدقات ظاہر کر دو تو یہ بھی بہتر ہے' اگر چھپا کر فقیر کو دو تو یہ بھی تمہارے لیے بہتر ہے''۔

7815- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَلَسَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَرَفَعَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کے ایک گروہ میں بیٹھے ہوئے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک اُٹھایا' فرمایا: کون بیعت کرے گا؟ تین مرتبہ فرمایا' سوائے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے کوئی کھڑا نہ ہوا' حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان

7813- قال في المجمع جلد3صفحه116' وفيه على بن يزيد وفيه كلام .

7815- قال في المجمع جلد3صفحه93' وفيه على بن يزيد وهو ضعيف .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَقَالَ: مَنْ يُبَايِعُنِي؟ ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمْ يَقُمْ إِلَيْهِ أَحَدٌ إِلَّا ثَوْبَانُ، فَقَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي قَدْ بَايَعْنَاكَ مَرَّةً، وَأَنَا أُبَايِعُكَ الثَّانِيَةَ، فَعَلَامَ أُبَايِعُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: عَلَى أَنْ لَا تَسْأَلُوا النَّاسَ شَيْئًا وَلَكُمُ الْجَنَّةَ . فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنْ أَنَا بَايَعْتُكَ، وَلَمْ أَسْأَلِ النَّاسَ شَيْئًا فَلِيَ الْجَنَّةُ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنْ شَاءَ اللَّهُ . قَالَ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَا أَسْأَلُ شَيْئًا مَا بَقِيتُ فِي الدُّنْيَا

ہوں! میں نے ایک مرتبہ بیعت کی ہے اب دوسری مرتبہ کروں گا' یارسول اللہ! بیعت کس پر کرنی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں سے کوئی شی نہ مانگنا تم جنتی ہو گے۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم بیعت کرتے ہیں' جب لوگوں سے کوئی شی نہ مانگوں تو میرے لیے جنت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اگر اللہ نے چاہا! حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! جب تک میں زندہ رہوں گا کوئی شی نہیں مانگوں گا۔

7816- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ أَبِي يَزِيدَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا قَرِيبٌ مِنْهُ إِلَّا سَمِعْتُهُ يَقُولُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَذُنُوبِي كُلَّهَا، اللَّهُمَّ أَنْعِشْنِي وَأَجِرْنِي، وَاهْدِنِي لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، فَإِنَّهُ لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے جب بھی نماز پڑھی' میں نے ہر فرض نماز میں یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰهم اغفرلی خطایای وذنوبی کلها الی آخرہ''۔

7817- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

7817- وقال الحافظ الهيثمي فى المجمع جلد7صفحه285 عن هذه الرواية ورجاله وثقوا .

بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَلِمَاتٌ حَفِظْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزْدَادُ الْمَالُ إِلَّا إِفَاضَةً، وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ إِلَّا شُحًّا، وَلَا يَزْدَادُ الْأَمْرُ إِلَّا شِدَّةً، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلَى شِرَارِ النَّاسِ

رسول اللہ ﷺ سے یہ کلمات یاد کیے ہیں: مال دینے سے بڑھتا ہے‘ لوگوں کا اضافہ کنجوسی میں ہے‘ یہ معاملہ سخت ہی ہو گا‘ قیامت بُرے لوگوں پر آئے گی۔

7818- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ نَصْرٍ الْحَذَّاءِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ إِذْ أُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ شَرَابٌ، فَنَاوَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا عُبَيْدَةَ، فَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ: أَنْتَ أَوْلَى بِهِ يَا نَبِيَّ اللَّهِ .قَالَ: خُذْ فَأَخَذَ أَبُو عُبَيْدَةَ الْقَدَحَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ قَبْلَ أَنْ: يَشْرَبَ خُذْ يَا نَبِيَّ اللَّهِ، قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْرَبْ، فَإِنَّ الْبَرَكَةَ فِي أَكَابِرِنَا، فَمَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَيُجِلَّ كَبِيرَنَا فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے‘ آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر‘ ابوعبیدہ بن جراح اور صحابہ کرام کا ایک گروہ تھا‘ آپ کے پاس پانی کا ایک پیالہ لایا گیا‘ حضور ﷺ نے وہ ابوعبیدہ کو پکڑایا‘ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس کے زیادہ حقدار ہیں؟ آپ نے فرمایا: پکڑلو! پس حضرت ابوعبیدہ بن جراح نے وہ پیالہ پکڑ لیا‘ پینے سے پہلے ایک بار پھر عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ لے لیں! نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پیو! کیونکہ برکت تو ہمارے بڑوں میں ہے‘ پس جس نے ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کیا اور ہمارے بڑوں کی عزت نہ کی تو وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

7818- قال في المجمع جلد 8صفحه15‘ وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وقال جلد 5صفحه81‘ ولم أعرف أبا عبد الملك وبقية رجاله ثقات . قلت هو علي بن يزيد الألهاني فقد عرفه بعد ذلك .

7819- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَاءَنِي جِبْرِيلُ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ إِحْدَاهُمَا عَلَى صَدْرِي، وَالْأُخْرَى بَيْنَ كَتِفِي حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَ الَّتِي عَلَى صَدْرِي بَيْنَ كَتِفِي، وَالَّتِي بَيْنَ كَتِفِي فِي صَدْرِي، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، كَبِّرِ الْكَبِيرَ، وَهَلِّلْ بِالْيَقِينِ، وَقُلْ سُبْحَانَ رَبِّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور اپنا ایک ہاتھ میرے سینے پر اور دوسرا میرے کندھوں کے درمیان میں رکھا' میں نے اُن کے ہاتھ کی ٹھنڈک سینے اور کندھے کے درمیان پائی' عرض کی: اے محمد! تکبیر کہیں اور لا الٰہ الا اللہ یقین کے ساتھ پڑھیں' اور کہیں: ''سبحان رب الاوّلین والاخرین''۔

7820- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَجَهَّزُوا إِلَى هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا يَعْنِي خَيْبَرَ، فَإِنَّ اللّٰهَ فَاتِحُهَا عَلَيْكُمْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَلَا يَخْرُجَنَّ مَعِي ضَعِيفٌ وَلَا مُضَعَّفٌ . فَانْطَلَقَ أَبُو هُرَيْرَةَ إِلَى أُمِّهِ، فَقَالَ: جَهِّزِينِي، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَرَنَا بِالْجَهَازِ لِلْغَزْوِ، فَقَالَتْ: تَنْطَلِقُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اس بستی کے لیے تیاری کرو جس کے رہنے والے ظالم ہیں' یعنی خیبر' کیونکہ اللہ نے چاہا تو تم کو فتح ہوگی' میرے ساتھ کمزور اور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو' وہ نہ نکلے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کے پاس گئے' کہا: مجھے بھی تیار کریں کیونکہ رسول اللہﷺ نے ہمیں جہاد کی تیاری کے لیے حکم دیا ہے۔ ان کی والدہ نے کہا: تُو جائے اور مجھے چھوڑ دے کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ میں اپنی کہنی داخل نہیں کروں گی مگر تُو میرے ساتھ ہو۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہﷺ کے پیچھے نہیں رہنا چاہتا' آپ کی والدہ نے اپنا پستان نکالا

7819- قال في المجمع جلد10صفحه93' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف .

7820- قال في المجمع جلد6صفحه148' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف .

وَتَتْرُكُنِي، وَقَدْ عَلِمْتُ أَنِّي مَا أَدْخُلُ الْمِرْفَقَ، إِلَّا وَأَنْتَ مَعِي، فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِأَتَخَلَّفَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْرَجَتْ ثَدْيَهَا فَنَاشَدَتْهُ بِمَا رَضِعَ مِنْ لَبَنِهَا، فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرًّا فَأَخْبَرَتْهُ، فَقَالَ: انْطَلِقِي فَقَدْ كُفِيتِ. فَأَتَاهُ أَبُو هُرَيْرَةَ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ أَرَى إِعْرَاضَكَ عَنِّي لَا أَرَى ذَلِكَ إِلَّا لِشَيْءٍ بَلَغَكَ، قَالَ: أَنْتَ الَّذِي تُنَاشِدُكَ أُمُّكَ، وَأَخْرَجَتْ ثَدْيَهَا تُنَاشِدُكَ بِمَا رَضَعْتَ مِنْ لَبَنِهَا، فَلَمْ تَفْعَلْ، أَيَحْسَبُ أَحَدُكُمْ إِذَا كَانَ عِنْدَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدِهِمَا أَنْ لَيْسَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟ بَلَى هُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِذَا بَرَّهُمَا وَأَدَّى حَقَّهُمَا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: لَقَدْ مَكَثْتُ بَعْدَ ذَلِكَ سَنَتَيْنِ مَا أَغْزُو حَتَّى مَاتَتْ

اور اس کا واسطہ دیا جو دودھ پلایا تھا' ان کی والدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ان سے چھپ کر آئی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتایا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو چلی جا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات پوری کی جائے گی' پس حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے اعراض کر لیا۔ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے دیکھا ہے کہ آپ نے مجھ سے اعراض کیا ہے حالانکہ میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا' لازماً کوئی بات آپ تک پہنچی ہے۔ آپ نے فرمایا: تیری ماں نے تجھے قسم دی اور اپنے پستان باہر نکال کر اس کی قسم دی جس طرح تُو نے اس سے دودھ پیا کہ تُو ایسا نہ کر' کیا تم میں سے کسی کے لیے کافی نہیں ہے کہ اس کے دونوں ماں باپ یا ایک ہو' ان کی خدمت کی اللہ کی راہ میں نہیں گیا؟ کیوں نہیں! بلکہ وہ اللہ کی راہ میں ہے جب تُو ان دونوں سے نیکی کرے' ان کا حق ادا کرے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کے بعد میں اپنی والدہ کے وصال تک اُن کے پاس دو سال تک رہا ہوں اور اس دوران میں نے جہاد نہیں کیا۔

7821- وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ لَيْلًا، فَسَارُوا مَعَهُ فَتًى مِنْ بَنِي عَامِرٍ عَلَى بَكْرٍ لَهُ صَعْبٍ، فَجَلَسَ يَسِيرُ، فَجَفَلَ مِنْ نَاحِيَةِ الطَّرِيقِ وَالنَّاسِ، فَوَقَعَ بَعِيرُهُ فِي حِرْقٍ، فَصَاحَ يَا لِعَامِرٍ، فَارْتَقَسَ هُوَ وَبَعِيرُهُ، فَجَاءَ قَوْمُهُ فَاحْتَمَلُوهُ، وَسَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى خَيْبَرَ،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ سے رات کو نکلے' آپ کے ساتھ بنی عامر کے نوجوان چلے' آپ کچھ دیر بیٹھے' لوگ اور آپ راستے سے ہٹے' اونٹ کو چرنے کے لیے چھوڑا' پس وہ عامر کیلئے بلند آواز سے پکارے: ارے! پس وہ اور ان کا اونٹ گر پڑے پس اس کی قوم نے آ کر اس کو اُٹھایا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چل کر خیبر آئے' پس آپ نے خیبر کے مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ آپ نے حضرت طفیل بن عامر بن

فَنَزَلَ عَلَيْهَا فَدَعَا الطُّفَيْلَ بْنَ عَامِرِ بْنِ الْحَارِثِ الْخُزَاعِيَّ، فَقَالَ: انْطَلِقْ إِلَى قَوْمِكَ فَاسْتَمِدَّهُمْ عَلَى أَهْلِ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا، فَإِنَّ اللَّهَ سَيَفْتَحُهَا عَلَيْكُمْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ. قَالَ الطُّفَيْلُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تُبْعِدُنِي مِنْكَ، وَاللَّهِ لَأَنْ أَمُوتَ، وَأَنَا مِنْكَ قَرِيبٌ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الْحَيَاةِ وَأَنَا مِنْكَ بَعِيدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ لَا بُدَّ مِمَّا لَا بُدَّ مِنْهُ فَانْطَلِقْ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَعَلِّي لَا أَلْقَاكَ، فَزَوِّدْنِي شَيْئًا أَعِيشُ بِهِ قَالَ: أَتَمْلِكُ لِسَانَكَ؟ قَالَ: فَمَاذَا أَمْلِكُ إِذَا لَمْ أَمْلِكْ لِسَانِي؟ قَالَ: أَتَمْلِكُ يَدَكَ؟ قَالَ: فَمَاذَا أَمْلِكُ إِذَا لَمْ أَمْلِكْ يَدَيَّ؟ قَالَ: فَلَا تَقُلْ بِلِسَانِكَ إِلَّا مَعْرُوفًا، وَلَا تَبْسُطْ يَدَكَ إِلَّا إِلَى خَيْرٍ

حارث خزاعی کو بلا کر فرمایا: اپنی قوم کے پاس جا کر اس دیہات والوں کے خلاف مدد طلب کرو جس کے رہنے والے ظالم ہیں کیونکہ اللہ تمہیں فتح عطا فرمائے گا ان شاء اللہ! حضرت طفیل نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ مجھے اپنے سے دور کر رہے ہیں قسم بخدا! مجھے آپ کے قریب رہ کر مرنا آپ سے دُور زندہ رہنے سے زیادہ پسند ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ضروری کاموں میں سے ایک ضروری کام ہے تم جاؤ۔ پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ممکن ہے (آئندہ) میری آپ سے ملاقات نہ ہو سکے پس مجھے کوئی چیز بطور زادِ راہ عطا فرما دیں جس کے سہارے میں زندہ رہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تُو اپنی زبان کا مالک ہے؟ عرض کی: جب میں اپنی زبان کا مالک نہیں تو کس چیز کا مالک ہوں؟ آپ نے فرمایا: کیا تُو اپنے ہاتھ کا مالک ہے؟ اس نے عرض کی: میں پھر کس چیز کا مالک ہوں اگر اپنے ہاتھ کا ہی مالک نہیں ہوں؟ فرمایا: اپنی زبان سے صرف نیکی کی بات کر اور ہاتھ صرف بھلائی کیلئے پھیلا۔

7822- قَالَ ابْنُ أَبِي كَرِيمَةَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ بِخَطِّهِ فِي هَذَا الْحَدِيثِ، وَقَالَ لَهُ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْشِ السَّلَامَ، وَابْذُلِ الطَّعَامَ، وَاسْتَحْيِ اللَّهَ بِمَا تَسْتَحْيِي رَجُلًا مِنْ أَهْلِكَ ذِي هَيْأَةٍ، وَلْتُحْسِنْ خُلُقَكَ، وَإِذَا أَسَأْتَ فَأَحْسِنْ، فَإِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ

ابن ابوکریمہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد عبدالرحیم کے خط میں میں نے ان کے خط کے ساتھ یہ حدیث پائی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا: سلام عام کرو کھانا کھلاؤ اللہ سے حیاء کرو جس طرح تم میں سے کوئی بڑے آدمی سے حیاء کرتا ہے اپنے اخلاق کو اچھا کرو جب تجھ سے کوئی بُرے اخلاق سے پیش آئے تو اس کے ساتھ نیکی کرو کیونکہ نیکیاں گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں۔

7823- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَاكِبٌ عَلَى الْجَدْعَاءِ، وَخَلْفَهُ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ: لَا تَأَلَّوا عَلَى اللّٰهِ، لَا تَأَلَّوا عَلَى اللّٰهِ، فَإِنَّهُ مَنْ تَأَلَّى عَلَى اللّٰهِ أَكْذَبَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا اس حالت میں کہ آپ جدعاء نامی اونٹنی پر سوار تھے آپ کے پیچھے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما تھے آپ فرما رہے تھے: اللہ کے معاملہ میں سستی نہ کرو اور اللہ کے معاملہ میں سستی نہ کرو جو اللہ کے معاملہ میں سستی کرے گا' اللہ عزوجل اس سے ناراض ہوگا۔

7824- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، تَبْكِي عَلَى هَذَا السَّخْلِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ دَفَنْتُ اثْنَيْ عَشَرَ وَلَدًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كُلُّهُمْ آسَفُ مِنْهُ، كُلُّهُمْ أَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ أَحْيَاءً، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا ذَاكَ بِأَنْ كَانَتِ الرَّحْمَةُ ذَهَبَتْ مِنْكَ، يَحْزَنُ الْقَلْبُ، وَتَدْمَعُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے حضرت ابراہیم کا وصال ہوا' آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس پر رو رہے ہیں! وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے زمانۂ جاہلیت میں اپنے بیس بیٹے دفن کیے ہیں' مجھے ان پر افسوس ہے! ان سب پر میں نے زندہ حالت میں مٹی ڈالی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تجھ سے رحمت لے لی گئی ہے' دل پریشان ہوتا ہے آنکھوں سے آنسو جاری ہیں' ابراہیم پر' جی ہاں! (ایسے حال میں) ہم اپنے منہ سے ایسی بات نہیں کرتے جو تیرے میرے رب کو ناراض کر دے لیکن ہمیں ابراہیم کے جانے کا غم

7823- قال في المجمع جلد7صفحه208' وفيه على بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وقال جلد3صفحه712' وفيه على ابن يزيد وهو ضعيف وقد وثق .

7824- قال في المجمع جلد3صفحه18' وفيه على بن يزيد الألهاني وهو ضعيف .

الْعَيْنُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَلَا نَقُولُ مَا يُسْخِطُ الرَّبَّ، وَإِنَّا عَلَى إِبْرَاهِيمَ لَمَحْزُونُونَ

ہے۔

7825- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا طَهَّرَهُ قَبْلَ مَوْتِهِ .قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا طُهُورُ الْعَبْدِ؟ قَالَ: عَمَلٌ صَالِحٌ يُلْهِمُهُ إِيَّاهُ، حَتَّى يَقْبِضَهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب اللہ عزوجل کسی بندہ سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے گناہ مرنے سے پہلے معاف کرتا ہے عرض کی: طہور العبد سے مراد کیا ہے آپ نے فرمایا: نیک اعمال کی توفیق دیتا ہے پھر اس کو موت دیتا ہے۔

7826- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةٌ عَلَى أَثَرِ صَلَاةٍ، لَا لَغْوَ بَيْنَهُمَا كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ایک نماز کے بعد دوسری نماز پڑھنے تک جن دونوں کے درمیان لغو بات نہ ہو تو علیین میں اس کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

7827- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کی رضا کے لیے ایک دن روزہ رکھتا ہے اللہ عزوجل اس کو جہنم سے ایک سو سال کی مسافت پر جو عمدہ گھوڑے پر سوار ہو کر کرے اتنی مقدار دور کر دے گا۔

7825- ورواه القضاعي في مسند الشهاب رقم الحديث:1388 .

قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَاعَدَهُ اللّٰهُ مِنْ جَهَنَّمَ مِائَةَ عَامٍ رَكْضَ الْفَارِسِ الْجَوَادِ الْمُضَمَّرِ

7828- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَاءَتْ إِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ بَذِيئَةُ اللِّسَانِ قَدْ عُرِفَ ذَلِكَ مِنْهَا، وَبَيْنَ يَدَيْهِ قَدِيدٌ يَأْكُلُهُ، فَأَخَذَ قَدِيدَةً فِيهَا عَصَبٌ، فَأَلْقَاهَا إِلَى فِيهِ، فَهُوَ يَلُوكُهَا مَرَّةً عَلَى جَانِبِهِ هَذَا، وَمَرَّةً عَلَى جَانِبِهِ الْآخَرِ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَلَا تُطْعِمُنِي؟ قَالَ: بَلَى . فَنَاوَلَهَا مِمَّا بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَتْ: لَا، إِلَّا الَّذِي فِي فِيكَ، فَأَخْرَجَهُ فَأَعْطَاهَا، فَأَخَذَتْهُ فَأَلْقَتْهُ إِلَى فِيهَا، فَلَمْ تَزَلْ تَلُوكُهُ حَتَّى ابْتَلَعَتْهُ، فَلَمْ يُعْلَمْ مِنْ تِلْكَ الْمَرْأَةِ بَعْدَ ذَلِكَ الْأَمْرِ الَّذِي كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ الْبَذَاءِ وَالذَّرَابَةِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضورﷺ کے پاس آئی' وہ بڑی تیز زبان تھی' یہ اس کے متعلق معروف تھا جبکہ آپﷺ کے آگے بھونا ہوا خشک گوشت تھا جو آپ کھا رہے تھے' آپ نے ایک ٹکڑا بھونے ہوئے گوشت کا اس کو پکڑا دیا۔ پس اس نے وہ ٹکڑا آپﷺ کے منہ کی طرف پھینک دیا' اپنے منہ میں ڈالا کبھی اس طرف سے چبانے لگے کبھی دوسری جانب سے چبانے لگے۔ اس عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے نہیں کھلائیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! آپ نے اپنے آگے سے اس کو پکڑایا' اس نے عرض کی: نہیں! وہ دیں جو آپ کے منہ اطہر میں ہے۔ آپ نے اپنے منہ مبارک سے نوالا نکالا اور اسے دیا' اس نے پکڑا اور اپنے منہ میں ڈالا' وہ اس کو نگلنے تک چباتی رہی' اس کو چبانے کے بعد معلوم ہی نہیں ہوتا تھا کہ وہ یہ وہی عورت ہے تیز زبان والی۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبِيدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

محمد بن عبیداللہ العرزمی' علی بن یزید سے' وہ قاسم سے وہ حضرت ابوامامہ سے

7828- قال في المجمع جلد8صفحه312' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف .

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

روایت کرتے ہیں

7829- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيبُوهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جوتم کو دعوت دے اس کی دعوت قبول کرو۔

عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

عثمان بن ابی العاتکہ' قاسم سے' وہ ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7830- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ عَلَى أَثَرِ صَلَاةٍ، لَا لَغْوَ بَيْنَهُمَا كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک نماز کے بعد دوسری نماز پڑھنے تک جن دونوں کے درمیان لغو بات نہ ہو' تو علیین میں اس کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي مَالِكٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

ولید بن ابو مالک' قاسم سے' وہ ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7831- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: علم ختم ہونے سے پہلے سیکھ لو۔ تین مرتبہ فرمایا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! علم کیسے ختم

7829- قال في المجمع جلد 4صفحه52' وفيه محمد بن عبيد الله الرزمي وهو ضعيف . قلت: وعلي بن يزيد ضعيف أيضًا .

عُمَرَ الضَّرِيرُ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي مَالِكٍ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خُذُوا الْعِلْمَ قَبْلَ أَنْ يَنْفَدَ. ثَلَاثًا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَنْفَدُ، وَفِينَا كِتَابُ اللّٰهِ؟ فَغَضِبَ لَا يُغْضِبُهُ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: ثَكِلَتْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ، أَلَمْ تَكُنِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنْجِيلُ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ، ثُمَّ لَمْ يُغْنِ عَنْهُمْ شَيْئًا. إِنَّ ذَهَابَ الْعِلْمِ ذَهَابُ حَمَلَتِهِ ثَلَاثًا

ہوگا جبکہ قرآن ہمارے پاس موجود ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناراض ہوئے' آپ کو اللہ کبھی ناراض نہ کرے' آپ نے فرمایا: اللہ تمہیں ہلاک کرے! پھر فرمایا: تمہاری مائیں تم پر روئیں! بنی اسرائیل کے پاس تورات اور انجیل نہیں تھی' انہوں نے کوئی نفع نہ اُٹھایا' علم جانے سے مرادی ہے کہ علماء چلے جائیں گے' تین مرتبہ فرمایا۔

7832- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي مَالِكٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجِيرُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ بَعْضُهُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان ایک دوسرے کو پناہ دے سکتے ہیں۔

7833- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي مَالِكٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُجِيرُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان ایک دوسرے کو پناہ دے سکتے ہیں۔

7832- ورواه أحمد جلد5صفحه250' قال في المجمع جلد5صفحه329' وفيه الحجاج بن أرطاة وهو مدلس .

7833- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد12صفحه452 . وانظر ما قبله .

الْوَلِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي السَّائِبِ، عَنِ الْقَاسِمِ

7834- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي السَّائِبِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ لَحِقَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ الْأَنْصَارِيُّ فِي حُلَّةٍ إِزَارٍ وَرِدَاءٍ، قَدْ أَسْبَلَ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُ بِنَاحِيَةِ ثَوْبِهِ، وَيَتَوَاضَعُ لِلَّهِ وَيَقُولُ: اللَّهُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ عَبْدِكَ، وَابْنُ أَمَتِكَ حَتَّى سَمِعَهَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، فَالْتَفَتَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أَحْمَسُ السَّاقَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمْرَو بْنَ زُرَارَةَ، إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ أَحْسَنَ كُلَّ خَلْقِهِ يَا عَمْرَو بْنَ زُرَارَةَ إِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ الْمُسْبِلِينَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفِّهِ تَحْتَ رُكْبَةِ نَفْسِهِ، فَقَالَ: يَا عَمْرَو بْنَ زُرَارَةَ، هَذَا مَوْضِعُ الْإِزَارِ،

ولید بن سلمان بن ابوالسائب' قاسم سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' اچانک ہمیں حضرت عمرو بن زرارہ انصاری ایک چادر اور تہبند جو لٹکا رکھا تھا' پہنے ہوئے ملے' حضور ﷺ کپڑے کا ایک حصہ پکڑنے لگے اور اللہ کیلئے عاجزی کرنے لگے اور فرمانے لگے: اے اللہ! تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا اور تیری بندی کا بیٹا ہے۔ یہ حضرت عمرو بن زرارہ نے سنا تو حضور ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں دونوں کو پنڈلیوں تک اُٹھاؤں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عمرو بن زرارہ! اللہ عزوجل نے ہر شی کو خوبصورت بنایا ہے' اے عمرو بن زرارہ! اللہ عزوجل کپڑا لٹکانے والے کو پسند نہیں کرتا ہے' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی ہتھیلی اپنے گھٹنے سے نیچے کی طرف اشارہ کیا' فرمایا: اے عمرو! یہ تہبند رکھنے کی جگہ ہے۔ پھر بلند کیا' پھر اس کے نیچے رکھا' فرمایا: اے عمرو بن زرارہ! یہ تہبند باندھنے کی جگہ ہے' پھر اُٹھایا پھر اس سے نیچے رکھا' فرمایا: اے عمرو بن زرارہ! یہ تہبند باندھنے کی جگہ ہے۔

7834- قال في المجمع جلد5صفحه124 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدها ثقات .

ثُمَّ رَفَعَهَا، ثُمَّ وَضَعَهَا تَحْتَ ذَلِكَ فَقَالَ: يَا عَمْرَو بْنَ زُرَارَةَ هَذَا مَوْضِعُ الْإِزَارِ، ثُمَّ رَفَعَهَا، ثُمَّ وَضَعَهَا تَحْتَ ذَلِكَ فَقَالَ: يَا عَمْرَو بْنَ زُرَارَةَ هَذَا مَوْضِعُ الْإِزَارِ

7835- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي السَّائِبِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَكُونُ فِتْنَةٌ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا إِلَّا مَنْ أَحْيَاهُ اللَّهُ بِالْعِلْمِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فتنے ہوں گے اس زمانہ میں صبح کے وقت مؤمن ہوگا اور رات کو کافر سوائے اس کے جس کو اللہ عزوجل نے علم کے ساتھ زندہ کیا۔

الْوَلِيدُ بْنُ جَمِيلٍ الدِّمَشْقِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ

ولید بن جمیل دمشقی، قاسم سے روایت کرتے ہیں

7836- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا عَالِمٌ وَالْآخَرُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو آدمیوں کا ذکر کیا' ایک عالم اور ایک عبادت گزار اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عالم کی فضیلت عبادت گزار پر ایسے ہے جس طرح میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ پر ہے۔

7835- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 3954 من طريق آخر عن القاسم ـ وضعفه في الزوائد وفي هذا الاسناد عنعنة الوليد بن مسلم' وفي هشام كلام' فالحديث ضعيف ـ

عَابِدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِي عَلَى أَدْنَاكُمْ

7837- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو بْنِ الْخَلَّالِ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا، وَحَتَّى الْحُوتَ فِي الْبَحْرِ لَيُصَلُّونَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتے اور چیونٹیاں اپنے سوراخ میں یہاں تک کہ مچھلی پانی میں لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دینے والے پر رحمت بھیجتے ہیں۔

7838- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَحِمَ ذَبِيحَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو ذبیحہ پر رحم کرتا ہے اللہ اس پر قیامت کے دن رحم کرے گا۔

7837- ورواه الترمذي رقم الحديث: 2825، وقال حسن غريب صحيح . أما الحافظ الهيثمي . فقال في المجمع جلد 1 صفحه125، وفيه القاسم أبو عبد الرحمٰن وثقه البخاري وضعفه أحمد . هكذا في نسختنا من الترمذي حسن غريب صحيح، وفي بعض النسخ حسن غريب فقط . قال شيخنا في تخريج أحاديث المشكاة في التصحيح بعد لأن في كل من الوليد بن جميل وسلمة بن رجاء كلامًا، ثم ذكر له شواهد فراجعه .

7838- قال في المجمع جلد 4 صفحه33، ورجاله ثقات . ورواه البخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: 371، وتمام في الفوائد جلد 1 صفحه194، وسنده حسن كما قاله شيخنا في سلسلة الصحيحة رقم: 27 .

7839- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ مُنْبَطِحٍ عَلَى وَجْهِهِ، فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: قُمْ، فَإِنَّهَا نَوْمَةٌ جَهَنَّمِيَّةٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو چہرے کے بل سویا ہوا تھا' آپ نے اپنے پاؤں سے اُسے مارا اور فرمایا: اُٹھو! یہ جہنمیوں کے سونے کا طریقہ ہے۔

7840- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَحِمَ، وَلَوْ ذَبِيحَةَ عُصْفُورٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو رحم کرتا ہے اگرچہ چڑیا کے ذبح کرتے وقت تو اللہ اس پر قیامت کے دن رحم کرے گا۔

7841- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صدقات میں سے افضل یہ ہے کہ اللہ کی راہ خیمے کا سایہ دینا اور دودھ دینے والا جانور اللہ کی راہ میں دینا۔

7839- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 3725 قال في الزوائد الوليد بن جميل لينه أبو زرعة' وقال أبو حاتم: شيخ روى عن القاسم أحاديث منكرة' وقال أبو داؤد: ليس به بأس' وذكره ابن حبان في الثقات . وسلمة بن رجاء ويعقوب بن حميد مختلف فيهما .

7841- ورواه أحمد جلد 5صفحه269-270' وجد عبد الله في كتاب أبيه بخط يده' ويظن انه سمعه من الحكم . ورواه الترمذي رقم الحديث: 1677 من طريق يزيد بن هارون . وقال حسن صحيح . وهو حديث حسن كما تقدم من حال الوليد بن جميل وسلمة بن رجاء .

أَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ: ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ طَرُوقَةُ فَحْلٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

7842- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ صَلَاتَيْنِ، وَعَنْ صِيَامَيْنِ، وَعَنْ نِكَاحَيْنِ، وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ، وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو نمازیں' دو روزے' دو نکاح' دو لباس اور دو بیعیں کرنے سے منع کیا۔

7843- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ جَمِيلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَى اللَّهِ مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَأَثَرَيْنِ: قَطْرَةُ دُمُوعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ، وَقَطْرَةُ دَمٍ تُهَرَاقُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ .وَأَمَّا الْأَثَرَانِ: فَأَثَرٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَأَثَرٌ فِي فَرِيضَةٍ مِنْ فَرَائِضِ اللَّهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل دو قطرے اور دو اثر کو سب چیزوں سے زیادہ پسند کرتا ہے: ایک اللہ کے خوف سے نکلنے والے آنسو کا قطرہ اور ایک خون کا قطرہ جو اللہ کی راہ میں بہے اور دو اثر: ایک اثر اللہ کی راہ میں اور ایک اثر اللہ کے فرضوں میں ایک فرض ادا کرنے کے لیے۔

